ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

September 2018 Rs.60/-

شرف عطارد

محبان رسول صلی اللہ علیہ وسلم

دنیا ستاروں کی روشنی میں

برج میزان

سورۃ فاتحہ شریف

تسخیر الجن

مہورت

لکی نمبرز

مسائل کا نورانی حل

لوحِ شرف قمر	روزمرہ زندگی سے متعلق کسی بھی معاملہ کے فوری روحانی حل کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
لوحِ شرف شمس	عزت، شہرت، کامیابی، حکومت، سیاست، حصول عہدہ، اعلیٰ پوزیشن، نوکری میں استحکام اور ترقی، اولادِ نرینہ، سرکاری نوکری
لوحِ شرف عطارد	تعلیم، حافظہ اور زبان دانی، کاروبار تجارت اور رزق، نوکری، دماغی امراض، اندرون و بیرون ملک سفر
لوحِ شرف زہرہ	عوام و خواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، رجوع خلقت، شادی، خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے
لوحِ شرف مریخ	مخالفین پر غلبہ، دشمنوں کو شکست، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ صحت، قوت جسمانی اور مردانہ حیوانی طاقت۔
لوح شرف مشتری	مال و دولت، تجارت و کاروبار میں اضافہ، جائیداد، انعامی بانڈ، لاٹری، خاتمہ غربت مالی۔
لوحِ شرف زحل	جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں تو آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے۔ وراثتی جائیداد کا مسئلہ
لوح خوش قسمتی	جب مسائل کا کوئی حل نظر نہ آئے تو عمومی خوش قسمتی کے لیے واحد علاج، بہترین مثبت اثرات۔
لوح بدنظری	بچہ کا ایک دم دودھ یا پڑھائی چھوڑ دینا، کاموں نوکری کا اچانک خاتمہ یا خرابی، چلتے کاروبار کی بندش، اچانک بیماری کا جکڑ لینا، بھوک کا خاتمہ، مرتبہ سے بلاوجہ گرنا۔
زعفرانی نقوش	بیماری چاہے کوئی بھی ہو اور کتنی پرانی یا موذی کیوں نہ ہو، ایک کورس اپنا اثر دیکھائے گا۔
طلسم تسخیر و حاجت	رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو سحر سے حفاظت، حفظ و امان یا کسی بھی مطلب و مقصد کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔
لوح نورانی و کبیر	حروف نورانی کی یہ لوح نوکری، روزگار، بزنس، اولاد، سفر، خوش قسمتی، صحت تندرستی، تعلیم حافظہ عقل و دانش، روحانیات، ردسحر، تحفظ یا جو بھی کوئی اور نیک مقصد ہو اس کے لیے موثر۔
لوح زچگی	زچہ و بچہ کی حفاظت، ان کو سحر، جادو، ٹونا اور ہر قسم کے سحری اور جسمانی نقائص اور اثرات سے حفاظت۔

ماھنامہ
راھنمائے عملیات
لاھور

سرپرست
خالد اسحاق راٹھور ایم اے ہسٹری

ایڈیٹر
عبدالباسط راٹھور

سب ایڈیٹر
عبدالحی راٹھور

قیمت
راھنمائے عملیات -/60 فی شمارہ
راھنمائے عملیات (12 شمارہ) -/850 زرسالانہ
راھنمائے عملیات (12 شمارہ) -/55 ڈالرز زرسالانہ (بیرون ملک)
خالد روحانی جنتری -/250
خالد ہندی جنتری -/250

جملہ حقوق
جملہ حقوق بحق خالد روحانی جنتری، خالد ہندی جنتری اور راھنمائے عملیات محفوظ ہیں۔ کسی بھی جریدہ میں شائع شدہ تحریر کو ادارہ کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔ ایسا کرنے پر کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت کاروائی کا حق ادارہ کو حاصل ہے۔

ویب سائٹ
www.khalidrathore.com

ای میل
kirathor@yahoo.com

فیس بک
Rehnuma-e-amliyat
Eastern Artist

دفتری اوقات کار
صبح 11:00 تا شام 06:00 تک
تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

فون نمبرز
0300-8442060
0321-4753240
0300-4783518
042-36293245
042-36374864

ترسیل زر:
آن لائن بنک اکاونٹ
A/C # 05570017139203
Khalid Ishaq Rathore, Habib Bank Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan.

بیرون ملک
Western Union, Xpress money, Ria

منی آرڈر
خالد اسحاق راٹھور، راٹھور مینشن، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور، پاکستان۔

ایزی پیسہ
عبدالباسط راٹھور
Account & Phone No.
03464387683

عبدالحی راٹھور
Account & Phone No.
03464387682

موبی کیش
Account & Phone No.
03008442060

فہرست مضامین

محبان رسول ﷺ	3
دنیا ستاروں کی روشنی میں	6
عملیاتی، روحانی وظائف و اعمال	8
خالد روحانی جنتری ستمبر 2018	10
کونسی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟	11
شرف عطارد	12
زحل در حدی اور مشتری در قوس	16
آپ کا ماہ کیسا گزرے گا؟	20
مجموعہ اعمال مجربہ سورہ فاتحہ شریف	30
برج میزان	41
تسخیر الجن	43
دشمن کی ہلاکت	44
لکی نمبرز	48
آئیں دماغ لڑائیں	49
کرشماتی نمبرز	49
مقدر کا سکندر	50
مہورت	51
آج کا دن کیسا گزرے گا؟	54

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 22 شمارہ 7

خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور

آپ کا زائچہ کیا کہتا ہے؟

ایک بہترین اور راہنماء نجومی رپورٹ

ہماری یہ نجومی رپورٹ اس بات کو مدنظر رکھ کر بنائی گئی ہے کہ آپ کم سے کم رقم خرچ کر کے زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کر سکیں۔ یہ رپورٹ اپنے اندر کیا کچھ لیے ہوتی ہے اس کا مکمل اظہار کے لیے ذیل میں مختصر طور پر اُن معاملات کو بیان کیا گیا ہے جو اس رپورٹ میں زیر بحث آئیں گے۔ یہ رپورٹ آپ صرف اپنے لیے ہی نہیں' اپنے بچوں اور اپنے عزیز و اقارب کے لیے بھی بنوا سکتے ہیں۔ بالیقین یہ ایک جامع' دلچسپ اور فائدہ مند رپورٹ ثابت ہوگی۔

1 آپ کا مزاج و کردار
2 زندگی میں خوشیوں اور تکمیل خواہشات
3 محبت و رومانس کے معاملات
4 دلچسپیاں اور مشاغل
5 معاملات صحت
6 مالی و مادی معاملات
7 آپ کی زندگی اور طریق زندگی
8 کیریئر/ معاشی معاملات
9 روزگار کے معاملات
10 آپ کا ذاتی برج
11 آپ کا ذاتی ستارہ
12 خوش قسمتی کا پتھر/ جواہر
13 خوش قسمت دن
14 خوش قسمت رنگ
15 خوش قسمت دھات
16 خوش قسمت عدد/ نمبر
17 حاجات و مسائل کے حل کے لیے اسم الٰہی
18 کواکب کا شرف و ہبوط اور سعد و نحس کا بیان
19 رد بلا کے صدقہ اور اوقات
20 قمری لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ
21 شمسی لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ
22 طالع کے لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ
23 پیدائشی زائچہ بمعہ وابکی نظرات' کواکب در گھر' کوکب در بروج' کواکبی درجات' طالع عاشر اور دیگر تکنیکی معلومات۔

زندگی کے 23 اہم اُمور

پر دلچسپ اور طاقت ور احکام لیے ایک خصوصی رپورٹ

رسول محبان صلی اللہ علیہ وسلم

جناب عاصم رضی اللہ عنہ بن ثابت

ان صفحات کو ان محبان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص کیا گیا جن کی زندگی نبی اکرم ﷺ کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کے لیے بسر ہوئی۔

میدان احد میں جناب رسول اللہ ﷺ (فداہ ابی وامی) سے مقابلہ کے لیے قریش بہت بڑی جماعت کے ساتھ مکہ سے آئے تھے۔ جس میں سردار و غلام بھی شامل تھے۔ فوج کے ہمراہ خواتین بھی تھیں جن میں ابوسفیان کی زوجہ ہند بنت عتبہ، عمر بن عاص کی بیوی ریطہ بنت منبہ اور سلافہ بنت سعد خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ سلافہ بنت سعد کے ساتھ اس کا شوہر طلحہ اور اس کے تینوں بیٹے مسافع، جلاس اور کلاب بھی تھے۔

کوہ احد کے پاس جب دونوں فوجیں باہم متصادم ہوئیں اور جنگ کی آگ بھڑک اٹھی تو ہند بنت عتبہ اور اس کے ساتھ کی عورتیں انھیں اور صفوں کے پیچھے جا کھڑی ہوئیں۔ وہ اپنے ہاتھوں میں دف تھامے انہیں بجا بجا کر گا رہی تھیں۔

''اگر تم دشمن سے جنگ کے لیے آگے بڑھو گے تو ہم تمہیں گلے لگائیں گی اور تمہارے لیے آرام دہ بستر بچھائیں گی، لیکن اگر تم نے پیٹھ پھیر لی تو ہم نفرت وحقارت کے ساتھ تمہیں چھوڑ دیں گی'' (۱)۔

پھر جنگ کا ہنگامہ شروع ہوا اور اس میں قریش کو مسلمانوں پر فتح حاصل ہوئی تو قریشی عورتیں جو نشہ فتح و کامرانی میں چور تھیں، اٹھ کھڑی ہوئیں۔ زیر لب گنگناتی ہوئی مسلمان شہداء کی لاشوں کو انہماک کے ساتھ تلاش کرتیں اور انہیں بری طرح مسخ کرتی تھیں۔ ان میں سے ایک کی آتش غیظ وغضب اس کے بعد بھی سرد نہ ہوئی تو اس نے ان کٹے ہوئے اعضاء سے ہار اور پازیب بنا کر انہیں اپنے گلے اور پاؤں کی زینت بنالیا۔ یہ سب کچھ اس نے اپنے باپ بھائی اور چچا کے انتقام میں کیا جو جنگ بدر میں قتل کیے گئے تھے۔ مگر سلافہ بنت سعد کی شان اس کے ساتھ کی ان خواتین سے بالکل مختلف تھی۔ وہ نہایت اضطراب و بے چینی کی کیفیت میں مبتلا تھی اور انتہائی بے قراری کے ساتھ اپنے شوہر یا تینوں لڑکوں میں سے کسی ایک کی آمد کی منتظر تھی تا کہ اس کے ذریعے سے دوسروں کی خیریت معلوم کر سکے اور پھر وہ بھی دوسری عورتوں کے ساتھ مل کر جشن فتح منائے۔ لیکن اس کے انتظار کی یہ گھڑیاں طویل سے طویل تر ہوتی چلی گئیں، آخر کار وہ میدان جنگ میں گھس گئی۔ اچانک اس کی نگاہ اپنے شوہر کے جسد بے روح پر پڑی جو اپنے خون میں لت پت زمین پر پڑا تھا۔ وہ کسی خوف زدہ شیرنی کی طرح پورے میدان میں تیزی سے ادھر ادھر دوڑنے لگی۔ وہ اپنے بیٹوں مسافع، کلاب اور جلاس کی تلاش میں ہر سمت میں اپنی نظریں دوڑاتی رہی اور آخر کار انہیں دیکھ ہی لیا۔ وہ کوہ احد کی تلی میں زمین پر پڑے ہوئے تھے۔ ان میں سے مسافع اور کلاب تو اپنا سفر حیات ختم کر چکے تھے، البتہ جلاس کو اس نے اس حال میں پایا کہ اس کی زندگی کے آخری سانس ابھی باقی تھے، سلافہ اپنے بیٹے کے اوپر جھک گئی جو سکرات موت سے نبرد آزما تھا۔ اس نے جلاس کا سر اپنی گود میں رکھ لیا اور اس کے منہ اور پیشانی سے خون صاف کرنے لگی۔ اس غم انگیز منظر کی ہولناکی سے آنسو اس کی آنکھوں سے خشک ہو چکے تھے۔ وہ جلاس کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہوئی بولی ''میرے لال! کس نے تجھے پچھاڑا ہے؟''

> **جناب عاصم رضی اللہ عنہ بن ثابت**
>
> رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا **هكذا الحرب من قاتل فليقاتل كما يقاتل عاصم بن ثابت** ''یہ ہے جنگ کا صحیح طریقہ۔ جس کو قتل کرنا ہو وہ عاصم بن ثابت کی طرح قتال کرے''۔

جلاس جواب دینا چاہتا تھا لیکن عالم نزاع کی خرخراہٹ اس کے آڑے آ گئی اور وہ کوئی جواب نہ دے سکا۔ سلافہ نے بار بار اور اصرار کے ساتھ پوچھا تو اس نے بہ مشکل صرف اتنا کہا ''مجھے عاصم بن ثابت نے پچھاڑا ہے اور میرے بھائی مسافع کو بھی اور.....'' اور جملہ پورا کرنے سے پہلے ہی اس نے آخری ہچکی لی اور اس کا جسم بے جان ہو گیا۔

سلافہ بنت سعد اس صورت حال کو دیکھ کر دیوانی ہو گئی۔ وہ بھی آواز بلند چیخ چیخ کر رونے لگی اور اس نے لات وعزت کی قسم کھا کر کہا ''جب تک قریش اس کے لیے عاصم بن ثابتؓ سے انتقام نہ لے لیں اور اس کو شراب پینے کے لیے عاصم کی کھوپڑی نہ دے دیں، نہ اس کی بے قراری کی قرار کو قرار نصیب ہوگا نہ اس کی آنکھوں سے آنسو خشک ہوں گے''۔ پھر اس نے

الاقوال المرضیۃ فی معرفۃ الاعمال الرملیہ

علم رمل پر ایک لاجواب کتاب ہے جسے محمد الزناتی الفکی نے تحریر کیا۔ راھنور پبلشرز کے زیر اہتمام علم رمل کے موضوع پر اس کتاب کا عربی سے اردو میں ترجمہ شائع کیا گیا ہے۔ ایک طویل عرصے کے بعد شائقین رمل کے سامنے نئے امور آئے ہیں۔ ورنہ ان کو پرانی کتابوں سے نقل شدہ مضامین ہی پڑھنے کو ملتے تھے۔

نذر مانی کہ ''جو شخص عاصم بن ثابت کو زندہ گرفتار کر کے لائے گا یا قتل کر کے اس کا سر پیش کرے گا وہ اسے مالا مال کر دے گی''۔

جنگ احد کے خاتمہ کے بعد مسلمان مدینہ لوٹ آئے۔ وہ جنگ اور اس میں پیش آنے والے واقعات کا آپس میں ذکر کرتے، ان بہادروں کے لیے اظہار ہمدردی وغم گساری کرتے جو جنگ میں جام شہادت نوش کر چکے تھے اور ان لوگوں کے حق میں تعریفی کلمات کہتے جنہوں نے غیر معمولی جرات وشجاعت کا مظاہرہ کیا اور شمشیر زنی کے جوہر دکھائے۔ وہ خاص طور سے جناب عاصم بن ثابتؓ کا تذکرہ کرتے اور اس بات پر اظہار حیرت کرتے کہ ''ان کے لیے کس طرح یہ ممکن ہوا کہ انہوں نے ایک ہی گھر کے تین حقیقی بھائیوں کو خاک وخون میں لٹایا اور ان کے علاوہ بھی کئی ایک کو موت کے گھاٹ اتارا''۔

یہ سن کر انہیں میں سے کسی نے کہا ''اس میں حیرت کی کون سی بات ہے؟ کیا آپ لوگوں کو یہ بات یاد نہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے جنگ بدر سے کچھ پہلے ہم لوگوں سے دریافت فرمایا تھا کہ ''تم لوگ قتال کس طرح کرو گے؟'' تو اس وقت عاصم بن ثابتؓ نے کمان ہاتھ میں لیتے ہوئے کہا تھا ''جب دشمن ہم سے سو ہاتھ کے فاصلے پر ہوگا تو ہم تیر اندازی سے کام لیں گے، اور جب وہ قریب آ جائیں گے اور ہمارے نیزوں کی پہنچ کے دائرے میں ہوں گے تو نیزا بازی ہوگی حتی کہ نیزے ٹوٹ جائیں گے، اور جب نیزے ٹوٹ جائیں گے تو ہم انہیں پھینک کر اپنی تلواریں بے نیام کر لیں گے اور پھر شمشیر زنی کے ہاتھ دکھائیں گے''۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا ہکذالحرب من قاتل فلیقاتل کما یقاتل عاصم بن ثابت ''یہ ہے جنگ کا صحیح طریقہ۔ جس کو قتل کرنا ہو وہ عاصم بن ثابت کی طرح قتال کرے''۔

جنگ احد کے کچھ دنوں بعد رسول اللہ ﷺ نے ایک خاص مہم پر بھیجنے کے لیے چھ صحابہ کرامؓ کو طلب فرمایا اور جناب عاصم بن ثابتؓ کو ان کا امیر مقرر کیا۔ یہ جماعت مکہ کے قریب ایک راستہ سے گزر رہے تھے کہ قبیلہ بنو ہذیل کے کچھ لوگوں کو ان کی خبر ہوگئی اور وہ تیزی کے ساتھ ان کی طرف دوڑ پڑے اور انہیں چاروں طرف سے گھیر لیا۔ جناب عاصمؓ اور ساتھیوں نے انہیں دیکھ کر اپنی تلواریں سونت لیں اور محاصرین سے لڑنے کے لیے تیار ہو گئے۔ بنو ہذیل نے کہا کہ ''تم لوگ ہم سے مقابلہ نہیں کر سکو گے اور نہ ہم سے لڑ کر اپنی جانیں بچا سکوں گے۔ تمہارے حق میں یہی بہتر ہے کہ تم اپنے ہتھیار رکھ دو۔ واللہ! ہم تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچائے گے، ہم اپنے اس عہدہ میں اللہ کو گواہ بناتے ہیں''۔

اصحاب رسول ﷺ نے یہ سن کر ایک دوسرے کی طرف مشورہ طلب نظروں سے دیکھا۔ تب جناب عاصمؓ نے اپنے ساتھیوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا ''اللہ کی قسم! میں تو کسی مشرک کے عہد و پیمان پر اعتماد کر کے خود کو اس کے حوالے نہیں کر سکتا''۔ پھر انہوں نے دل ہی دل میں سلافہ بنت سعد کی نذر کو یاد کیا اور یہ کہتے ہوئے تلوار سونت لی ''اے اللہ میں تیرے دین کی حمایت میں کھڑا ہوں اور اس کی طرف سے مدافعت کر رہا ہوں۔ اے اللہ! میرے گوشت اور ہڈی کو اللہ کے دشمنوں سے محفوظ رکھنا اور ان پر کسی کو قابو نہ دینا''۔

پھر وہ بنو ہذیل پر ٹوٹ پڑے۔ اس حملے میں ان کے دو ساتھیوں نے ان کا ساتھ دیا۔ یہ لوگ دشمن سے برابر لڑتے رہے اور ایک ایک کر کے تینوں

عطر گلاب

تازگی، تھکاوٹ اتارنے، خون کی فراوانی روکنے کے لیے، معدے اور جگر کے امراض کے لیے مفید، جلد کی حفاظت و بہتری، آنکھوں کے لیے مفید، وبائی امراض سے حفاظت، زخموں کو بھرنے، حافظے کی بہتری، غصے کو قابو میں رکھنے، خواتین کے امراض میں مفید۔

شہید ہو گئے۔ ان کے باقی ساتھیوں نے اپنے آپ کو دشمنوں کے حوالے کر دیا لیکن انہوں نے اپنے عہد و پیمان کو پورا نہ کیا اور ان کے ساتھ بدترین قسم کی غداری اور بدعہدی کے ساتھ پیش آئے۔

ہذیل والوں کو پہلے یہ بات معلوم نہ تھی کہ ان کے ہاتھوں قتل ہونے والوں میں سے ایک عاصم بن ثابتؓ بھی ہیں۔ بعد میں جب ان کو یہ بات معلوم ہوئی تو وہ بہت خوش ہوئے اور انہیں اس بات کا یقین ہو گیا کہ اس کے بدلہ میں وہ ایک بڑا انعام حاصل کرنے میں ضرور کامیاب ہو جائیں گے کیونکہ سلافہ بنت سعد نے یہ نذر مانی تھی کہ اگر وہ عاصم بن ثابت پر قابو پا جائے گی تو اس کے کاسۂ سر میں شراب پیے گی اور اس نے عاصم کو زندہ یا مردہ کسی حالت میں اپنے سامنے پیش کرنے والے کو منہ مانگا انعام دینے کا اعلان کیا تھا۔

جناب عاصم بن ثابت کی شہادت کے چند گھنٹوں کے اندر اندر قریش کو اس کی اطلاع ہو گئی۔ کیونکہ ہذیل کا قبیلہ مکہ کے قریب ہی آباد تھا۔ یہ خبر ملتے ہی سرداران قریش نے قاتلین عاصم کے پاس ان کا سر لانے کے لیے ایک قاصد بھیجا تا کہ سلافہ بنت سعد کی آتش انتقام کو فرو کر سکیں۔ انہوں نے چلتے ہوئے قاصد کو ایک بڑی رقم دیتے ہوئے اس اسے بات کی تاکید کی تھی کہ وہ بے دریغ مال خرچ کر کے ہر قیمت پر بنو ہذیل سے عاصم بن ثابتؓ کا سر حاصل کر لے۔

بنو ہذیل جب جناب عاصمؓ کا سر جسم سے جدا کرنے کے لیے ان کی لاش کے پاس پہنچے تو یکا یک وہ شہد کی مکھیوں اور بھڑوں کے ایک جھنڈ کا سامنا کر رہے تھے۔ جو ہر طرف سے اس کو اپنے گھیرے میں لیے ہوئے تھیں۔ یہ لوگ جب بھی لاش کے قریب آنے کی کوشش کرتے وہ مکھیاں اور بھڑیں اڑ کر ان کے چہروں، آنکھوں اور جسم کے مختلف حصوں پر ڈنگ مارتی اور انہیں وہاں سے دور بھاگ جانے پر مجبور کر دیتیں۔ کئی بار کی پیہم کوشش کے باوجود جب وہ لوگ اس لاش کے قریب پہنچنے سے مایوس ہو گئے تو انہوں نے آپس میں کہا کہ فی الحال اسے یوں ہی چھوڑ دو اور رات کا اندھیرا پھیل جانے دو۔ رات کی تاریکی میں یہ بھیڑیں خود ہی اس کو چھوڑ کر چلی جائیں گی اور اس وقت ہم با آسانی اپنا مقصد حاصل کر لیں گے۔ چنانچہ وہ کچھ فاصلے پر بیٹھ کر شب کی آمد کا انتظار کرنے لگے۔

انتظار ابھی ختم نہیں ہوا تھا اور رات کی آمد میں ابھی دیر تھی کہ دیکھتے دیکھتے آسمان پر گھنگھور گھٹاؤں کی دبیز چادر تن گئی، فضا گہری تاریکی میں ڈوب گئی اور ماحول بجلی کی زوردار اور پیہم گرج سے لرزنے لگا، اور پھر موسلا دھار بارش کا سلسلہ کچھ اس طرح شروع ہو گیا جیسے آسمان کے بند ٹوٹ گئے ہوں۔

نالوں میں پانی تیزی کے ساتھ بہنے لگا، وادیاں اور گھاٹیاں سب جل تھل ہو گئیں اور پانی کا ریلا سیل عرم کی طرح زمین پر پڑی ہوئی ہر چیز کو اپنے ساتھ بہائے لیے چلا گیا"۔

صبح کو بنو ہذیل جناب عاصمؓ کی لاش کو ہر طرف ڈھونڈتے پھر رہے تھے مگر انہیں اس کا کوئی سراغ نہیں ملا۔ سیلاب کی موجیں اسے دور بہت دور نہ جانے کہاں بہا کر لے گئیں اور اس طرح اللہ تعالی نے جناب عاصم بن ثابتؓ کی دعا کو شرف قبولیت سے نواز اور ان کے جسد اطہر کو مسخ ہونے سے بچا لیا اور ان کے سر مبارک کو اس بات سے محفوظ رکھا کہ ان کی کھوپڑی میں شراب پی جائے اور اس نے مشرکوں کو مسلمانوں پر غالب آنے کی تمام راہیں مسدود کر دیں (۲)۔

حوالہ جات

(۱) سیرت النبی ﷺ مولفہ امام ابن کثیر مجلہ ۲: ۳۲۔ سیرت ہشام صفحہ ۳۷۱۔ (۲) سیرت ابن ہشام صفحہ ۴۰۰ (۳) یہ واقع رجیع کہلاتا ہے۔ تفصیلات صحیح بخاری، کتاب المغازی، حدیث ۴۰۸۶، سیرت ابن ہشام، صفحہ ۴۴۰۔

اعمال مخفیہ تسخیر ہمزاد و حاضرات

یہ کتاب دراصل تین درج ذیل کتب کا مجموعہ ہے۔ (1۔لوح ہمزاد، 2۔طریقہ و دعوت اعمال سورۃ الشمس شریف، 3۔اعمال مخفیہ)۔ پہلی دو کتب قدیمی ہیں اور اب نایاب ہیں۔ جبکہ تیسری کتاب جس کا عنوان "اعمال مخفیہ" ہے بالکل نئے اور منفرد مواد پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں ہمزاد، تسخیر کواکب، تسخیر جنات، زکوٰۃ حروف صوامت، عملیات و حاضرات سورۃ کوثر اور دیگر ایسے لاجواب عمل ہیں۔ یہ تمام اعمال ایسے ہیں جن کے مستند اور مجرب ہونے میں کوئی شک یا ابہام نہیں ہونا چاہیے۔ ان کو اپنے استعمال میں لائیں اور ان سے مستفید ہوں۔

از: عبدالباسط راٹھور

دنیا ستاروں کی روشنی میں

ملکی اور بین الاقوامی حالات [redacted] سٹاک مارکیٹ کا جائزہ

پاکستان

ملک کے لیے مجموعی طور پر بہتر وقت کی شروعات ہو رہی ہے۔ ترقیاتی کاموں میں تیزی آئے گی۔ طب کے شعبے میں حکومت خصوصی دلچسپی لے گی۔ عوام کے لیے بہتر علاج کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کام ہوگا۔ نومولود میں بیماریوں کی شرح بڑھے گی۔ نیز نومولود کی اموات میں بھی اضافہ ہوگا۔ ملک میں بے روزگاری کی شرح میں نسبتاً کمی آئے گی۔ مزدور طبقہ کے حقوق کا خیال رکھا جائے گا۔

دوسرے ممالک کے ساتھ بہتر تعلقات پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ اور اس حوالے سے کامیابیاں ملنے کی بھی توقع ہے۔ تجارتی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ نیز ملک میں سرمایہ کاری میں اضافہ ہوگا۔ بڑے بڑے منصوبوں کے حوالے سے دوسرے ممالک کے ساتھ معاہدے طے پائیں گے۔ البتہ ہمسایہ ممالک کی ملک کے اندر غیر قانونی مداخلت اور ملک کے خلاف ہونے والی سازشوں میں اضافہ ہوگا۔

ملک میں قانون کا نظام بہتر ہونے کی بجائے مزید خراب ہوتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ لوگوں کو انصاف کی فراہمی ایک مشکل امر نظر آتا ہے۔ عوام میں بے یقینی کی کیفیت بڑھے گی۔

فصلوں کی پیداوار بڑھیں گے۔ برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ ملک میں پانی کے مسائل کو حل کرنے کی طرف خصوصی توجہ دی جائے گی۔

اسٹاک مارکیٹ

اونچ نیچ کے ساتھ مجموعی طور پر تیزی کا رجحان رہے گا۔

مالیاتی ادارے

ماہ کی شروعات قدرے تیزی سے ہوگی۔ مگر اس کے بعد اونچ نیچ کے ساتھ مندی کا رجحان دیکھنے کو ملے گا۔

آئل اینڈ گیس سیکٹر

اس سیکٹر میں مجموعی طور پر تیزی کا رجحان رہے گا۔

انرجی سیکٹر

ماہ کی شروعات قدرے تیزی سے ہوگی۔ البتہ آخری دو عشروں میں مجموعی طور پر مندی کا رجحان رہے گا۔



فوڈ سیکٹر

پہلے دو عشرے مجموعی طور پر تیزی کو ظاہر کر رہے ہیں۔ آخری عشرہ میں ملا جلا رجحان رہے گا۔

ٹیلی کام سیکٹر

پہلا عشرہ ملے جلے رجحان کو ظاہر کر رہا ہے۔ دوسرے عشرہ میں تیزی کا رجحان رہے گا۔ آخری عشرہ میں اونچ نیچ کے ساتھ مندی دیکھنے کو ملے گی۔

سیمنٹ سیکٹر

ماہ کی شروعات میں قدرے اتار چڑھاؤ زیادہ ہوگا۔ مگر مجموعی طور پر تیزی کا رجحان دیکھنے کو ملے گا۔

بین الاقوامی حالات

امریکہ

معاشی لحاظ سے ایک بہتر وقت کی شروعات ہو رہی ہے۔ معیشت مزید مضبوط ہوگی۔ انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ ملک میں بے روزگاری کی شرح میں کمی آئے گی۔

فصلوں کی پیداوار بڑھانے اور اس میں جدت لانے کے حوالے سے مزید کامیابیاں ملنے کی توقع ہے۔ دوسرے ممالک کے ساتھ تنازعات حل کرنے کی مثبت کوششیں کی جائیں گی۔ البتہ بعض ممالک کے خلاف سخت لائحہ عمل تیار ہوتا ہوا نظر آتا ہے۔ خصوصاً ایران کے خلاف۔

برطانیہ

ملک میں زراعت کے شعبے میں ترقی ہوتی ہوئی نظر آئے گی۔ طب کے شعبے میں مزید کامیابیاں ملنے کی توقع ہے۔ معاشی حوالے سے بہت اچھا وقت نہیں۔ اسٹاک مارکیٹ میں بھی قدرے مندی کا رجحان رہے گا۔ بعض ممالک کے ساتھ تعلقات خراب ہونے کی توقع ہے۔ البتہ ہمسایہ ممالک کے ساتھ تجارتی سرگرمیاں بڑھتی اور روابط بہتر ہوئے نظر آتے ہیں۔

چین

چین کے لیے ایک بہتر وقت کی شروعات ہو رہی ہے۔ معاشی لحاظ سے پیدا کی جانے والی رکاوٹیں اور معیشت کے گرتے ہوئے گراف کو بہتر بنانے کا وقت آ گیا ہے۔ ملک کے معاشی حالات میں بہتری آئے گی۔ تجارتی سرگرمیاں بڑھیں گی۔ تجارتی تنازعات بہتر طریقے سے حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

ملک میں عدلیہ کے نظام میں بہتری لائی جائے گی۔ ملک میں انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ وقتی طور پر تنازعات پیدا ہو سکتے ہیں۔ البتہ دوست ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات میں بہتری آئے گی۔ نیز دوست ممالک میں سرمایہ کاری بڑھے گی۔

انڈیا

دوسرے ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات بڑھیں گے۔ ملک میں سرمایہ کاری بڑھے گی۔ فصلوں کی پیداوار بڑھنے کے ساتھ ساتھ برآمدات میں بھی اضافہ ہوگا۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ وقتی طور پر کشیدگیاں ختم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ مگر ہمسایہ ممالک کے خلاف خفیہ سازشوں میں اضافہ ہوگا۔ نومولود میں بیماریوں اور شرح اموات میں اضافہ ہوگا۔ مردوں میں صحت کے مسائل بڑھیں گے۔

ایران

ہمسایہ ممالک کے ساتھ تجارت کو فروغ دینے پر زور دیا جائے گا۔ امریکہ کے ساتھ جاری تنازعات مزید خراب صورتحال اختیار کرنے کی توقع ہے۔ ملک میں زرعی پیداوار امید کے مطابق نہ ہوگی۔ فصلوں کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ عوام میں سیر و تفریح اور جدت کی طرف رجحان بڑھے گا۔ ملک میں بے حیائی اور پردہ کے خلاف اٹھنے والی آوازوں میں اضافہ ہوتا ہوا نظر آئے گا۔

افغانستان

معاشی لحاظ سے ایک بہتر وقت ہے۔ ملک ترقی کرے گا۔ حکومت مضبوط ہوگی۔ لوگ معاشی اعتبار سے بہتر ہوں گے۔ مگر شدت پسندوں کی طرف سے ہونے والے حملوں میں بھی اضافہ کا خدشہ ہے۔

ملک میں صحت کے مسائل بڑھتے ہوئے معلوم ہوں گے۔ مگر اس کی طرف کوئی خاطر خواہ توجہ نہ دی جائے گی اور نہ ہی کوئی بڑے اور اہم اقدامات اس حوالے سے لیے جائیں گے۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ تنازعات کو ختم کرنے اور تجارت بڑھانے کے حوالے سے مثبت انداز میں پیش رفت ہوگی۔

جاپان

آئندہ آنے والا وقت ملک کے لیے معاشی اعتبار سے ایک بہتر وقت کی شروعات کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ ملکی معیشت مزید مضبوط ہوگی۔ ٹیکنالوجی کی دوڑ میں مزید کامیابیاں ملیں گی۔ ملکی برآمدات میں بھی اضافہ ہوگا۔ صنعت و تجارت میں ترقی آئے گی۔ البتہ فصلوں کی پیداوار کے حوالے سے کوئی بہتری آتی ہوئی دکھائی نہیں دیتی۔

☆☆☆☆

مقناطیس القلوب

نام ہی ظاہر کر رہا ہے کہ یہ کتاب دلوں کو ملانے اور مسخر کرنے کے امورات سے متعلق ہے۔ اس نام سے کئی کتب آپ کو مل جاتی ہیں لیکن اصل کتاب اب آپ کی دسترس میں ہے۔ اعمال محبت تسخیر، مسخر حب اور ایسے امور پر مختلف اور متفرق امورات کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ یہ کتاب صرف عملیاتی حوالے سے یہ کتاب بحث نہیں کرتی بلکہ نجوم اور حسابی امور کو بھی زیر بحث لاتی ہے۔ سو وہ جو اس موضوع پر ایک جامع، مکمل اور مستند کتاب کی تلاش میں ہیں ضرور مقناطیس القلوب کا مطالعہ کریں، قوی توقع ہے کہ آپ اس سے فائدہ اٹھائیں گے اور یہ کتاب بالیقین آپ کے علم میں اضافے اور مقناطیسی طاقت میں اضافے کا باعث ہوگی۔

حوالہ نمبر: 63

اس ماہ کے خاص

عملیاتی روحانی وظائف و اعمال

تحریر: عبدالباسط راٹھور

نظرات کواکب پر مضامین کا ایک خاص سلسلہ

نظر بد کا علاج

شمس تثلیث پلوٹو

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	10-09-18	11-09-18	12-09-18
وقت	20:01	20:27	20:53

کسی کی بری نظر لگ جانا ایک ایسی حقیقت ہے جس سے کوئی بھی مسلمان شخص انکار نہیں کر سکتا۔ نظر کسی بھی شخص کو لگ سکتی ہے۔ مگر اس میں یہ پتا نہیں ہوتا کہ کس انسان کی بدنظری کا ہم شکار ہوئے ہیں۔ لہذا اس سے بچاؤ اور علاج کے لیے ایک تجربہ شدہ عمل تحریر کر رہا ہوں۔

عبارت عمل:۔

اللھم اذھب عنہ حرھا و بردھا و وصبھا

اے اللہ! نظر بد کی گرمی اور اس کی ٹھنڈک اور اس کی تکلیف کو دور فرما۔

آبی نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم اذھب عنہ حرھا و بردھا و وصبھا

۳۷۷	۳۶۴	۳۷۱	۳۷۴
۳۷۰	۳۷۵	۳۷۶	۳۶۵
۳۷۲	۳۶۹	۳۶۶	۳۷۹
۳۶۷	۳۷۸	۳۷۳	۳۶۸

اللھم اذھب عنہ حرھا و بردھا و وصبھا

بادی نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم اذھب عنہ حرھا و بردھا و وصبھا

۳۷۷	۳۶۴	۳۷۱	۳۷۴
۳۷۰	۳۷۵	۳۷۶	۳۶۵
۳۷۲	۳۶۹	۳۶۶	۳۷۹
۳۶۷	۳۷۸	۳۷۳	۳۶۸

اللھم اذھب عنہ حرھا و بردھا و وصبھا

اگر مریض کو نظر لگ چکی ہے تو اسے پہلے تین نقش آبی چال سے تیار کر کے پینے کے لیے دیں۔ ایک نقش 3 دن استعمال کریں۔ نقش پینے کے بعد بادی چال سے لکھے گئے نقش کو پہننے کے لیے دیں۔ دم کرنے کے لیے بھی اسی آیت کا استعمال مفید ہے۔ مریض کے سینے پر ہاتھ رکھ کر 11 دفعہ آیت کا ورد کریں۔ اگر نظر نہیں لگی ہوئی اور صرف حفاظت کے لیے نقش دینا مقصود ہو تو صرف بادی چال سے نقش تیار کر کے دیں۔

بخور:۔

عطر شمس اور اگر بتی رد سحر کا استعمال کریں۔

صدقہ:۔

مرغا یا بکرا حسب توفیق ذبح کروا کر صدقہ کریں۔

اعصابی طاقت کے لیے

شرف عطارد

	ابتداء شرف عطارد	اختتام شرف عطارد
تاریخ	13-09-18	14-09-18
وقت	19:06:40	07:42:38

اعصابی کمزوری کو دور کرنے کے لیے اس دفعہ آپ کے لیے مجرب عمل پیش کیا جارہا ہے۔ عموماً بہت سی دیگر بیماریوں کی وجہ سے یا ذہنی بے سکونی کی وجہ سے بھی انسان اعصابی کمزوری کا شکار ہو جاتا ہے۔ بہرحال وجہ جو بھی ہو۔ آپ اس عمل سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

اسماء الحسنٰی:۔

یا اللہ یا سلام یا اول یاحی یا قیوم

بادی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا سلام یا اول یاحی یا قیوم

۴۱۴	۴۰۰	۴۰۷	۴۱۱
۴۰۶	۴۱۲	۴۱۳	۴۰۱
۴۰۹	۴۰۵	۴۰۲	۴۱۶
۴۰۳	۴۱۵	۴۱۰	۴۰۴

یا اللہ یا سلام یا اول یاحی یا قیوم

خاکی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا سلام یا اول یاحی یا قیوم

۴۰۷	۴۱۱	۴۱۴	۴۰۰
۴۱۳	۴۰۱	۴۰۶	۴۱۲
۴۰۲	۴۱۶	۴۰۹	۴۰۵
۴۱۰	۴۰۴	۴۰۳	۴۱۵

یا اللہ یا سلام یا اول یاحی یا قیوم

آبی نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ یا سلام یا اول یاحی یا قیوم

۴۱۱	۴۰۷	۴۰۰	۴۱۴

۴۰۱	۴۱۳	۴۱۲	۴۰۶
۴۱۶	۴۰۲	۴۰۵	۴۰۹
۴۰۴	۴۱۰	۴۱۵	۴۰۳

یا اللہ یا سلام یا اول یاحی یا قیوم

بادی چال والے نقش کو مریض کو پہننے کے لیے دیں۔ آبی چال سے 3 عدد نقش تیار کریں۔ ہر نقش 7 دن پینے کے لیے دیں۔ خاکی چال سے تیار کیے گئے نقش کو زمین میں اس طرح دفنائیں۔ (مریض کا استعمال شدہ کپڑا لے کر اس میں سوا کلو بڑا گوشت اور نقش رکھ کر دفنائیں)۔

اس عمل کو شروع کریں تو مریض کے تمام وظائف بند کرا دیں اور صرف درج بالا اسماء الحسنٰی 33 دفعہ پڑھنے کے لیے دیں۔ اول و آخر تین دفعہ درود شریف بھی پڑھیں۔

صدقہ:۔

3 عدد پرندے آزاد چھوڑیں۔

بخور:۔

صندل اور لوبان کی اگربتی سلگائیں۔

☆☆☆☆

راٹھور وقتی نجوم

علم نجوم کے موضوع پر چند ہی کتب دستیاب ہیں۔ جہاں تک وقتی نجوم کا تعلق ہے تو اس پر قابل اعتماد مواد اور کتب کا اُردو زبان میں انتہائی فقدان ہے۔ خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر، راہنمائے عملیات نے اپنے طویل تجربے کی روشنی میں علم نجوم کی ایک اہم شاخ ''وقتی نجوم'' پر یہ کتاب تحریر کی ہے۔ وہ طالب جو اس حوالے سے کتاب کی تلاش میں سرگرداں تھے، اب اِن کو وقتی نجوم کے موضوع پر عظیم خزانے سے بڑی نعمت اِس کتاب کی شکل میں دستیاب ہوگئی ہے۔ نجوم کے ہر ماہر اور طالب علم کو اس کتاب کا مطالعہ مفید اور نئی سمت دینے کا سبب بنے گا۔ علم کے متلاشیوں کے لیے ایک خزانہ۔

خالد روحانی جنتری.....ستمبر 2018 / ذی الحج 1439 / محرم 1440 / بھادوں 2075

ماہانہ تقویم						امور قمر			روزانہ تقویم		لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
دن	ستمبر	ذالحج	بھادوں	سنبلہ	سعد نحس	برج	ابتداء	منزل			طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
ہفتہ	1	20	16	10	ن			بقعہ	21:42	2	05:38	18:27	06:12	18:51	05:47	18:40	06:09	18:55	05:42	18:34	05:51	18:38
اتوار	2	21	17	11	ن	جوزا	13:01	منقہ	20:37	3	05:39	18:25	06:12	18:50	05:48	18:39	06:09	18:54	05:42	18:33	05:52	18:37
پیر	3	22	18	12	س			ذراعہ	19:03	4	05:39	18:24	06:13	18:49	05:49	18:37	06:10	18:53	05:43	18:31	05:53	18:36
منگل	4	23	19	13	س	سرطان	17:03	نثرہ	17:03	5	05:40	18:23	06:13	18:48	05:49	18:36	06:11	18:52	05:44	18:30	05:53	18:35
بدھ	5	24	20	14	س			طرفہ	14:39	6	05:41	18:22	06:14	18:47	05:50	18:35	06:11	18:50	05:44	18:29	05:54	18:34
جمعرات	6	25	21	15	ن	اسد	18:54	جبہہ	11:52	7	05:41	18:20	06:41	18:46	05:51	18:33	06:12	18:49	05:45	18:27	05:54	18:32
جمعہ	7	26	22	16	س			زہرہ	08:51	8	05:42	18:19	06:14	18:45	05:51	18:32	06:12	18:48	05:46	18:26	05:55	18:31
ہفتہ	8	27	23	17	س	سنبلہ	19:29	صرفہ	05:39	9	05:42	18:18	06:15	18:44	05:52	18:30	06:13	18:47	05:46	18:25	05:55	18:30
اتوار	9	28	24	18	ن			عوا	02:24	1	05:43	18:17	06:15	18:43	05:53	18:29	06:13	18:45	05:47	18:23	05:56	18:29
								سماک	23:14													
پیر	10	29	25	19	س	میزان	20:19	غفرہ	20:19	2	05:44	18:15	06:16	18:42	05:53	18:28	06:14	18:44	05:48	18:22	05:56	18:27
منگل	11	30	26	20	س			زبانہ	17:47	3	05:44	18:14	06:16	18:41	05:54	18:26	06:14	18:43	05:48	18:21	05:57	18:26
بدھ	12	محرم	27	21	س	عقرب	23:14	اکلیل	15:46	4	05:45	18:13	06:16	18:40	05:55	18:25	06:15	18:42	05:49	19:19	05:57	18:25
جمعرات	13	2	28	22	س			قلب	14:24	5	05:45	18:11	06:17	18:39	05:55	18:24	06:16	18:40	05:50	18:18	05:58	18:24
جمعہ	14	3	29	23	ن			شولہ	13:45	6	05:46	18:10	06:17	18:37	05:56	18:22	06:16	18:39	05:50	18:17	05:58	18:22
ہفتہ	15	4	30	24	س	قوس	05:44	لغائم	13:52	7	05:47	18:09	06:18	18:36	05:57	18:21	06:17	18:38	05:51	18:15	05:59	18:21
اتوار	16	5	31	25	ن			بلدہ	14:40	8	05:47	18:07	06:18	18:35	05:58	18:19	06:17	18:37	05:52	18:14	06:00	18:20
پیر	17	6	اسوج	26	س	جدی	16:07	ذابح	16:07	9	05:48	18:06	06:18	18:34	05:58	18:18	06:18	18:35	05:52	18:12	06:00	18:19
منگل	18	7	2	27	س			بلعہ	18:00	1	05:48	18:05	06:19	18:33	05:59	18:17	06:18	18:34	05:53	18:11	06:01	18:17
بدھ	19	8	3	28	س			سعود	20:07	2	05:50	18:04	06:19	18:32	06:00	18:15	06:19	18:33	05:54	18:10	06:01	18:16
جمعرات	20	9	4	29	س	دلو	04:51	اخبیہ	22:17	3	05:50	18:02	06:20	18:31	06:00	18:14	06:19	18:32	05:54	18:08	06:02	18:15
جمعہ	21	10	5	30	ن					4	05:50	18:01	06:20	18:30	06:01	18:12	06:20	18:30	05:55	18:07	06:02	18:14
ہفتہ	22	11	6	31	ن	حوت	17:26	مقدم	00:17	5	05:51	17:00	06:20	18:29	06:02	18:11	06:20	18:29	05:56	18:06	06:03	18:12
اتوار	23	12	7	میزان	س			موخر	01:58	6	05:51	17:58	06:21	18:27	06:02	18:10	06:21	18:28	05:56	18:04	06:03	18:11
پیر	24	13	8	2	ن			رشا	03:13	7	05:52	17:57	06:21	18:26	06:03	18:08	06:22	18:27	05:57	18:03	06:04	18:10
منگل	25	14	9	3	ن	حمل	04:03	شرطین	04:03	8	05:53	17:56	06:22	18:25	06:04	18:07	06:22	18:25	05:58	18:01	06:04	18:09
بدھ	26	15	10	4	س			بطین	04:25	9	05:53	17:54	06:22	18:24	06:04	18:05	06:23	18:24	05:58	18:00	06:05	18:07
جمعرات	27	16	11	5	ن	ثور	12:15	ثریا	04:21	1	05:54	17:53	06:22	18:23	06:05	18:04	06:23	18:23	05:59	17:59	06:06	18:06
جمعہ	28	17	12	6	م			دبران	03:55	2	05:54	17:52	06:23	18:22	06:06	18:03	06:24	18:22	06:00	17:57	06:06	18,05
ہفتہ	29	18	13	7	س	جوزا	18:25	ہقعہ	03:07	3	05:55	17:51	06:23	18:21	06:07	18:01	06:24	18:20	06:00	17:56	06:07	18:04
اتوار	30	19	14	8	س			ہنقہ	02:02	4	05:56	17:49	06:24	18:20	06:07	18:00	06:25	18:19	06:01	17:55	06:07	18:02

طلسم چشمہ

یہ کتاب 1922 میں شائع ہوگئی تھی۔ اس کتاب کے مصنف عامل رام پرشاد ہیں۔ یہ کتاب عملیاتی عجائبات و اعمال مطبع' امساک وباہ کا علاج' تیاری خراب' دفع موذی جانور' طلسمات و شعبدات' غائب ہونے کے اعمال۔ انسان کے مختلف شکلوں کے نظر آنے کے اعمال اور بعض وعداوت کے منتروں پر مشتمل ہے۔ ایک نہایت ہی قدیم اور نایاب کتاب جو بقول مصنف مرنے سے پہلے ایک یادگار چھوڑنے کے لیے تحریر کی گئی۔ (فوٹو کاپی میں دستیاب ہے)۔ حوالہ نمبر:16

قیمت:-/220

تحریر و تحقیق: خالد اسحاق راٹھور

کون سی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟

اس مضمون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نقوش و عملیات تیار کرنے والے عامل یا عام لوگ جن کو نجوم و عملیات کی معمولی سمجھ ہے یا بالکل نہیں ہے اس مضمون کی مدد سے صرف ایسے وقت میں نقش یا اعمال تیار کریں جو موثر ثابت ہوں اور ان کا وقت، رقم اور محنت ضائع نہ ہو۔ بہت سے لوگ بلا علم ہر نظر کی ظاہری سعادت و نحوست پر اعمال تحریر کر دیتے ہیں جو کہ فائدہ مند ثابت نہیں ہوتے۔ سو راہنمائے عملیات کے قارئین کی خصوصی راہنمائی کے لیے ہر ماہ یہ مضمون تحریر کیا جاتا ہے۔ تاکہ کوئی بھی کوا کبی نظر ہو آپ اس مضمون سے زیادہ سے زیادہ بہتر اور قوت اور طریق سے عمل تیار کر سکیں۔ یہ ایسے ہی ہے کہ زہرہ اور مشتری کی باہم سعد نظر کو ہر مسئلہ کا حل مانا جاتا ہے۔ لیکن اگر بلحاظ زائچہ بہ وقت اور نظر بلحاظ حساب قوی نہ ہو تو عمومی بیان کردہ احکامات کبھی پیدا نہ ہوں گے۔ اللہ آپ کو کامیابی عطا فرمائے۔

کوا کبی نظر	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر	احکام نظر.....یعنی نقش، تعویذ و عمل تیار کریں یا نہ؟

ستمبر

عطارد تسدیس زہرہ	02-09-18 12:25	03-09-18 17:59	04-09-18 20:41	نظراتی اور ذاتی حوالے سے اچھا وقت ہے۔ اس نظر میں تیار کردہ اعمال روحانی و نقوش وغیرہ موثر اور پر نتائج ہوں گے۔ اس سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔
عطارد تثلیث زحل	07-09-18 04:12	07-09-18 17:27	08-09-18 06:23	یہ نظر سعد اعمال و نقوش اور الواح کے لیے موثر خیال کی جاتی ہے۔ اس وقت تیار کردہ اعمال 70 فی صد تک کام کریں گے۔
زہرہ تربیع مریخ	07-09-18 08:37	09-09-18 01:39	10-09-18 22:32	عملیاتی حوالے سے اعمال نحس کے لیے یہ نظر کام کرتی ہے۔ سو اس وقت ایسے کام کریں۔ بلحاظ اثرات 60/50 فی صد نتائج ملیں گے۔
شمس تسدیس مشتری	10-09-18 11:47	11-09-18 17:11	12-09-18 22:37	یہ کوا کبی حالت 40 تا 50 فی صد تک سعد اعمال میں کامیابی کی مظہر ہے۔ بہت ضروری نہ ہو تو اگلے کسی وقت عمل کر لیں۔
زہرہ تسدیس زحل	11-09-18 20:18	13-09-18 08:58	14-09-18 23:30	بنیادی طور پر بری نظر نہیں ہے لیکن جاری کوا کبی صورت حال میں اس نظر کے تحت تیار کردہ اعمال روحانی موثر نہ ہوں گے۔ نتائج 40 فی صد سے زیادہ نہ ہوں گے۔
عطارد تسدیس مشتری	16-09-18 02:57	16-09-18 16:53	17-09-18 06:49	یہ نظر سعد اعمال و نقوش اور الواح کے لیے موثر خیال کی جاتی ہے۔ اس وقت تیار کردہ اعمال 40 فی صد تک کام کریں گے۔
عطارد قران شمس	20-09-18 02:59	21-09-18 06:53	22-09-18 11:21	یہ قران سعادت و نحوست کا امتزاج رکھتا ہے۔ نجوم کی سمجھ کے بغیر اس کو استعمال نہ کریں۔
عطارد تربیع زحل	23-09-18 08:11	23-09-18 21:47	24-09-18 11:27	بلحاظ نظر اعمال نحس کے لیے موثر نظر ہے۔ تاہم اعمال روحانی و عملیاتی اُمور میں کامیابی کی شرح 50/40 فی صد سے زیادہ نہ ہوگی۔
عطارد تثلیث مریخ	23-09-18 14:04	24-09-18 06:30	24-09-18 23:08	نظری اعتبار سے سعد و طاقت ور وقت ہے۔ تاہم حقیقی اعتبار سے زائچہ وقت سعد اعمال کے موثر نہ ہونے کا مظہر ہے۔ عمل کو کسی اور وقت کے لیے موخر کر دیں۔
شمس تربیع زحل	25-09-18 03:33	26-09-18 04:51	29-09-18 06:11	اعمال نحس میں ہی نظر استعمال ہوتی ہے لیکن جاری صورت حال میں مطلوبہ نتائج حسب منشاء نہ ملیں گے۔
شمس تثلیث مریخ	26-09-18 13:56	28-09-18 04:35	29-09-18 20:03	سعد اعمال کے لیے بظاہر اچھا وقت ہے تاہم حقیقت میں ایسا نہیں۔ کوئی بھی مثبت سعد عمل اس وقت نہ کریں۔

خالد اسحاق راٹھور

الواح خاص کا بیان

شرف عطارد

اوقات شرف: 13-09-2018 شام 07:06:40 تا 14-09-2018 صبح 07:42:38

ماہ رواں میں عطارد درجات شرف پر حرکت کرے گا۔ اِس وقت عطارد کے حوالے سے خاص اعمال روحانی تیار کیے جاتے ہیں۔ ذیل میں بالترتیب اُن الواح خاص کا ذکر کیا جارہا ہے جو ادارہ ''راہنمائے عملیات'' ایک عرصے سے تیار کر رہا ہے اور اِن کو موثر ہونے کی بنیاد پر قارئین کے لیے پیش کیا جارہا ہے۔

لوح شرف/ اوج عطارد

عطارد جب شرف یا اوج کی حالت میں ہوتا ہے تو درج ذیل امورات کے لیے موثر مانا جاتا ہے۔

برائے علم و عقل اور حافظے میں اضافہ رزق، کاروبار اور تجارت میں اضافہ اور ترقی، فصاحت و بلاغت، دماغی امراض سے بچاؤ، امتحان میں کامیابی اور بچوں کی تعلیم میں اعلیٰ کارگردگی۔ حافظے کی کمزوری، سبق کا یاد نہ رہنا، تعلیم میں دل نہ لگنے بچہ پڑھتا نہ ہو یا جن لوگوں کا ذاتی کاروبار نہ چلتا ہو ان کے لیے بہت مفید ہے۔

کواکب کے شرف یا اوج کے وقت تیار کردہ عملیات انتہائی موثر اور قابل اعتماد ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ فلکی لحاظ سے متعلقہ کوکب اپنی طاقت کے عروج پر ہوتا ہے اور موثریت میں اس کا کوئی ثانی نہیں ہوتا۔ اس حوالے سے جو نقش اِن اوقات میں تیار کیا جاتا ہے وہ بمعہ چال درج ذیل ہے۔

چال مربع بادی

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش مربع بادی (اوج عطارد)

یا رشید یا شکور یا مقیت

۴۳۰	۴۲۷	۴۱۹	۴۳۳
۴۲۰	۴۳۲	۴۳۱	۴۲۶
۴۳۵	۴۲۱	۴۲۵	۴۲۸
۴۲۴	۴۲۹	۴۳۴	۴۲۲

یا جبار یا فتاح

لوح عطارد برائے اپاؤ رجعت ونحوست عطارد

وہ جو زائچے میں عطارد کی نحوست یا رجعت کا کسی طور پر شکار ہوتے ہیں اِن کے لیے خصوصی لوح خاص اوقات میں تیار کی جاتی ہے۔ جس بھی بچہ، مرد یا عورت کے زائچہ میں عطارد رجعت یا نحوست کا شکار ہو تو فرد کو درج ذیل معاملات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اِن معاملات کو پڑھنے سے بھی آپ جان جائیں گے کہ اس لوح کی آپ کو ضرورت ہے یا نہیں۔

عطارد کی رجعت/نحوست کی وجہ سے فرد کی ذہانت اور عقل و دانش میں کمی اور کمزوری رہ جاتی ہے اور یوں پڑھائی کے میدان میں وہ کامیابیاں حاصل نہیں کر پاتا جو عمومی طور پر حاصل کرنا چاہیے۔ کاروباری حضرات، سیلز مین، ملازمت پیشہ خواتین و حضرات اور اساتذہ اپنے روزمرہ کے معمولات میں عطارد کی رجعت/نحوست کی وجہ سے کامیابی حاصل نہیں کر پاتے اور مشکلات میں گھرے رہتے ہیں۔ ایک کے دوسرا مسئلہ اور پھر تیسرا مسئلہ کوئی کامیابی مل بھی گئی تو پھر ناکامی یا مزید پریشانی آڑے آجاتی ہے۔ اس وجہ سے ایک خاص مسئلہ بھی سامنے آتا ہے اور وہ یہ ہے کہ مرد و زن

دوسروں کے سامنے اپنے مطلب کی بات یا تو بیان ہی نہیں کر پاتے اور اگر کرتے ہیں تو پھر بھی اِن کی بات وزن سے خالی اور نامکمل سی ہوتی ہے۔ سو ایسے تمام اصحاب وخواتین جو یہ محسوس کریں کہ وہ اوپر بیان کردہ اور متعلقہ معاملات میں مسائل کا شکار ہیں تو انہیں چاہیے کہ وہ لوح رفع رجعت نحوست عطارد حاصل کریں اور مندرجہ بالا مسائل سے نجات اور متعلقہ شعبوں میں کامیابی وکامرانی کو اپنا مقدر بنا لیں۔

اس حوالے سے نقش تیار کرنا نسبتاً مشکل کام ہے کیونکہ اس قسم کے نقش میں صرف شرفی یا اوجی طاقت ہی نہیں مدنظر رکھی جاتی بلکہ دیگر نجومی کلیات کو مدنظر رکھنا ضروری ہوتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ عملیاتی سمجھ بوجھ بھی بہت ضروری ہے جو کہ اوسط درجے کے عامل یا نجومی کے بس میں نہیں۔

سطور ذیل قارئین راہنمائے عملیات کے لیے وہ خاص نقش بمعہ چال تحریر ہے۔ جو مہارت رکھتے ہیں تیار کر سکتے ہیں۔

چال مربع بادی

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش مربع بادی (رجعت ونحوست عطارد)

یا واسع یا نافع یا ظاھر

۷۸۴	۷۸۱	۷۷۴	۷۸۷
۷۷۵	۷۸۶	۷۸۵	۷۸۰
۷۸۹	۷۷۶	۷۷۹	۷۸۲
۷۷۸	۷۸۳	۷۸۸	۷۷۷

یا علیم یا حکم

یا علیم یا حکم

سہہ جہتی طلسم عطارد

یہ طلسم بنیادی طور پر تین الگ الگ امورات کی بنیاد پر بنایا گیا ہے۔ اس لیے اس کو ''سہہ جہتی طلسم'' کا نام دیا گیا ہے۔ یہ طلسم تین امورات پر مشتمل ہے;

1- پہلا حصہ قدیم ترین عددی نقش پر مشتمل ہے، جو قدیم اقوام نے عددی حوالے سے عطارد سے منسوب کیا ہے۔ اس کی درست تاریخ یا زمانہ نامعلوم ہے۔

2- دوسرا حصہ ایک خاص طلسماتی شکل ہے جو نامعلوم زمانوں سے عطارد سے منسوب ہے اور اس کے طلسم کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

3- تیسرا حصہ اُن اسماء الحسنیٰ پر مشتمل ہے جو اس نقش کے چہار اطراف شامل کیے گئے ہیں۔ یہ اسماء عطارد سے متعلق معاملات کے حل کے حوالے سے لیے گئے ہیں۔

ان تینوں امورات نے مل کر اس سہہ جہتی طلسم عطارد کو ایک ایسا شاہکار بنا دیا جو غیر معمولی روحانی، عملیاتی، طلسماتی اور اسلامی قوتوں کو لیے ہوئے ہے۔

نقش مربع بادی (سہہ جہتی عطارد)

یا اللہ یا ظاھر یا علیم یا خبیر یا حکیم یا فتاح یا باطن یا مھیمن

۸	۵۸	۵۹	۵	۴	۶۲	۶۳	۱
۴۹	۱۵	۱۴	۵۲	۵۳	۱۱	۱۰	۵۶
۴۱	۲۳	۲۲	۴۴	۴۵	۱۹	۱۸	۴۸
۳۲	۳۴	۳۵	۲۹	۲۸	۳۸	۳۹	۲۵
۴۰	۲۶	۲۷	۳۱	۳۶	۳۰	۳۱	۳۳
۱۷	۴۷	۴۶	۲۰	۲۱	۴۳	۴۲	۲۴
۹	۵۵	۵۴	۱۲	۱۳	۵۱	۵۰	۱۶
۶۴	۲	۳	۶۱	۶۰	۶	۷	۵۷

یا اللہ یا شکور یا بدیع یا وکیل یا حسیب یا واحد یا رشید

یا ظاھر یا علیم یا خبیر یا حکیم یا فتاح یا باطن یا مھیمن یا اللہ

ذیل میں وہ طلسم دیا گیا ہے جو نقش کی پشت پر بنے گا۔



یہ سہہ جہتی طلسم عطارد کن کن معاملات میں مددگار ہو سکتا ہے۔ اس کا بیان سطور ذیل میں کیا گیا ہے۔

شاید ہی کوئی فرد ایسا ہو جس کو طلسم عطارد کی ضرورت نہ ہو۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ یہ متفرق خصوصیات کا حامل ایک نایاب اور خاص طلسم ہے۔ عطارد کے طلسم کو بنیادی طور پر ذہانت، تعلیم، یاداشت اور گفتگو وغیرہ سے منسوب کیا جاتا ہے۔ وہ طالب علم جو امتحانات میں فیل ہو جاتے ہیں یا جن کی تیاری مکمل نہیں یا وہ جو تعلیمی حوالے سے

ایک اچھے مستقبل کے خواہش مند ہیں اِن کو ضرور اِس طلسم سے فائدہ اُٹھانا چاہیے۔ وہ لوگ جن کا روزگار گفتگو کے فن یا لکھنے لکھانے یا اشاعت کتب وغیرہ سے منسلک ہے اِن کے لیے بھی یہ طلسم بے بہا فوائد کا حامل ہے۔ ذہنی صلاحیتوں کو بڑھانے' اچھی یادداشت اور اعلیٰ تعلیم جیسے معاملات میں حد درجہ موثر ہے۔

کاروباری افراد اور تجارت پیشہ افراد چاہے چھوٹے پیمانہ پر کام کر رہے ہیں یا بڑے پیمانے پر ان کے لیے بھی اس طلسم کا استعمال مفید ہے۔ حصول کامیابی و آمدن کے لیے حد درجہ موثر ہے۔ وہ جو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں مشغول ہیں یا وہ جو علوم مخفی کی تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں یا جو اس میدان میں نام کمانے کے خواہش مند ہیں اِن کے لیے بہت مفید ہے۔ یعنی عاملین و نجومی حضرات وغیرہ کو بھی اس کو تیار کر کے پاس رکھنا چاہیے۔ جادو' ٹونہ' کالا علم' سحر وغیرہ سے حفاظت یا ان میں مہارت کے لیے بھی تیار کیا جاتا ہے۔ وہ لوگ جو سائنس یا جدید زمانہ میں کمپیوٹر، الیکٹرونکس اور ایسے دیگر امورات سے منسلک ہیں۔ اِن کے لیے بھی حد درجہ موثر ہے اور مثبت نتائج لائے گا۔ وہ قارئین جو یہ نقش و لوح اس کی اہمیت کے پیش نظر ادارے سے طلب کرنا چاہیں تو قبل از وقت رابطہ کریں۔

نقش عطارد نورانی

راہنمائے عملیات میں حروف نورانی کے حوالے سے مختلف کواکب سے متعلق نقوش دیئے گئے تھے، جن کو قارئین کی ایک بڑی تعداد نے پسند بھی کیا اور استعمال بھی اور اِن کی موثریت کی تعریف بھی کی۔ سو زیر بحث عمل بحوالہ عطارد ذیل میں دیا جا رہا ہے۔

اس حوالے سے ذیل میں تیار شدہ نقوش پیش کیے جا رہے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ ہر کوکب سے منسوب تکسیر نورانی بھی دی گئی ہے۔ تاکہ آپ اگر کسی فرد کو اس کے مسئلے کے حل کے مطابق تکسیر زعفران سے لکھ کر استعمال کے لیے دینا چاہیں تو ایسا کرنے میں آسانی رہے۔ یعنی محبت، بیماری یا سحر وغیرہ کے مسائل میں فرد کو یہ پینے کے لیے دی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ اس تکسیر کو فلیتہ وغیرہ بنانے کے کام بھی لایا جا سکتا ہے، جو کہ سحر، ردنظر اور ضرورت کے دیگر کاموں میں استعمال ہو سکتا ہے۔ دراصل یہ عامل کی ذہانت اور سائل کے مسئلہ پر کہ اس کو کس طرح اور کس طور استعمال کیا جائے۔ سو ہر فرد اپنی اپنی سمجھ کے مطابق اِن نقوش اور تکسیر وغیرہ کو استعمال کر سکتا ہے۔ سو سب سے پہلے عطارد سے منسوب نقش عطارد نورانی اور پھر تکسیر عطارد نورانی دی جا رہی ہے۔

نقش عطارد

ذیل میں عطارد کا نقش و چال اور اس کے فوراً بعد اس کی تکسیر دیکھیں:

چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم				
یا اللہ	ش ت ث خ			یا اللہ
ش	۵۴۷۴۱	۵۴۲۷۲	۵۴۷۳۴	۵۴۷۳۸	ش
ت	۵۴۷۳۳	۵۴۷۳۹	۵۴۷۴۰	۵۴۷۲۸	ت
ث	۵۴۷۳۶	۵۴۷۳۲	۵۴۷۲۹	۵۴۷۴۳	ث
خ	۵۴۷۳۰	۵۴۷۴۲	۵۴۷۳۷	۵۴۷۳۱	خ
یا اللہ	ش ت ث خ				یا اللہ

تکسیر عطارد نورانی

اش ل ت م ث ص خ ر ش ک ت ہ ث ی خ ع ش ط ت و ث س خ ح ش ق ت ن ث ث ان ش ت ل ق ت ش م ح ث خ ص س خ ث ر و ش ت ک ط ت ش ہ ع ث خ ی ی ث خ ا ث ن ع ش ہ ت ش ل ت ق ط ت ک ش ت م ش ح و ث ر خ ث ص خ ر س س ی خ ث ص خ ث ا خ ث ر ن ث ر و ث ش ح ہ ش ت م ش ت ل ش ت ک ق ت ط ط س ت ی ق خ ک ث ت ص ش خ ل ث ت ا ش خ م ث ت ر ش ن ہ ث ح ع ش و ط ث س ح ح ی ث ق ہ خ ن ک ش ث ر ت ت ص ث ش م خ خ ل ش ث ا ت ت و ا ط ث ش ش س ل ع خ ت خ ح م ی ش ث ق ص ہ ت خ ت ن ر ک ث ش ش ت ث ہ ک ا ر ط ن ث ت ش خ ش ت س ہ ل ص ع ق خ ت ث خ ش ح ی م م ش ی ت ح ث ش و خ ک ث ا ت ر ث ط خ ن ق ث ع ت ص ش ل خ ہ ش س ت ت م س ش ش ی ہ ت خ ح ل ث ش ش ص و ت خ ع ک ث ث ق ا ن ت خ ر ط ث ث ت ط م ر س خ ش ت ش ن ی ا ہ ق ت ث خ ث ح ک ل ع خ ش ت ش و ص ص ث و ت ش ط ت م ش ر خ س ث خ ع ش ل ت ک ش ح ن ث ی خ ا ث ہ ت ق ق ص ت ث ہ و ث ت ا ش خ ط ی ت ث م ن ش ح ر ش خ ک س ت ث ل خ ش ع ع ق ش ص ش خ ت ل ث ث ہ ت و ہ س ث ک ت خ ا ش ش ر خ ح ط ش ی ن ت م ث ث ع م ق ت ش ن ص ی خ ش ت ط ل ح ث خ ر ہ ش ت ش و ا س خ ث ت ک ک ث ت ع ث م خ ق س ت ا ش و ن ش ص ت ی ش خ ہ ش ر ت ث ط خ ل ث ح ح ک ث ث ل ت خ ع ط ث م ت خ ر ق ش س ہ ت خ ا ش ی و ت ن ص ش ش ح ص ک ن ث ت ث ہ ل ی ت ش خ ش ع ا ط خ ث ت ث ہ م س ت ش خ ق ر ر ش ق ح خ ص ش ک ت ن س ث م ہ ث ث ہ ت ل ث ی خ ت ط ش ا خ ع ش ش ر ع ش خ ق ا ح ش خ ط ص ت ش خ ک ی ت ث ن ل س ت ث ہ م ث ت ث ہ


اگربتیاں

الکوحل اور دیگر نجاست سے پاک عود، مشک، عنبر، زعفران، صندل، بخور، حب وسعادت، تبخض ونحوست، لوبان گلاب اور دیگر اگربتیاں دستیاب ہیں۔

ھ ش ث ر ت ع ث ش م خ ہ ق ث ا ت ح س ش ل خ ن ط ث ص ت ت ی ش ک خ
خ ھ ک ش ش ث ی ر ت ت ت ع ص ث ث ش ط م ن خ خ ہ ل ق ش ث س ا ح ت
ت خ ح ھ ا ک س ش ث ش ش ث ق ی ل ر ہ ت خ ت خ ت ن ع م ص ط ث ش ث
ث ت ش خ ث ح ط ھ ص ا م ک ع س ن ش ت ث خ ش ت ش خ ث ت ق ہ ی ر ل
ل ث ر ت ی ش ہ خ ق ث ت ح ث ط خ ھ ش ص ت ا ش م خ ک ث ع ت س ش ن
ن ل ش ث س ر ت ت ع ی ث ش ک ہ خ خ م ق ش ث ا ت ت ح ص ث ش ط ھ خ
خ ن ھ ل ط ش ش ث ث س ص ر ح ت ت ت ت ع ا ی ث ث ش ش ق ک م ہ خ خ
خ خ خ ن ہ ھ م ل ک ط ق ش ش ش ش ث ث ث ث س ی ص ا ر ع ح ت ت ت ت
ت خ ت خ ت خ ت ن ح ہ ع ھ ر م ا ل ص ک ی ط س ق ث ش ث ش ث ش ث ش
ش ت ث خ ش ت ث خ ش ت ث خ ش ت ث ن ق ح س ہ ط ع ی ھ ک ر ص م ل ا
ا ش ل ت م ث ص خ ر ش ک ت ھ ث ی خ ع ش ط ت ہ ث س خ ح ش ق ت ن ث

ساعت عمل

بالحاظ اصول جس کوکب کا شرف یا اوجی وقت ہو اس ہی کی ساعت میں کام کرنا مناسب خیال کیا جاتا ہے۔

بخور و خوشبو

مصطگی، صندل سرخ، لوبان، چھلکا بادام، گلاب، زعفران، عود، مشک سے کچھ اشیاء حسب گنجائش (یعنی مالی حالت کے مطابق) لے کر دوران عمل بخور جلاتے رہیں اور بعد میں اِن میں کسی بھی شے کا عطر لوح یا نقش جو بھی شہ بنائیں اس کو لگالیں۔ دوران عمل ذاتی استعمال اور کپڑوں وغیرہ کو بھی یہی عطر لگا سکتے ہیں۔ عاملین کی آسانی کے لیے اس حوالے سے ادارے سے خصوصی عطر عطارد بھی تیار کیا ہے جو آپ با آسانی ادارے سے منگوا سکتے ہیں۔

سیاہی

کاغذ پر نقش تحریر کرنے کے لیے زعفران کو پانی یا آب زم زم میں ملا کر زعفرانی سیاہی بنالیں۔ کوشش سے کسی قابل اعتماد فرد سے زعفران لیں، آج کل دو نمبر کا زعفران دکان داروں نے رکھا ہوتا ہے۔ کبھی یہ سستا ہوتا تھا اب مہنگا ہونے کی وجہ سے فساد پیدا ہو گیا ہے۔

ذکر

جو بھی نقش یا لوح تیار کریں اس کے ساتھ تحریر اسماء الحسنٰی کا ذکر گیارہ تسبیحوں کی تعداد میں کم سے کم سات دن تکمیل نقش کے لیے کریں۔ یہ صرف عمل کا ذکر ہے، عمومی ذکر کے لیے یہی ورد چالیس دن تک بھی کیا جا سکتا ہے۔

صدقہ

اس عمل کی تیاری کے بعد صدقہ عمل کے طور پر چاروں مغز، پستہ، بادام، دال مونگ، سبز کپڑا، متفرق قسم کی دالیں یا ملے جلے رنگوں والا کپڑا دیں۔ عمل خود تیار کرنے والے لازم یہ صدقات دیں اور بعد از اجازت عمل تیار کریں۔

نوٹ

کامیابی اور ناکامی اللہ کی مرضی پر ہے۔ آپ کا میرا کام دستیاب وسائل اور معاملات کے ساتھ بہترین طریق پر کام کرتا ہے اور بس۔ سو بعد از عمل اللہ تعالیٰ سے خلوص قلب کے ساتھ دعا کریں کہ وہ آپ کو اُس مقصد میں کامیاب کرے جس کے لیے آپ نے عمل تیار کیا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کی حاجتیں پوری کرے۔ آمین۔

☆☆☆☆

کتاب حروف نورانی

از قلم: خالد اسحاق راٹھور

حروف دراصل حرف عام میں قرآن کے حروف مقطعات کو کہا جاتا ہے۔ اس وجہ سے ہی علم الحروف اور عملیات میں اِن حروف کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ دنیا کا کوئی بھی نیک کام ہو اس کی تکمیل کے لیے حروف نورانی کا موثر ہونا امر ثابت ہے۔ حروف نورانی کی یہی موثریت اور طاقت ہے جس نے صاحب کتاب جناب خالد اسحاق راٹھور کو اس موضوع پر قلم اٹھانے پر مائل کیا اور آپ جانتے ہیں کہ اِن کے قلم کو اللہ نے وہ طاقت عطا کی ہے کہ جو اِن کی تحریر کو ایک دفعہ پڑھتا ہے اس کا قائل ہو کر رہ جاتا ہے۔ اس کتاب میں یوں تو متعدد امورات کو زیر بحث لایا گیا ہے تاہم یہاں چند کا ذکر کیا جا رہا ہے تاکہ قارئین کو اس خاص کتاب کی اہمیت اور افادیت کا ادراک ہو سکے۔

☆ اقسام حروف ☆ لوح حروف مقطعات نورانی
☆ خاص الواح و نقوش حروف نورانی (دائرہ قمری اور شمسی سے)۔
☆ تکسیر کبیر (39 عدد) ☆ حروف و عناصر ☆ ذاتی و خصوصی عمل
☆ اصلاح زائچہ (بذریعہ حروف نورانی) ☆ نصرت الٰہی
☆ کواکب کے خاص نورانی نقوش بمعہ تکسیر ☆ چودہ روشن راتوں کا عمل
☆ چودہ جمعرات کا عمل ☆ توازن حروف و حل مسائل و مشکلات
☆ فتحنامہ نورانی ☆ عمل اہرامی + حروف نورانی ☆ عمل بسم اللہ نوری
☆ شرف زحل اور حروف نورانی ☆ لوح نورانی شمسی و قمری

زحل در جدی اور مشتری در قوس

از قلم: فضل محمود نقاش، ترنڈہ محمد پناہ

زحل کے برج جدی میں داخل ہو جانے سے برج عقرب پر زحل کی نحوست ختم ہوگئی۔ بشرطیکہ بوقت پیدائش برج عقرب کا طالع پیدائش اور درجہ 22 دقیقہ 36 دقیقہ تھا۔ یہ شرط یکم جنوری 2019ء سے ہے۔ برج قوس، برج جدی اور برج دلو والے ساڑھ ستی میں رہیں گے۔ جبکہ برج قوس والے اپنے اڑھائی سال گزار چکے ہیں۔ باقی پانچ سالوں کا فکر کرتے رہیں گے۔ برج دلو والوں پر زحل کی ساڑھ ستی شروع ہو چکی ہے۔ ساڑھ ستی کے دوران کسی برج میں زحل سعد ہوتا ہے۔ جیسے قوس، بدی، دلو، حوت وغیرہ اور نحوست میں جوزا، سرطان، اسد اور سنبلہ کو دیکھ لیں۔ زحل کے بداثرات پوری آب وتاب سے برج سرطان پر پڑیں گے۔ سرطان کا حاکم قمر جدی سے مقابل پر تھا۔ اور زحل بھی مقابل پر ہے۔ قمر کو جدی میں وبال ہے۔ اور زحل کو سرطان میں وبال ہے۔ زحل جدی سے دلو، جوزا، اسد اور قوس کے بروج سقوط پر ہیں۔ دلو تو زحل کا گھر ہے۔ جبکہ جوزا میں حضیض، اسد میں وبال ہے۔ البتہ قوس میں اوج ہے۔ برج حوت اور برج عقرب پر زحل کی نیم سعد نظر رہے گی۔ برج حوت میں سعادت زحل زیادہ ہے۔ برج عقرب میں نحوست زیادہ ہے۔ ثور اور سنبلہ کے بروج جدی سے نظر سعد اکبر تثلیث پر ہیں۔ ثور کا زہرہ اور سنبلہ کا عطارد زحل کے بہت دوست ہیں۔ ثور کے بعد جوزا اور سنبلہ کے بعد میزان کے حاکم زحل کے دوست ہیں۔ جبکہ قمر زحل کے مقابل برج کا حاکم ہونے کے باہم مخالف ہیں۔ عطارد اور زہرہ کا قمر مخالف ہے۔ اس وجہ سے زحل سے دشمنی زیادہ ہو جاتی ہے کہ عطارد اور زہرہ زحل کے دوست ہیں۔ زحل کا شمس اور مریخ بھی دشمن ہیں۔ قمر بھی شمس کی وجہ سے مخالف ہے۔ یعنی حمل، سرطان، اسد اور عقرب کے بروج زحل سے متاثر ہوتے ہیں۔ جبکہ اڈھایہ کے اعتبار سے بھی یہی بروج نہیں۔ جس میں زحل کی نحوست زیادہ ہوگی۔ زحل کے اثرات جاننے درجہ ذیل جدول پر غور رکھیں۔

زحل در جدی تا زحل در حمل تک متاثر بروج		قمر سے زحل کی طرف فاصلوں کے اعتبار سے زحل کے اثرات
زحل در جدی	۱۔ جدی، اسد، حوت ۲۔ قوس، سنبلہ، ثور ۳۔ عقرب، سرطان، حمل ۴۔ میزان، جوزا، دلو	عزت ومرتبہ میں کمی ہوگی۔ حالات سخت ہوں گے۔ عزت ومرتبہ میں اضافہ ہوگا۔ اچھا وقت ہوگا۔ زندگی اچھی گزرے گی، وقت اچھا رہے گا۔ رنج وغم میں اضافہ ہوگا۔ یا تکالیف بڑھیں گی۔
زحل در دلو	۱۔ دلو، عقرب، سرطان ۲۔ جدی، سنبلہ، جوزا ۳۔ قوس، اسد، حمل ۴۔ حوت، میزان، ثور	عزت ووقار میں اضافہ ہر طرح سے فائدہ زیادہ ہوں۔ پریشانیاں بڑھ جائیں۔ قرض بڑھے یا مال و دولت ضائع ہو جائے۔ بہت اچھا وقت آنے والا ہے۔ ایک سخت گیر وقت۔ حالات قابو میں نہ ہوں۔
زحل در حوت	۱۔ عقرب، حوت، جوزا ۲۔ سنبلہ، دلو، سرطان ۳۔ میزان، جدی، ثور ۴۔ قوس، حمل، اسد	رومانوی ماحول۔ عزت زیادہ ہو۔ ناموافق حالات میں اچھا راستہ نکل آنا۔ جاہ ومرتبہ کی طلب میں نقصان ہو۔ رنج وغم ان لوگوں پر زیادہ ہوگا۔
زحل در حمل	۱۔ حمل، اسد، قوس ۲۔ حوت، سرطان، میزان ۳۔ جدی، جوزا، عقرب ۴۔ دلو، ثور، سنبلہ	بہت منحوس وقت ہے۔ پیشگی تدارک کے لیے سوچیں۔ اپنی ذاتی کوشش سے حالات قابو میں آجائیں گے۔ چھوٹی غلطی کی بڑی سزا ملے یا والدین کی سزا اولاد بھگتے۔ موجودہ زحل در جدی کے عملیات اس دور میں کافی دفاع کریں گے۔

آپ کو زحل کے نحس وسعد اثرات سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔ جس میں یورانس کی معاونت کے اثرات بھی شامل ہیں۔ لیکن مشتری در قوس ہونے زحل در جدی ہونے سے جو تاثیر پیدا ہو رہی ہے۔ ان سے عامل حضرات کس طرح فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اور ضرورت مند، رنج والے اور تکالیف میں مبتلا مخلوق خدا کی خدمت کس طرح کر سکتے ہیں۔ ان کو کس طرح فائدہ پہنچا سکتے ہیں یا دے سکتے ہیں۔ یا عامل حضرات کن لوگوں کو فائدہ دے سکتے ہیں۔ اور کن کو نہیں دے سکتے۔ اور یہ

عطر مشک

جنسی قوت میں اضافہ، روحانی قوت کا حصول، بخار، کھانسی، ذہنی قوت، دل کے مریضوں کے لیے مفید، ذہنی اور نروس سسٹم کی بہتری کے لیے، جوڑوں کے درد کا خاتمہ، درد سے جلد آرام، زخموں کے جلد بھرنے کے لیے، جلد کی بہتری اور تروتازہ رکھنے کے لیے، نظام ہضم کو بہتر بنانے، قوت مدافعت بڑھانے۔

بات بھی دیکھنی ہے۔ کیا عامل صاحب اس زمانہ / دورانیہ میں خود سعد مسعود ہے، یا نحس ومنحوس ہے۔ کیا عامل صاحب اچھائی، تعمیر وترقی اور خوشحالی کے عملیات کر سکتا ہے۔ یا برائی، تخریب وتنزلی اور بدحالی کے عملیات کر سکتا ہے۔ زحل کے اثرات ہر آدمی پر شمار کیے جائیں گے۔ اس طرح ہر عامل کا زائچہ شمسی، قمری اور وقتی دوسرے عامل سے مختلف ہوگا۔ چنانچہ کسی عامل کے زائچہ کی رو سے زحل کس عامل کو سعد اثرات دے گا۔ جس سے عامل کی قلم سے سعد عملیات زیادہ مؤثر ہوں گے۔ اور کسی عامل کے زائچہ کی رو سے زحل عامل نحس اثرات دے گا۔ اس طرح عامل کی قلم سے تفریق وطلاق اور ہر بادی کے عملیات زیادہ زور اثر ہوں گے۔ چونکہ برج جدی منقلب برج ہے۔ زحل درجدی میں سعد ونحس عملیات اور اثر ہوں گے۔ قمری چال کو سب سے زیادہ بدنظر رکھا جائے گا۔ باقی سیارگان کو صاحب سوال کے زائچہ کو دیکھ کر بدنظر رکھا جائے گا۔ اگر زائچہ نہ ہو یا زائچہ نہ بن سکتا ہو تو سعد دور میں قمر درثور اور قمر در سنبلہ میں کام کریں۔ قوی اُمید ہے کام ہر صورت میں ہوگا۔ اس کے علاوہ کیا عامل صاحب کو علم ہے کہ جو شخص آیا بیٹھا ہے۔ (سائل) اس کی مدد کی جاسکتی ہے یا نہیں کی جاسکتی۔ یا اسی عامل کے پاس جو نقش ذاتی ہے۔ صدری ہے، خاندانی ہے، مرشد سے ملا ہے یا کسی عامل نے فقط / فقد اجازت دے رکھی ہے۔ تو اس سے کس طرح اور کس وقت کام لیا جا سکتا ہے۔ یہ نقش فائدہ دے گا یا نقصان دے گا؟ تو ان سوالات کے جوابات کے لیے عرض ہے کہ مشتری درقوس 2 ستمبر 2019ء بروز پیر تک رہے گا۔ پھر مشتری جدی میں بحالت نحس اکبر ہبوط میں 9 دسمبر 2020ء بروز ہفتہ تک رہے گا۔ مشتری پلوٹو سے قران 13 نومبر 2020ء بروز جمعہ المبارک بوقت 02 بجکر 18 منٹ پر برج جدی کے 22 درجہ 15 دقیقہ 46 ثانیہ پر ہوگا۔ اور مشتری کا زحل سے قران 21 دسمبر 2020ء بروز پیر بوقت 23 بجکر 22 منٹ پر برج دلو کے 00 درجہ 30 دقیقہ 42 ثانیہ پر ہوگا۔ یا برج دلو کے 00 درجہ 27 دقیقہ پر زحل ومشتری کا قران ہوگا۔ اس قران سے عالمی تبدیلیاں شروع ہو جائیں گی۔ دنیا کے حالات بدل جائیں گے۔ دنیا پر موجود انسانوں کے حالات بدل جائیں گے۔ اس تبدیلی میں پاکستان اور چین کو ملانے والی شاہ راہ (سی پیک) گوادر کا شامل کرلیں۔ یا روس اور چین کے مفادات پاکستان میں ہو جائیں تو یہ قران زحل ومشتری عالمی اثرات کا ہوگا۔ جن کے اثرات انسانوں کی اجتماعی زندگی اور انفرادی زندگی پر پڑیں گے۔ کچھ حضرات کے سیارگان مضبوط اور سعد ہوں گے۔ کسی کا طالع شمسی طاقتور ہوگا۔ اور کسی کا طالع قمری مسعود ہوتا۔ اور کوئی بلحاظ طالع وقتی مضبوط اور سعد ہوگا۔ وہ اپنی ذاتی کوشش کریں یا نہ کریں۔ وہ ترقی کریں گے۔ جاہ ومرتبہ پائیں گے۔ اعلیٰ مقام اور اعلیٰ شہرت پائیں گے۔ اگر ان کو ضرورت ہے تو صرف اس بات کی ہے کہ جاہ ومرتبہ، شہرت ومقبولیت کے ساتھ ساتھ مال ودولت کو قائم رکھنا ہے اور قائم ہونا لازمی اور ضروری ہے۔ اگر ذاتی قابلیت سے ایسا ہو سکتا ہو۔ یا کر سکتے ہوں تو ٹھیک ورنہ عملیات بقائے جاہ ومرتبہ بقائے شہرت، مقبولیت بقائے مال ودولت اور بقائے عہدہ ومقام کی ضرورت ہے۔ جو کہ عمل صرف سیارہ زحل کے وقت سے ہو سکتے ہیں۔ زحل درجدی سے ایسا دور اور وقت آگیا ہے۔ جس میں مشتری، زہرہ اور عطارد کو بدنظر رکھا جائے گا۔ یا شمس و مریخ اور قمر کو بدنظر رکھا جائے یا سوال کندہ کے زائچہ کے مطابق زحل ومشتری کے ساتھ کسی سیارے کو ملا کر عمل تیار کیا جائے گا۔ تاکہ کمال نعمت کو زوال نعمت نہ ہو۔ یہ کام صرف تجربہ کار عامل کامل کر سکتا ہے۔ ہر کسی کا کام نہیں ہے۔

پیارے قارئین کرام! زحل درجدی، یورانس درثور اور مشتری درقوس میں ایسے عملیات جو خاکی چال سے لکھیں جائیں یا خاکی وآتشی چالوں کے امتزاج سے تیار کئے جائیں۔ تو زیادہ مؤثر اور زوراثر ہوں گے۔ اس حوالے سے اپنی کاوش آپ کے لیے پیش کر رہا ہوں۔

ا۔ ایسے افراد جو معاشرے میں پیس کر رہ گئے۔ لوگوں کی نظر میں حقیر اور متھور ہو گئے ہیں۔ کسی کی نگاہ میں اپنی ذاتی غلطیوں سے یا کسی دیگر کی غلطی سے گر گئے ہوں۔ تو ان کے لیے عزت وقار سے دوبارہ زندگی گزارنے کا وقت آگیا ہے۔

۲۳۵۳	۲۳۵۹	۲۳۶۵	۲۳۷۱	۲۳۷۷
۲۳۶۶	۲۳۷۲	۲۳۷۳	۲۳۷۴	۲۳۶۰
۲۳۷۴	۲۳۵۵	۲۳۶۱	۲۳۶۷	۲۳۶۸
۲۳۶۲	۲۳۶۳	۲۳۱۹	۲۳۷۵	۲۳۵۶
۲۳۷۰	۲۳۷۶	۲۳۵۷	۲۳۵۸	۲۳۶۴

۲۰۴۹	۲۰۶۲	۲۰۵۹	۲۰۵۶	
۲۰۶۰	۲۰۵۵	۲۰۵۰	۲۰۶۱	
۲۰۵۴	۲۰۵۷	۲۰۶۳	۲۰۵۱	
۲۰۴۳	۲۰۵۲	۲۰۵۳	۲۰۵۸	

۲۳۳۰	۱۱۷	۰۴۷	
۰۴۹	۲۲۲	۱۱۹	
۱۱۸	۰۴۸	۲۲۱	

نوٹ: آپ ان نقوش کے خانوں کی ترکیب بمطابق فوائد وکوائف بدل سکتے ہیں۔

۲۔ ایسے افراد جو غربت کی وجہ سے معاشرے میں کوئی مقام نہیں رکھتے، رات دن کی روٹی نہیں ہے۔ تن ڈھانپنے کے لیے کپڑے نہیں ہیں اور سر چھپانے کے لیے مکان نہیں ہے۔ گویا مال و دولت نہیں ہے۔

۴۰	۳۵	۴۲
۴۱	۳۹	۳۷
۳۶	۴۳	۳۸

۳۰۹	۱۳۷	۷۱
۷۰	۳۰۸	۱۳۹
۱۳۸	۷۲	۳۰۷

۴۳۰	۴۲۵	۴۳۲
۴۳۱	۴۲۹	۴۲۷
۴۲۶	۴۳۳	۴۲۸

۲۶۰	۲۸۶	۲۸۰	۲۷۴
۲۸۲	۲۷۲	۲۶۲	۲۸۴
۲۷۰	۲۷۶	۲۹۰	۲۶۴
۲۸۸	۲۶۶	۲۶۸	۲۷۸

۵۱۱	۵۲۴	۵۲۱	۵۱۸
۵۲۲	۵۱۷	۵۱۲	۵۲۳
۵۱۶	۵۱۹	۵۲۶	۵۱۳
۵۲۵	۵۱۴	۵۱۵	۵۲۰

۲۸۴۴	۲۳۳۱	۶۸۶	۲۱۶۴
۶۸۷	۲۱۶۳	۲۸۴۵	۲۳۴۰
۲۱۶۲	۲۳۴۳	۲۸۴	۲۸۴۶
۲۳۴۲	۲۸۴۷	۲۱۶۱	۶۸۵

۳۔ بھائی بہن یا دو بھائی یا دو بہنیں یا برادری کے رشتہ آپس میں ایسے لڑ چکے ہوں کہ نفرت و عداوت سے نفاق و عناد ایسا ہو گیا ہو کہ منہ نہ بھاتا ہو۔ شکل اچھی نہ لگتی ہو۔ آئے روز تھانہ میں ایک دوسرے کے خلاف درخواستیں دی جا رہی ہوں۔ عدالتوں میں مقدمات دائر کیے جا رہے ہوں۔ یا قتل و غارت تک نوبت پہنچ چکی ہو۔ اگر آپ اصل سورت، اصل آیت یا اصل اسم مبارک سے لکھنا چاہیں تو زیادہ اچھا ہے۔ کیونکہ استخراج اعداد میں غلطی ہو جاتی ہے۔ جبکہ یہ نقوش جو آپ کی خدمت میں پیش کیے جا چکے ہیں۔ سب پڑتال شدہ اور درست ہیں۔

۸۸۹	۹۱۵	۹۰۹	۹۰۳
۹۱۱	۹۰۱	۸۹۱	۹۱۳
۸۹۹	۹۰۵	۹۱۸	۸۹۳
۹۱۷	۸۹۵	۸۹۷	۹۰۷

۳۳۶	۱۷۹۷	۱۳۱۸	۲۲۹۴
۱۳۱۹	۲۲۹۳	۱۷۹۸	۳۳۵
۳۳۸	۱۷۹۵	۲۲۹۲	۱۳۲۰
۲۲۹۱	۱۳۲۱	۳۳۷	۱۷۹۶

۳۶۲	۱۹۵۴	۷۹۷	۶۱۸
۷۹۸	۶۱۷	۳۶۳	۱۹۵۳
۶۱۶	۷۹۵	۱۹۵۶	۳۶۴
۱۹۵۵	۳۶۵	۶۱۵	۷۹۶

۴۔ ایسا گھر جو کسی دوسرے گھر کو تباہ و برباد کر رہا ہو۔ ایسے دشمن گھر کو سبق سکھانے یا راہ راست پر لانے کے لیے ہے۔ یہ ایسے نقوش ہیں۔ ان سے بعض اوقات گھر ویران ہو جاتے ہیں۔ دشمن نقل مکانی کر جاتا ہے اور کبھی دشمن کے اہل خانہ مرنا شروع ہو جاتے ہیں۔ پھر کوئی نہیں بچتا۔ عامل ایسے نقوش کے لکھنے میں کافی غور و فکر کر کے لکھے۔ ناحق کام نہ کرے۔

۱۴۳۹	۱۴۶۲	۱۴۵۹	۱۴۵۶
۱۴۶۰	۱۴۵۵	۱۴۵۰	۱۴۶۱
۱۴۵۴	۱۴۵۷	۱۴۶۴	۱۴۵۱
۱۴۶۳	۱۴۵۲	۱۴۵۳	۱۴۵۸

۱۱۱۳	۲۷۹۴	۲۰۳	۱۷۱۶
۲۰۴	۱۷۱۵	۱۱۱۴	۲۷۹۳
۱۷۱۴	۲۰۱	۲۷۹۶	۱۱۱۵
۲۷۹۵	۱۱۱۶	۱۷۱۳	۲۰۲

۵۔ شادی نہیں ہو رہی، شادی پسند کی ہونی چاہیے۔ پسند تو محبوبہ اور معشوقہ ہوتی ہے۔ اس لیے پسند بھی والدین کی پسند ہونا چاہیے۔ کسی غلط لڑکی یا عورت کے دام میں نہیں آنا چاہیے۔ چنانچہ اگر اس کا حاصل کرنا مشکل اور محال ہو جائے۔ کوئی ذریعہ اور طریقہ کام نہ آ رہا ہو تو اس نقش سے کام لیا جاتا ہے۔ اس نقش کی دو چالیں ہیں۔ سائل کے سوال کے مطابق خانوں کے اعداد میں تبدیلی لائی جاتی ہے۔ دیگر نقوش بھی شامل ہیں۔

۱۳۰	۴۸۷	۱۱۱
۱۰۹	۴۸۹	۱۳۰

۱۲۹	۱۱۰	۴۸۹
۴۸۸	۱۳۱	۱۰۹

۱۰۸	۱۲۹	۴۹۱
۴۹۰	۱۱۰	۱۲۸

۳۷۳۱	۱۴۹۳	۲۱۹۲	۲۲۸۹
۲۱۹۳	۲۸۹۲	۲۱۲۶	۲۲۹۲
۲۱۲۳	۱۴۹۵	۲۸۹۰	۲۲۹۷
۱۴۹۴	۲۷۳۳	۲۱۴۳	۲۲۸۶

۲۲۸۲	۲۲۹۵	۲۲۹۲	۲۲۸۹
۲۲۸۸	۲۲۸۳	۲۲۹۳	۲۲۹۴
۲۲۹۰	۲۲۹۷	۲۲۸۴	۲۲۸۷
۲۲۸۵	۲۲۸۶	۲۲۹۶	۲۲۹۱

۳۷۳۵	۱۴۹۱	۲۱۲۵	۲۸۹۴
۲۱۲۶	۲۸۹۳	۲۱۲۵	۱۴۹۰
۲۸۹۲	۲۱۲۴	۱۴۹۳	۲۲۷۷
۱۴۹۲	۲۲۷۸	۲۸۹۱	۲۱۲۴

۶۔ امراض تو انواع و اقسام کی ہیں۔ امراض کا علاج تعویذات و عملیات سے کرانا اب ختم ہو چکا ہے۔ طب یونانی اور حکماء کا چرچا ختم ہو چکا ہے۔ اب ڈاکٹری ایلوپیتھی کی چل رہی ہے۔ لیکن عورتوں یا مردوں کو جب اولاد پیدا کرنے سے باندھ دیا جاتا ہے تو پھر اس کا کوئی حل اور علاج کسی طریقہ علاج میں نہیں ہوتا۔ عام طور پر یہ کام کالے علم سے زیادہ ہو رہا ہے۔ کیونکہ نورانی علم کے عامل ایسا نہیں کرتے بلکہ مسائل کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں۔ درست کرتے ہیں۔

۸۳۵	۸۴۰	۸۴۷	
۸۴۶	۸۴۴	۸۴۲	
۸۴۱	۸۴۸	۸۴۳	

۷۵۶	۷۵۱	۷۵۸	
۷۵۷	۷۵۵	۷۵۳	
۷۵۲	۷۵۹	۷۵۴	

۱۷۲۱	۱۷۲۶	۱۷۳۳	
۱۷۳۲	۱۷۳۰	۱۷۲۸	
۱۷۲۷	۱۷۳۳	۱۷۲۹	

۳۳۵	۷۶۲	۳۶۶	
۳۶۵	۳۳۴	۷۶۴	
۷۶۳	۳۶۷	۳۳۳	

راٹھور 50 سالہ تقویم (2001 تا 2050)

زائچہ سازی کے لیے جس دوسری کتاب کی حد درجہ ضرورت پڑتی ہے وہ کواکبی جنتری، تقویم، Ephomris، کواکبی تقویم، کواکبی رفتاریں وغیرہ کے ناموں سے جانی جاتی ہے۔ راٹھور پبلشرز کے تحت یونانی حساب سے 50 سالہ تقویم تیار کی گئی ہے جو 2001 تا 2050 تک کی رفتاریں لیے ہوئے ہے۔ موجودہ اور آئندہ سالوں کے زائچے بنانے اور نجومی حساب کرنے کے لیے کواکبی تقویم کی حد درجہ ضرورت ہوتی ہے تاہم پاکستان میں ایسی کوئی کتاب دستیاب نہ تھی۔ بہرحال اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ''راٹھور 50 سالہ تقویم'' (2001 تا 2050) کے نام سے یہ کتاب اب آپ کے لیے پیش کر دی گئی ہے۔ ایک خاص بات جو اس حوالے سے تحریر کرنے والی ہے وہ یہ ہے کہ یہ کتاب اُردو زبان میں ہے اور وہ نجومی حضرات جو انگلش نہیں جانتے یا مکمل طور پر نہیں سمجھ سکتے ان کو بھی اس کتاب سے کام لینے میں کوئی دشواری پیش نہ آئے گی۔ اسے دیکھتے ہی آپ صاحب کتاب ''خالد اسحٰق راٹھور'' کی محنت کے قائل ہو جائیں گے۔

۷۔ بے وفا شعار اور اطاعت شعار ہو۔ اگر چہ خوبصورت نہ ہو۔ اپنی ذاتی کوشش سے محبوب بن جاتی ہے۔ خوبصورت ہو۔ مگر اس میں وفا، اطاعت اور بہر و محبت نہ ہو یا کسی غیر مرد کی محبت کا دم بھرے اور اسی غیر کے لیے گھر کا ماحول خراب کر دے۔ تو ایسی عورت کو گھر میں رکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ طلاق دینا پڑ جاتی ہے۔ یا قتل ہو جاتی ہے۔ اور اگر مرد خوبصورت ہو۔ تعلیم یافتہ ہو، ملازمت بھی رکھتا ہو۔ اس کے باوجود اس کا جسم کسی اور عورت کے لیے جان نثار ہو۔ تنخواہ بھی اسی پر خرچ ہو تو اس مرد کے گھر میں اس کی بیوی کا رہنا مشکل ہو جاتا ہے۔ عورت خود کیا کرے اور اپنی اولاد کو کیسے پالے۔ ماسوائے بے راہ روی اختیار کرے۔

۵۸۸	۵۹۱	۵۹۴	۵۸۱
۵۹۳	۵۸۲	۵۸۷	۵۹۲
۵۸۳	۵۹۶	۵۸۹	۵۸۶
۵۹۰	۵۸۵	۵۸۴	۵۹۵

۱۱۱۹	۱۱۲۲	۱۱۲۵	۱۱۱۲
۱۱۲۴	۱۱۱۳	۱۱۱۸	۱۱۲۳
۱۱۱۴	۱۱۲۷	۱۱۲۰	۱۱۱۷
۱۱۲۱	۱۱۱۶	۱۱۱۵	۱۱۲۶

۲۲۸۹	۲۲۹۲	۲۲۹۵	۲۲۸۶
۲۲۹۴	۲۲۸۳	۲۲۸۸	۲۲۹۳
۲۲۸۴	۲۲۹۷	۲۲۹۰	۲۲۸۷
۲۲۹۱	۲۲۸۶	۲۲۸۵	۲۲۹۶

۲۹۰	۲۱۳	۲۹۶	۲۸۳
۲۹۵	۲۸۴	۲۸۹	۲۹۴
۲۸۵	۲۹۸	۲۹۱	۲۸۸
۲۹۲	۲۸۷	۲۸۶	۲۹۷

۸۔ ایسا دشمن جو جائیداد پر قابض ہو چکا ہو۔ حق نہ دے رہا ہو۔ وراثت دبالی ہو یا قرضہ واپس نہ کر رہا ہو۔

۳۷۱	۱۴۷	۳۳۷
۱۴۹	۳۳۶	۳۷۳
۳۳۵	۳۷۵	۱۴۸

۹۲۱	۹۱۴	۹۱۹
۹۱۶	۹۱۸	۹۲۰
۹۱۷	۹۲۲	۹۱۵

۱۹۵۸	۱۹۵۱	۱۹۵۶
۱۹۵۳	۱۹۵۵	۱۹۵۷
۱۹۵۴	۱۹۵۹	۱۹۵۲

۹۔ دشمن پر فتح اور سفر میں فتح حاصل کرنے کے لیے جو دشمن کی طرف کیا جا رہا ہو۔ گویا مغلوبی دشمنان کے لیے نقوش پائیں۔

۳۱۰۹	۲۱۶۱	۱۳۰۳	۳۲۵۴
۱۳۰۴	۳۶۵۳	۳۱۱۰	۲۱۶۰
۳۶۵۲	۱۳۰۱	۲۱۶۳	۳۱۱۱
۲۱۶۲	۳۱۱۲	۳۶۵۱	۱۳۰۲

۳۱۴۷	۳۱۷۳	۳۱۶۷	۳۱۶۱
۳۱۶۹	۳۱۵۹	۳۱۴۹	۳۱۷۱
۳۱۵۷	۳۱۶۳	۳۱۷۷	۳۱۵۱
۳۱۷۵	۳۱۵۳	۳۱۵۵	۳۱۶۵

۱۵۱۶	۱۵۲۹	۱۵۲۶	۱۵۲۳
۱۵۲۷	۱۵۲۲	۱۵۱۷	۱۵۲۸
۱۵۲۱	۱۵۲۳	۱۵۳۱	۱۵۱۸
۱۵۳۰	۱۵۱۹	۱۵۲۰	۱۵۲۵

۱۰۔ دشمن طاقت ور ہو تو اس سے جنگ و جدل نہیں کی جاتی۔ پناہ اور امان مانگی جاتی ہے۔ یا پھر ایسا مقام و مرتبہ اور جاہ و حشمت حاصل ہو جائے کہ دشمن خوف کھانے لگے یا پھر اس کا مال و دولت اسے تباہ و برباد کر کے رکھ دے۔

۸۷۹	۲۷۶۴	۲۳۲	۱۹۹۰
۲۳۳	۱۹۸۹	۸۸۰	۲۷۶۳
۱۹۸۸	۲۷۶۶	۲۳۰	۸۸۱
۲۷۶۵	۱۹۸۷	۸۸۲	۳۳۱

۱۹۵۱	۱۹۶۴	۱۹۷۱	۱۹۵۸
۱۹۶۲	۱۹۵۷	۱۹۵۲	۱۹۶۳
۱۹۵۶	۱۹۵۹	۱۹۶۶	۱۹۵۳
۱۹۶۵	۱۹۵۴	۱۹۵۵	۱۹۶۰

۱۴۹۸	۱۵۲۳	۱۵۱۸	۱۵۱۲
۱۵۲۰	۱۵۱۰	۱۵۰۰	۱۵۲۲
۱۵۰۸	۱۵۱۴	۱۵۲۸	۱۵۰۲
۱۵۲۶	۱۵۰۴	۱۵۰۶	۱۵۱۶

۱۱۔ دشمن تو دشمن ہوتا ہے۔ اس سے خیر کی تو اُمید اور توقع نہیں ہوتی۔ دوست وہ ہوتا ہے جو مشکل وقت میں کام آئے اور اس سے ہر وقت خیر کی اُمید ہو۔ بلکہ ہر قسم کی اُمید ہو۔ اور اگر غیر بھی دوستی کا دم بھرنے لگ جائے تو اس کو تسخیر کہتے ہیں۔ تسخیر خلائق آج کل ہر آدمی کی ضرورت ہے۔ خاص طور پر دوکاندار، پروفیسر، سیاست دان، ڈاکٹر، چوہدری صاحب اور وڈیرہ صاحب وغیرہ۔ اور صاحب اختیار و اقتدار بھی شامل ہیں۔

۶۴۹	۶۷۵	۶۶۹	۶۶۳
۶۷۱	۶۶۱	۶۵۱	۶۶۳
۶۵۹	۶۶۵	۶۷۹	۶۵۳
۶۷۷	۶۵۵	۶۵۷	۶۶۷

۷۱۷	۷۳۰	۷۲۷	۷۲۳
۷۲۸	۷۲۳	۷۱۸	۷۲۹
۷۲۲	۷۲۵	۷۳۲	۷۱۹
۷۳۱	۷۲۰	۷۲۱	۷۲۶

۱۲۔ دشمن کمزور ہو تو اپنے دشمن پر عملیات، تعویذات اور جادو یا کالے علم کے ذریعے نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ مگر جب ملتا ہے تو اپنی دوستی جتلاتا ہے۔ وہی کمینہ دشمن ہے۔ ان سے بچنا چاہیے۔ مگر ایسے مکار اور عیار دشمن سے سوائے اللہ تعالیٰ کی پناہ سے اور کوئی نہیں بچا سکتا۔

۳۴۸۴	۳۴۹۷	۳۴۹۴	۳۴۹۱
۳۴۹۵	۳۴۹۰	۳۴۸۵	۳۴۹۶
۳۴۸۹	۳۴۹۲	۳۴۹۹	۳۴۸۶
۳۴۹۸	۳۴۸۷	۳۴۸۸	۳۴۹۳

زحل اور مشتری کے قرانات جو خاکی مثلثہ میں تھے۔ اب ختم ہونے والے ہیں۔ پھر یہ برج دلو کے پہلے درجہ کے نصف سے شروع ہونے والے ہیں۔ یہ 980 سال کا دور ہوتا ہے۔ بارہ بروج کے دورہ پر قرانات کے مطابق 2940 سال شمسی کے بعد یہ دور آ گیا ہے۔ اگر یہ بات سمجھ میں نہ آئی ہو تو یہ قران 20 سال بعد آ رہا ہے۔ پھر یہ قران 31 اکتوبر 2040ء بروز بدھ بوقت 16 بجکر 50 منٹ پر ہوگا۔ چنانچہ آپ یہ قیمتی وقت ضائع نہ کریں۔

☆☆☆☆☆

عبدالحئی راٹھور

ملازمت کی روشنی میں آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

حمل

عرصہ حکومت	21 مارچ تا 20 اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا، ل، ع، ی
خوش قسمت اعداد	9'7'2'1

خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 ستمبر

ملازمت کے سلسلے میں اور رشتے داروں سے ملنے ملانے کے لیے اندرون ملک سفر کریں گے۔ آپ کی توجہ فنون لطیفہ کی طرف زیادہ رہے گی۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ صحت بہتر رہے گی اور خوراک کی طرف توجہ زیادہ دیں گے۔ آپ کے اخراجات میں غیر ضروری اضافہ ہوگا۔ رواں عرصے میں آپ اکثر اوقات خیالوں میں گم رہیں گے اور خیالی پلاؤ پکاتے رہیں گے۔ جذباتی گفتگو کرتے وقت اپنے اوپر قابو رکھیں۔ ممکن ہے کہ آپ جلد بازی میں کچھ اُلٹا پلٹا بول دیں اور پھر تماشہ بن جائے۔

9 تا 16 ستمبر

ملازمت پیشہ افراد کو اپنی کسی غلطی کی وجہ سے نوکری سے ہاتھ دھونا پڑسکتا ہے یا بات نوکری چھوڑنے تک پہنچ جائے۔ بہت ممکن ہے کہ آپ کے خلاف سازش کی گئی ہو۔ قانونی معاملات نتیجہ خیز شکل اختیار نہ کرسکیں گے۔ کاروباری افراد کام میں بہتری کے لیے محنت کرتے نظر آرہے ہیں نیز ان کو محنت کا پھل بھی ضرور ملے گا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی پیدا ہوگی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، ریس وغیرہ کھیلنے والے افراد کو ان کاموں سے مالی آمدن ہوگی۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ شادی بیاہ کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ چند ایک پرانے دوستوں سے ملاقات بھی ہوگی۔ مکان یا سواری کی خریداری کرنے کے لیے جانا ہوگا۔ علاوہ ازیں کافی امکانات ہیں کہ آپ خرید لیں۔

17 تا 24 ستمبر

ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:.....

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کردیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعتِ کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِحَقِّ کٓہٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِنْ نُحُوْسَۃِ الْکَوَاکِبِ وَ رُجُوْعِہٖ وَ وَبَالِہٖ وَ سُوْءِ نَظْرِہٖ بِحَقِّ یَا اللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

عددی جدول

ا ی ق غ	۱
ب پ ک گ ر ژ	۲
ج چ ل ش	۳
د ڈ م ت ٹ	۴
ہ ن ث	۵
و س خ	۶
ز ژ ع ذ	۷
ح ف ض	۸
ط ص ظ	۹

مثال

اکبر ا ک ب ر

۱ ۲ ۲ ۲ = ۷

میں پریشانی کا سامنا ہوگا۔ کاروبار سے حاصل ہونے والے فائدہ میں کمی آئے گی۔ آپ کے تعلقات اپنے بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ بہتر نہ رہیں گے۔ نیز ان سے وابستہ کام کے حل میں دشواری کا سامنا بھی ہوگا۔ روحانی بزرگوں سے ملاقات آپ کے لیے فائدہ مند رہے گی، ساتھ ہی ان سے کئی باتیں سیکھنے کو بھی ملیں گی۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو رواں عرصے میں کوشش کریں، حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ آپ کی خواہشات آسانی سے پوری ہوتی نظر نہیں آ رہی ہیں۔ ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں بہت زیادہ محنت کرنا ہوگی۔

25 تا 30 ستمبر

حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ پوری طرح حل نہ ہو سکیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ نیز آپ کو محنت زیادہ کرنی ہوگی اور منافع اُمید کے مطابق نہ ہوگا۔ گاڑی، موٹر سائیکل وغیرہ پر اگر آپ کے اخراجات ہو رہے ہیں تو وہ بھی قابو میں آتے نظر آ رہے ہیں۔ خاندان یا عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ملنا جلنا تو ہوگا لیکن بہت کم۔ زمین و جائیداد، زیورات کی خرید و فروخت کے لیے یہ وقت آپ کے لیے بہتر ثابت نہ ہوگا۔ شریک حیات اور اولاد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی، لیکن معاملات جلد حل بھی ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	3-7-16-21-30
نحس تاریخیں	11-18-19
لکی نمبر	0-6-8

علوم مخفی کی تمام شاخوں پر کتب دستیاب ہیں۔
مکمل فہرست جوابی خط ارسال کر کے طلب کریں

ثور

عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8 ستمبر

مالی حالات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ اگر انعامی سکیمیں، بانڈ، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے بھی فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کی کوششیں رنگ لاتی نظر نہیں آ رہی ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں کسی پریشانی کا سامنا ہے تو اب دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ خفیہ دشمنوں کی وجہ سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کے اپنے بڑے، بہن بھائیوں اور یار دوستوں کے ساتھ تعلقات میں تھوڑی بہت اونچ نیچ آتی نظر آ رہی ہے۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ حل ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ لیکن اگر وہ قانونی نوعیت کی شکل اختیار کر چکا ہے تو وہ حل ہو جائے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔

9 تا 16 ستمبر

مالی معاملات میں تنگی کا سامنا رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر، ریس وغیرہ کے ذریعے پیسہ حاصل کرنے کی کوشش کرنا فضول ہے کیونکہ آپ کا کوئی انعام نکلنے کی اُمید نہیں ہے۔ قانونی معاملات میں آپ کی دخل اندازی بڑھے گی نیز اس حوالے سے خوشخبری سننے کو مل سکتی ہے۔ پیسہ کمانے کی غرض سے سفر کے لیے جانا ہوگا۔ لوگوں کے ساتھ زبانی کلامی لڑائی جھگڑے ہوں گے۔ آپ کو یار دوستوں سے اپنی بات منوانے کے لیے کافی زیادہ محنت کرنا ہوگی۔ قرض لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو اس میں کامیابی کی اُمید نظر نہیں آ رہی۔ عبادات کی ادائیگی کا خاص خیال رکھیں گے۔ طالب علموں کو تعلیم کے حوالے سے درپیش مسائل بھی دور ہو جائے گے۔

17 تا 24 ستمبر

ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو بھی کام میں پریشانیوں کا سامنا ہوگا، لیکن ان کو درپیش مسائل جلد حل ہو جائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں یا اس کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی محنت رنگ لاتی نظر آ رہی ہے۔ ساس کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات بہتر ہو جائیں گے۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو آپ کی یہ خواہش پوری ہوتی نظر آ رہی ہے۔ بیرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے نقصان دے رہے گا۔

25 تا 30 ستمبر

آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کاروبار میں پریشانی کا سامنا رہے گا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہوتی نظر آ رہی ہے اور تعلقات میں بھی بہتری آئے گی۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں کوشش کریں، سفر ممکن ہے۔ حکومتی اور قانونی نوعیت کے مسائل حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ رشتے داروں اور یار دوستوں سے میل جول زیادہ رہے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم اور دوسرے کاموں کی طرف زیادہ رہے گی۔ ملازمین

سے وابستہ کام حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔

سعد تاریخیں	5-9-27
نحس تاریخیں	12-13-21
لکی نمبر	4-5-7

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 ستمبر

انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس سے فائدہ ہوگا۔ آپ کے اخراجات میں کمی آتی نظر آ رہی ہے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری بھی آئے گی۔ لوگوں کے ساتھ اندازِ گفتگو میں بہتری آئے گی جس کی وجہ سے عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ آپ کی صحت میں تھوڑی بہت خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ مکمل طور پر حل نہ ہو سکیں گے۔

9 تا 16 ستمبر

کاروباری افراد کی مالی فائدہ حاصل کرنے کے لیے کی گئی کوششیں ناکام ثابت ہوں گی۔ گھریلو معاملات اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری کی کوئی توقع نہیں ہے۔ اکثر موقعوں پر آپ اپنا ذہنی توازن بھی کھو بیٹھیں گے۔ جس کی وجہ سے آپ کوئی غلط حرکت یا فیصلہ کر لیں گے۔ سفر کرتے نظر آ رہے ہیں۔ جوا وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے بھی مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کے نوکری کے حوالے سے مسائل حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ اُمیدوں کو پورا کرنے کے لیے محنت کریں گے۔ علاوہ ازیں کامیابی کی توقع بھی ہے۔ سواری یا مکان وغیرہ خریدنا چاہتے ہیں تو اس عرصہ میں اس کام سے باز رہیں۔

17 تا 24 ستمبر

ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ مالی حالات میں بہتری آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اگر ان سے وابستہ کوئی کام درپیش ہیں تو وہ بھی حل ہو جائیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ زمین و جائیداد، گاڑی وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو سفر آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ طالب علموں کی توجہ مکمل طور پر تعلیم کی طرف نہ ہوگی۔ ان کا دھیان دوسرے کاموں میں ہوگا۔

25 تا 30 ستمبر

آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ نیز آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں بھی خرچ نہیں کریں گے۔ زمین و جائیداد، گاڑی وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے نقصان دے رہے گا۔ اندرون یا بیرون ملک سفر کی خواہش ہے تو وہ عملی شکل اختیار کرتی نظر نہیں آ رہی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے آپ کو فائدہ ہوگا۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ نیز سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کا رویہ عشق و محبت والا رہے گا۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کی چند ایک اُمیدیں پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔

سعد تاریخیں	3-7-11-21-30
نحس تاریخیں	16-23-24
لکی نمبر	2-7-9

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ھ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8 ستمبر

انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف پوری طرح ہوگی۔ اندرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو ان دنوں میں آپ کی محنت رنگ لائے گی۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ کاموں میں چھوٹی موٹی پریشانیوں کا سامنا ہوگا، لیکن مسائل جلد حل ہو جائیں گے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی۔ بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ آپ کے انداز گفتگو میں بہتری آئے گی۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کا فیصلہ اگر ہوتا ہے تو وہ پوری طرح آپ کے حق میں نہ ہوگا۔

طلسمات زہرہ

محبت کے متوالوں کے لیے ایک نایاب کتاب۔ یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ محبت اور تسخیر کے موضوع پر ایک عربی کتاب کے ترجمے پر مشتمل ہے۔ جبکہ دوسرا حصہ ان ابواب پر مشتمل ہے جو خالد اسحاق راٹھور نے محبت، تسخیر، شادی، اتفاق، تفریق، الفت وغیرہ جیسے امور پر تحریر کئے ہیں۔ اپنے نفس مضمون کے اعتبار سے یہ کتاب محبت و تسخیر کے حوالے سے آپ کے ہر مسئلے کا حل لیے ہوئے ہے۔ نئے ایڈیشن میں چند اہم مضامین کا خصوصی اضافہ کیا گیا ہے۔ ایک جامع اور آسان فہم کتاب۔

9تا 16ستمبر

سفر کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ کیونکہ اگر آپ سفر کرتے ہیں تو آپ کو اپنے مقصد میں کامیابی نہ مل سکے گی نیز سامان چوری ہونے کا اندیشہ بھی ہے۔ غیر ضروری اخراجات میں اضافہ کا اندیشہ ہے۔ اولاد کی طرف رجحان زیادہ رہے گا۔ نیز ان کے ساتھ مل بیٹھ کر باتیں کریں گے اور خوشی محسوس کریں گے۔ ذہنی طور پر پریشانی کا شکار ہیں تو وہ کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے۔ کاروباری افراد کے کام میں تیزی آئے گی، نیز ان کے مالی معاملات بھی بہتر رہیں گے۔ وہ افراد جو کرایہ داروں کی تلاش میں ہیں ان کو بہتر کرائے دار ملنے کی توقع ہے۔ برے خواب آئیں گے۔ صدقہ خیرات کریں۔

17تا24ستمبر

قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ آپ کو ملتا نظر نہیں آ رہا۔ وراثت وغیرہ جیسے مسائل کا شکار ہیں تو اس کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف رہے گی۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں تھوڑی بہت اونچ نیچ رہے گی۔ نیز آپ کے ان پر اخراجات بھی ہوں گے۔ اگر پہلے کبھی کسی خطرناک بیماری کا سامنا کر چکے ہیں تو دوبارہ اس کی وجہ سے پریشانی کا سامنا ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں اگر کسی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو وہ مسئلہ حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔

25تا30ستمبر

مخالف اور دشمن آپ کے راستے میں رکاوٹیں ڈالتے نظر آ رہے ہیں۔ شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ان پریشانیوں کی وجہ زیادہ تر آپ کا شریک کار ہوگا۔ آپ کا اندازِ گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ ہوگا۔ ساس کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کی کوشش رنگ لاتی نظر نہیں آ رہی۔ آپ کے تعلقات اپنے داماد کے ساتھ بہتر نہ رہیں گے۔ اگر کسی مزمن بیماری کا شکار تھے تو صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	5-9-27
نحس تاریخیں	11-18-19-26
لکی نمبر	0-5-8



عرصہ حکومت	23جولائی تا23اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م
خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا 8ستمبر

بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے، نیز بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ ملنا جلنا بھی رہے گا۔ چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آتی ہیں۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ سیر و تفریح کے مواقع ملیں گے، لیکن آپ جا نہ سکیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو کوشش کریں سفر ممکن ہے اور آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ پریشانی بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہے اور کاروبار میں بھی بہتری آئے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں یا پہلے سے کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی محنت رنگ لاتی نظر نہیں آ رہی۔

9تا 16ستمبر

خواہشات کے پورے ہونے کی کوئی اُمید نظر نہیں آتی۔ مالی معاملات کو لے کر بھی پریشانی آئے گی۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ بچوں کی طرف رجحان بڑھے گا۔

ان کی پرورش پر بھی آپ خاصی توجہ دیں گے۔ وراثتی معاملات دوبارہ زیر بحث آئیں گے، لیکن کوئی حتمی فیصلہ نہ ہو سکے گا۔ آپ دینی و دنیاوی دونوں طرح کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے کوشاں رہیں گے۔ انعامی سکیمیں بانڈ نمبر کھیلنے والے افراد کا ان دنوں میں انعام نکلنے کی اُمید ہے۔ ادھار دی ہوئی رقم یا اشیاء کے واپسی ملنے کے امکانات نظر نہیں آ رہے۔

17 تا 24 ستمبر

رواں عرصے میں انعامی سکیمیں بانڈ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ خواہشات کی تکمیل میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ بہن بھائیوں، رشتے داروں اور یار دوستوں کے ساتھ ملنا جلنا کم رہے گا۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ آپ کو صحت کے حوالے سے چند ایک مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کا شکار ہیں تو ان کا فیصلہ اس عرصے میں ہونا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف رہے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف ضرورت کے مطابق رہے گی۔

25 تا 30 ستمبر

کاروبار سے منسلک افراد کو بھی کام میں پریشانی کا سامنا ہو گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں ان بن ہوتی رہے گی۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔ دشمنوں اور مخالفوں سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف رہے گا۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ آپ کا اپنے یار دوستوں سے ملنا جلنا رہے گا، نیز ان کے ساتھ سیر و تفریح پر بھی جائیں گے۔ صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ صحت میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ اندرون ملک سفر کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔

سعد تاریخیں	3-7-16-26-30
نحس تاریخیں	12-13-21
لکی نمبر	2-7-8

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8 ستمبر

کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ لیکن اگر آپ ان کا مقابلہ کریں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے اور مسائل حل ہو جائیں گے۔ علوم مخفی کی طرف آپ کی توجہ زیادہ رہے گی۔ حکومتی عہدیداروں یا قانونی نوعیت کے کوئی مسائل درپیش ہیں تو کوشش کرنے سے وہ حل ہو جائیں گے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ آتی رہے گی۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے اور اگر ان سے وابستہ کوئی کام ہیں تو وہ بھی حل نہ ہو سکیں گے۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ پوری طرح تعلیم کی طرف نہ رہے گی۔

9 تا 16 ستمبر

کاروباری افراد کو کام کے حوالے سے تنگی کا سامنا رہے گا۔ علاوہ ازیں نئے کاروبار کے آغاز کے لیے سعد وقت نہیں ہے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، نمبر، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے مالی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ وہ افراد جو وراثتی معاملات کی وجہ سے پریشان ہیں ان کے مسائل میں کمی آئے گی۔ وراثتی معاملات کا کوئی نہ کوئی حل ضرور نکل آئے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ آپ گھر میں رہنا اور گھر کے لوگوں کے ساتھ وقت گزارنا پسند کریں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ میل ملاقات زیادہ رہے گی۔ نیز سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ حکومتی افسران سے کام کے حل کے لیے توقعات رکھنا بے کار ہیں، یہ آپ کا کوئی کام بھی نہ کریں گے۔

17 تا 24 ستمبر

انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے کوئی خاص فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو سفر ممکن ہے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ معاشرے میں آپ کی عزت میں کمی آتی نظر آ رہی ہے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں اونچ نیچ کا سامنا رہے گا۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا رہے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف رہے گا۔ نیز آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں بھی خرچ کریں گے۔ زمین و جائیداد، زیورات وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔

25 تا 30 ستمبر

ملازمت پیشہ افراد کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انعامی سکیمیں،

لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں، کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ کاروباری حضرات کے کاروبار میں تھوڑی بہت بہتری آئے گی۔ دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ شریک حیات کے ساتھ کوئی ناراضگی تھی تو اس وقت معاملات میں مثبت تبدیلی آتی نظر آ رہی ہے۔ صحت کے حوالے سے احتیاط کی ضرورت ہے۔ ان دنوں میں صحت خراب ہونے کے امکانات ہیں۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام ہیں تو وہ سفارش کے بغیر حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کی اپنی اولاد کے ساتھ ناراضگی پیدا ہوتی نظر آ رہی ہے۔

سعد تاریخیں	5-9-27
نحس تاریخیں	16-23-24
لکی نمبر	5-7-9

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ژ، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 ستمبر

دراثت وغیرہ جیسے مسئلہ کا شکار ہیں تو کوشش کریں آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا اور اس کا فیصلہ کافی حد تک آپ کی اُمید کے مطابق ہو گا۔ ملازمت سے وابستہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ آپ اپنی ذات پر زیادہ توجہ دیں گے اور صحت میں بھی بہتری آئے گی۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں ہے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا لیکن اگر آپ کوشش کریں تو یہ پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام سفارش کے بغیر حل نہ ہو سکیں گے۔

9 تا 16 ستمبر

بیرون ملک سفر کرنا کسی صورت بھی سود مند ثابت نہ ہو گا۔ کیونکہ دوران سفر آپ کافی پریشانیوں اور مسائل سے گھیرے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ملازمت پیشہ لوگ کام کے حوالے سے لاپرواہی کا مظاہرہ کریں گے۔ جوان کے لیے بہتر ثابت نہ ہو گا کیونکہ آپ کی اس کمزوری سے آپ کے مخالف اور دشمن فائدہ اٹھائیں گے اور آپ کے لیے مسائل پیدا کریں گے۔ گھریلو سکون میسر آئے گا۔ انٹرلیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بڑھے گی۔ نیز بہن بھائیوں اور والدین کی طرف سے بھی راہنمائی ملے گی۔ نئے شادی شدہ جوڑے کو ایک دوسرے کو سمجھنے کے لیے بہتر وقت ہے۔ علاوہ ازیں شریک حیات کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جائیں گے/گی۔

17 تا 24 ستمبر

خفیہ دشمن آپ کے خلاف سازش کرتے نظر آ رہے ہیں اور ان کو اپنے مقصد میں کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو ان کی پریشانی بھی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ آپ کی اُمید کے مطابق حل نہ ہو سکیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس سے فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ سیر و تفریح کے پلان بنائیں گے، لیکن جا نہ سکیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو سفر ممکن ہے، نیز مقصد میں کامیابی ملے گی۔ پرانے دوستوں سے میل ملاقات ہو گی۔ مکان / سواری کی مرمت پر اخراجات کریں گے۔

25 تا 30 ستمبر

انٹرلیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ پچھلے دنوں میں آپ کی کوئی چیز گم ہوئی ہے تو وہ ملتی نظر آ رہی ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ قرضہ لینے کے بارے میں سوچ رہے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں تو اس عرصے میں آپ کو کامیابی نہ مل سکے گی۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس میں فائدہ ہو گا۔

عملیات اسمائے ربی

کتاب اس حوالے سے خاص طور پر ممتاز ہے کہ پہلی دفعہ اسمائے الحسنیٰ کے روحانی اثرات کے ساتھ ساتھ ضروری نقوش و دیگر اُمور کو کھول کر بیان کر دیا گیا ہے۔ تاکہ ہر مسلمان اِن اسمائے ربی کے روحانی و عملیاتی خواص سے فائدہ اُٹھا سکے۔ یہ کتاب چار سو صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں کم و بیش 300 نقوش دیئے گئے ہیں، جن سے ہر فرد فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	3-7-16-21-30
نحس تاریخیں	18-19-26
لکی نمبر	0-3-7

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8'3'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 ستمبر

انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اُمید کے مطابق فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ تلخ رہے گا۔ یار دوستوں کے ساتھ گھومنے کے لیے جائیں گے۔ ان دنوں اپنی روز مرہ مصروفیات سے ہٹ کر کچھ نئی سرگرمیاں کرنے کا شوق اُجاگر ہوگا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے لیکن مقررہ وقت پر نہیں۔ ملازمت سے وابستہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ اگر کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو صحت میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں خرچ نہیں کریں گے۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔

9 تا 16 ستمبر

بیماری طوالت اختیار کر جائے گی۔ آپ کو دوا کے ساتھ ساتھ روحانی علاج کی ضرورت بھی ہے۔ (اس سلسلے میں آپ ہمارے ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں)۔ جوا، گھڑ سواری کھیلنے سے باز رہیں آپ کو کامیابی ملنے کی کوئی توقع نہیں ہے۔ قانونی معاملات کو لے کر پریشان ہیں تو اب آپ کے پاس وقت ہے کہ جب آپ کو ان کا ایک بہتر حل مل جائے گا۔ مالی معاملات میں بہتری آئے گی۔ لوگوں کے ساتھ بول چال بڑھے گی۔ کسی کو قرض نہ دیں، کیونکہ وہ رقم واپس ملنے کی کوئی اُمید نظر نہیں آتی۔ رشتے داروں اور ہمسایوں سے ملنا جلنا رہے گا۔ منگنی، نکاح کرنے کے لیے بھی سعد تاریخیں ہیں۔

17 تا 24 ستمبر

انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں کوئی خاص تبدیلی آتی نظر نہیں آ رہی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، جوا وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ لوگوں سے اچھے لہجہ میں گفتگو کریں گے اور نئے تعلقات استوار کرنے کی کوشش کریں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔

25 تا 30 ستمبر

بیماری میں مبتلا ہیں تو رواں دنوں میں صحت ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ عشق و محبت کے معاملات کی طرف توجہ رہے گی۔ اندرون ملک سفر کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو سفر ممکن نہیں ہے۔ بہن بھائیوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا بھی کم رہے گا۔ ملازمین سے وابستہ کام مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ کاروباری حضرات کو کام میں پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ نیز کاروبار سے حاصل ہونے والے فائدے میں بھی کمی آئے گی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو کامیابی حاصل ہوگی۔ انعامی سکیمیں کھیلتے ہیں تو اس سے بھی آپ کو فائدہ ہوگا۔ حکومتی اداروں اور عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں اگر پریشانی ہے تو وہ بھی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔

سعد تاریخیں	5-9
نحس تاریخیں	12-13-21
لکی نمبر	3-4-9

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج، پنا، روبی
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا، ہلکا زرد

یکم تا 8 ستمبر

شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اور ان کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے جانا بھی ہوگا۔ مخالفین اور خفیہ دشمن آپ کے لیے مشکلات پیدا کرتے نظر آ رہے ہیں۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے کام میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بھرپور رہے گی۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے گی۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو کوشش کریں حل ہو جائیں گے۔

جذبات میں توازن

موتی

کیا آپ محسوس کرتے ہیں آپ کے جذبات میں بے توازنی اور بے قابو پن کا اثر رہتا ہے اور اس میں کسی نہ کسی درجے کی شدت پیدا ہو جاتی ہے تو پھر ایک ایسا موتی جو وزن میں کم وبیش سات کیرٹ کے وزن کا حامل ہو مفید ثابت ہوگا۔ ہاں اگر جیب اجازت دیتی ہو تو زیادہ وزن کا موتی استعمال کریں تاکہ اس کی معدنیاتی اور جواہراتی شعاعیں زیادہ طاقت ور اور موثر انداز میں فرد پر اپنے اثرات ظاہر کر سکیں۔ عام نفسیاتی اور جذباتی امور کے حل کے لیے بھی یہ لاجواب اور موثر ترین جواہر ہے۔ عملی تجربہ ہی آپ کو اس کے اثرات سے حقیقی معنی میں متعارف کروا سکتا ہے۔

9 تا 16 ستمبر

کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے یہ وقت اپنے ساتھ مسائل لے کر آ رہا ہے۔ یہ وقت ان کے لیے سخت ثابت ہوگا۔ اس دوران آپ کی جمع پونجی آپ کے اخراجات پورے کرنے میں کام آئے گی۔ انعامی سکیمیں، جوا، ریس وغیرہ کھیلنے والے افراد انعام حاصل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ صحت میں بہتری آئے گی۔ نیز خوراک کی طرف بھی خاص توجہ دیں گے۔ یار دوستوں کے ساتھ گھومنے پھرنے کے لیے جائیں گے۔ حکومتی افسران سے متعلق کام ہونے کی کوئی توقع نہیں۔ سواری، جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کی ڈیل کرتے ہیں تو یہ حتمی شکل اختیار نہ کر سکے گی۔ نیز مخالف شخص کی نیت بھی صاف نہیں ہے، آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کرے گا۔

17 تا 24 ستمبر

چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا۔ مذہبی مقامات کی زیارتیں اندرون شہر ممکن ہیں لیکن بیرون شہر ممکن نہیں۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ اگر قانونی نوعیت کی شکل اختیار نہیں کر چکا تو وہ حل ہو جائے گا۔ خاندانی یا ذاتی زمینیں ہیں تو اس سے بھی آپ کو فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔

25 تا 30 ستمبر

آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں بھی کم خرچ کریں گے۔ قانونی نوعیت کے مسائل ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ ضرورت کے مطابق نہ رہے گا۔ جس کی وجہ سے آپ کے کئی ہوتے ہوئے کام بھی نہ ہو سکیں گے۔ قرضہ لینے کا ارادہ کر رکھا ہے تو اس ارادے کو عملی شکل دینے کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اندرون ملک سفر کے بارے میں پلان بنایا ہے تو کوشش کریں ان دنوں میں چلے جائیں گے۔ یہ سفر شریک حیات کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے اور اکیلے بھی۔ آپ کو والدہ کی صحت کے حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔

سعد تاریخیں	7-11-21-26
نحس تاریخیں	12-13-23-24
لکی نمبر	3-5-7

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ، ج، گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، سفید، سبز

یکم تا 8 ستمبر

اولاد کے معاملات میں توجہ طلب ہوں گے۔ اندرون ملک سفر کرتے ہیں تو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ نوکری یا حصول تعلیم کے سلسلے میں بیرون ملک جانے کے لیے اپلائی کرنے کے لیے اچھا وقت ہے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو کوشش کریں کامیابی ملتی نظر آتی ہے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں بھی خرچ کریں گے۔ ذاتی یا خاندانی زمینیں ہیں تو اس سے کوئی خاص آمدن ہوتی نظر نہیں آ رہی۔ لیکن اگر اس کا کوئی مسئلہ وغیرہ ہے تو کوشش کریں اس کا فیصلہ آپ کے حق میں ہو جائے گا۔

9 تا 16 ستمبر

سفر کرنے کے لیے موزوں وقت نہیں ہے جس مقصد کے لیے آپ سفر کریں گے، وہ حل نہ ہو سکے گا۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ نا اُمید نہ ہوں اور اپنی کوششوں کو جاری رکھیں۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ حکومتی افسران سے وابستہ کام حل ہو جائیں گے۔ نئے کاروبار کا آغاز کرنے کے لیے سعد وقت ہے۔ وہ افراد جو پہلے سے ہی کاروبار کر رہے ہیں ان کی آمدن میں بھی اضافہ ہوگا۔ چوٹ لگنے کا

اندیشہ ہے۔ رشتے دار آپ کے لیے مسائل پیدا کرتے نظر آتے ہیں۔ اُمیدوں اور خواہشات کو عملی شکل دینے کے لیے کوشاں رہیں گے۔ نیز اس حوالے سے کامیابی ملنے کی توقع ہے۔ لڑائی جھگڑوں جیسے کاموں کی طرف آپ کا رجحان رہے گا۔

17 تا 24 ستمبر

والدین کے ساتھ وقت گزریں گے۔ وہ افراد جو بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کا کام ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ آپ کی توجہ اپنی ذات کی طرف کم رہے گی۔ مالی حالات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ ملازمت سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک مسائل کا سامنا ہوگا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ سخت رہے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر رہے تھے تو رواں عرصے میں آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ کاروباری حضرات کو کام میں منافع حاصل ہوگا، لیکن ان کو اس کے لیے محنت زیادہ کرنا ہو گی۔ اعلیٰ درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف ضرورت کے مطابق نہ ہو گی۔

25 تا 30 ستمبر

آپ کو مالی حوالے سے چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر آپ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ ملتا نظر نہیں آ رہا ہے۔ کاروباری حضرات کے کام میں بہتری آئے گی۔ دوران ڈرائیونگ احتیاط کریں کسی حادثہ کا شکار ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کو درپیش مسائل بھی حل ہو جائیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہوگا۔ جس کی وجہ سے آپ کے کئی کام حل نہ ہو سکیں گے۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کو اپنی خواہشات کی تکمیل میں پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ آپ کا رجحان مذہبی اُمور کی طرف رہے گا۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو وہ حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔

سعد تاریخیں	9-27

نحس تاریخیں	11-18-19-26
لکی نمبر	6-7-9

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8 ستمبر

انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی، اور ان کے ساتھ سفر بھی کریں گے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ زیورات، زمین وغیرہ کی فروخت آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گی۔ ذاتی کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو سفر کافی مشکل ہے اور اگر چلے بھی گئے تو پریشانیوں کا سامنا رہے گا۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ ہے تو کوشش کریں وہ حل ہو جائے گا۔

9 تا 16 ستمبر

اولاد کی تربیت کی طرف آپ کی توجہ کم جائے گی۔ نیز اولاد قابو سے باہر ہوتی نظر آ رہی ہے۔ اپنی خواہشات اور اُمیدوں کو پورا کرنے میں مگن رہیں گے۔ علاوہ ازیں کامیابی کی کافی توقع ہے۔ گھریلو معاملات میں بہتری آئے گی۔ مالی معاملات میں اونچ نیچ رہے گی۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو ملنے کی اُمید نہیں ہے۔ حکومتی افسران آپ کے کام جلد اور آسانی سے حل کر دیں گے۔ انعامی سکیمیں، بانڈ، ریس وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے نقصان کے سوا کچھ ملتا نظر نہیں آتا۔ وہ طالب علم جو پڑھائی کی غرض سے بیرون ملک جانے کی کوشش کر رہے ہیں ان کی محنت رنگ لاتی نظر آتی ہے۔ آپ اپنا وقت اور پیسہ عشق و محبت جیسے کاموں میں ضائع کریں گے۔ آپ کا انداز گفتگو تلخ رہے گا۔

17 تا 24 ستمبر

اولاد کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ خفیہ دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی

لوح بدنظری

بدنظر، بدنظری، نظر لگنا، نظروں میں کھا جانا، نظر لگانا سے مراد کسی بھی مرد و زن کی وہ نظر اور دیکھنے کا طریقہ و نیت ہے جو سامنے والے کو مشکل و پریشانی میں ڈال دے اور دیکھتے ہی دیکھتے ہنستے بستے گھر یا معاملے کا بیڑا غرق کر دے اور انسان کو یہ سمجھ ہی نہ آئے کہ یہ کیا ہوا ہے؟ دودھ پیتے بچے کا ایک دم دودھ چھوڑ دینا، پڑھتے بچے کا پڑھائی چھوڑ دینا، لگی ہوئی نوکری کا اچانک ختم، چلتے کاروبار کی بندش، اچھی خاص صحت ہوتے ہوئے بیماری کا جکڑ لینا اور ایسے ہی ملتے جلتے بدنظری کے مسائل کے حل کے لیے ہی لوح بدنظری موثر و مفید ثابت ہوتی ہے۔

تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ رشتے داروں اور یار دوستوں کے ساتھ ملنا جلنا رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی، نیز ان کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کی توجہ اپنی ذات پر کم رہے گی۔ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی ہے۔

25 تا 30 ستمبر

بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی تھی تو اب تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کی توجہ اپنی ذات کی طرف کم رہے گی۔ کاروبار سے منسلک افراد کو چھوٹے موٹے مسائل کا سامنا رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ تھوڑی بہت ناراضگی رہے گی۔ دشمنوں کی وجہ سے مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں بھی خرچ کریں گے۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ ساس کے ساتھ ان بن رہے گی۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔

سعد تاریخیں	3-11-16-26-30
نحس تاریخیں	12-13-18-19
لکی نمبر	0-2-8

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ

منسوبی کواکب	مشتری ہنچون
منسوبی حروف	ج، د
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 ستمبر

بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی، نیز ان سے ملنا جلنا بھی رہے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک مسائل کا سامنا ہو گا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ سخت رہے گا۔ اگر کسی خطرناک بیماری کا شکار ہیں تو رواں عرصے میں صحت میں بہتری آئے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل نہ ہو سکیں گے۔

9 تا 16 ستمبر

منگنی، نکاح کرنے کے لیے موثر وقت نہیں ہے۔ وہ افراد جو رشتے کی تلاش میں ہیں ان کی بات چلتی نظر آ رہی ہے۔ کاروباری افراد کو مالی فائدہ حاصل کرنے کے لیے سخت محنت کرنا ہو گی۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو آپ کے پاس وقت ہے کہ جب ان سے نجات حاصل کر سکتے ہیں۔ سفر کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں تو اب آپ سفر کے لیے جا سکتے ہیں۔ یہ سفر سیر و تفریح کے لیے بھی ہو سکتا ہے اور تعلیم کے حصول یا کسی کام کے سلسلے میں بھی ممکن ہے۔ ساس کے ساتھ تعلقات خراب رہیں گے۔ اپنے کام خود کرنے کی کوشش کریں، کسی کی مدد لینا کام میں تاخیر کا باعث بنے گا، نیز وہ شخص آپ سے مخلص بھی نہ ہو گا۔

17 تا 24 ستمبر

بڑے، بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ملنا جلنا بھی کم رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس سے فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی اور وہ آپ کے حکم کی تکمیل بھی کریں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ دور ہو جائے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔

25 تا 30 ستمبر

لڑائی جھگڑے جیسے کاموں سے دور رہیں، چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے، اور ساتھ ہی یہ معاملہ قانونی نوعیت کی شکل بھی اختیار کر سکتا ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ نیز ان کے ساتھ ملنا جلنا بھی کم رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ آپ کو اپنی خواہشات کی تکمیل میں کافی محنت کرنا پڑے گی۔ اگر کسی شخص نے آپ سے قرضہ لیا ہوا ہے تو قرضہ کی رقم واپس ملتی نظر آ رہی ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں چند ایک مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ قانونی نوعیت کے مسئلے کا شکار ہیں تو وہ حل ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو وہ ممکن نہیں۔

سعد تاریخیں	5-27
نحس تاریخیں	16-23-24
لکی نمبر	0-1-9

☆☆☆☆☆

مجموعہ اعمال مجربہ سورہ فاتحہ شریف

محمد عبداللہ خان نقشبندی

پہلی فصل سورہ الحمد شریف کے فضائل کے بیان میں

احادیث اور بزرگان کے اقوال میں سورہ الحمد شریف کے فضائل اس قدر کثرت سے آئے ہیں کہ جو مختصر طور پر بھی رسالہ ہذا میں درج نہیں ہو سکتے۔ قرآن شریف اور احادیث میں تیس سے زیادہ صرف اس سورۃ کے نام آئے ہیں۔ منجملہ اُن کے چند نام یہ ہیں۔ جو بہت زیادہ مشہور ہیں۔ فاتحۃ الکتاب، سبع مثانی، قرآن عظیم، اُم القرآن، سورۃ وافیہ، سورۃ کافیہ، سورۃ شفا، سورۃ رقیہ وغیرہ۔ اب رہے فضائل سو اُس کے فضائل میں ہے۔ ایک حدیث تو یہ ہے کہ جس کو ترمذی نے حضرت ابی ہریرہ سے روایت کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی جان کی قسم کھا کر یہ فرمایا کہ توریت و انجیل و زبور اور قرآن میں کوئی سورت مثل اس صورت کے نازل نہیں ہوئی۔ کیونکہ سبع مثانی اور قرآن عظیم یہی سورت ہے اور یہ حدیث حسن ہے اور ایک حدیث میں آیا ہے کہ جس نے سورۃ فاتحہ کو پڑھا گویا اُس نے توریت و انجیل و زبور و قرآن اور صحف ادریس و ابراہیم علیہ السلام کو سات سات دفعہ پڑھا اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ سورۃ فاتحہ اُس خزانے سے کہ جو عرش کے نیچے سے نازل ہوئی ہے اور فرمایا کہ دوزخ کے سات دروازے ہیں اور سورۃ فاتحہ کی سات آیات ہیں جو کوئی سورۃ فاتحہ پڑھتا ہے تو دوزخ کے ساتوں دروازے اُس پر حرام ہو جاتے ہیں اور فرمایا سورۃ فاتحہ غضب کو روکتی ہے اور فرمایا کہ سورۃ فاتحہ میں ستر شفا ہیں اور فرمایا کہ سورۃ فاتحہ میں زہر کی شفا ہے اور کتاب احیاء العلوم میں حضرت علی سے منقول ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ اگر میں چاہوں تو صرف سورۃ فاتحہ کی تفسیر ستر اونٹوں پر لادوں منقول ہے کہ خدا نے ایک سو چار کتابیں دنیا میں نازل کی ہیں ان کا خلاصہ قرآن شریف میں ہے اور جو کچھ قرآن شریف میں ہے وہ سب سورۃ فاتحہ میں ہے اور جس نے سورۃ فاتحہ کو پڑھا گویا اُس نے تمام کتب اللہ کو پڑھا اور جس نے سورۃ فاتحہ کی تفسیر سمجھ لی گویا اُس نے تمام خدائی کتب کی تفسیر سمجھ لی۔

دوسری فصل سورۃ فاتحہ کے اعمال مجربہ و مستند کے بیان میں

برائے امن از آفات درشب:

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص سوتے وقت سورۃ فاتحہ اور قل ھو اللہ پڑھے تو وہ بجز موت کے تمام تکلیف دینے والی چیزوں سے امن میں رہے گا۔ روایت بزار اور علامہ بونی نے کتاب شمس المعارف میں لکھا ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو شخص سوتے وقت ایک بار سورۃ فاتحہ تین بار سورۃ قل ھو اللہ اور ایک ایک دفعہ سورۃ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھے تو وہ بجز موت کے سب موذی چیزوں سے امن میں رہے گا۔

برائے جمیع مطالب دینی و دنیوی:

ابن سبین نے اپنی کتاب کنز المقربین میں ایک قصیدہ حضرت علی سے نقل کیا جس کو علامہ بونی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب شمس المعارف میں نقل کیا ہے۔ خلاصہ اُس قصیدہ کا یہ ہے کہ جو شخص روزانہ پانچوں نمازوں کے بعد سورۃ فاتحہ حسب ترتیب ذیل سو دفعہ روزانہ پڑھے اور اُس پر مداومت کرے تو اس شخص کے تمام دینی و دنیوی حاجات بلا طلب پوری ہوتی رہیں گی اور اُس کے رزق و عزت و مرتبہ میں روز نفیروں ترقی ہوگی۔ دشمنوں کے شر اور تمام آفات سے امن میں رہے گا اور ہمیشہ خوشحالی ہوگا۔

نماز صبح کے بعد (۳۰) دفعہ نماز ظہر کے بعد پچیس (۲۵) دفعہ بعد نماز عصر بیس (۲۰) دفعہ نماز مغرب کے بعد پندرہ (۱۵) دفعہ اور عشاء کے بعد دس (۱۰) دفعہ کل سو دفعہ روزانہ اور بعض بزرگان دین نے ترتیب قرأت یوں مقرر کی ہے۔ نماز صبح کی بعد اکیس (۲۱) دفعہ نماز ظہر بائیس (۲۲) دفعہ نماز عصر تیئس (۲۳) دفعہ نماز مغرب چوبیس (۲۴) دفعہ نماز عشاء دس (۱۰) دفعہ غرض ہر دو طریقے معمول مستند ہیں جو طریقہ پسند ہو اُس کے موافق پڑھے۔

طریق دیگر برائے جمیع مطالب دینی ودنیوی:

حضرت سید محمد حقی النازلی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب خزینۃ الاسرار میں بعد تحریر اجازت عام کے نہایت وثوق سے تحریر فرمایا ہے کہ جو شخص سورۃ فاتحہ کو سو (۱۰۰) دفعہ اس ترتیب سے کہ ہر نماز کے بعد بیس دفعہ روزانہ بلاناغہ پڑھے اور اس پر مداومت کرے تو اللہ تعالیٰ اس سورت کی برکت سے اُس کے رزق کو فراخ اس کی حالت کو اچھا اور اُس کے باطن کو نورانی اُس کے ہر کام کو آسان اُس کے غم کو دور اُس کی تکلیف کو دفع کرے گا اور جو کچھ اس کا قاری عزت وجاہ وغیرہ کی قسم سے خدا سے مانگے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو دے گا۔ دشمنوں پر اُس کی فتح وغلبہ دے گا اور ہر شخص کے دل میں اس کی محبت ہوگی۔ مال اور متاع دنیوی کی زیادتی ہوگی اور ہر برائی اور آفت سے محفوظ رہے گا۔ دقائق علوم اس پر کھل جائیں گے۔ غرض خدا سے جو کچھ چاہے گا وہ اس کو ملے گا خواہ بطریق مندرجہ پڑھے اور خواہ اس طریقہ سے سو دفعہ روزانہ پڑھے۔ جو اس سے پہلے طریقہ میں مذکور ہوا اور جو شخص بعد ہر نماز کے سورۃ الحمد کو سو دفعہ روزانہ پڑھے یعنی پانچ سو دفعہ روزانہ تو اس کی حاجت بہت جلد پوری ہوگی اور جو شخص سورۃ شریف کو بعد نماز صبح کو بقدر اُس کے حروف کے ایک سو پچیس بار روزانہ پڑھے تو بلاشک اُس کی غرض پوری ہوگی اور اس ترتیب میں خواص عجیبہ اور اسرار غریبہ ہیں۔

برائے قضاء حاجات واجابت دعا بروقت:

جو شخص روزانہ سورۃ فاتحہ کو تین سو تیرہ مرتبہ بطور مداومت کے پڑھتا رہے اور بروقت کسی حاجت کے اپنی حاجت کا اپنے دل میں خیال باندھ کر سورۃ الحمد شریف کو اس قدر یعنی تین سو تیرہ بار پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ وہ حاجت اُسی وقت یا جلد پوری ہوگی۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے اور خدا نے اس سر عظیم کو کلام اللہ کی عظیم ترین سورت میں ودیعت کیا ہے اور یہ راز قابل اخفاء قابل قدر ہے اور ان اعداد میں بھی یعنی تین سو تیرہ میں بھی راز الٰہی پوشیدہ ہے۔ کیونکہ انبیاء مرسلین اور اصحاب طالوت اور اصحاب بدر کے بھی یہی عدد ہیں۔ فافہم یہ عمل بھی صاحب کتاب خزینۃ اسرار کے مجربات صحیحہ سے ہے۔

برائے قضائے حاجات:

یہ عمل حضرت شیخ محی الدین ابن عربی قدس سرہ صاحب کتاب فتوحات مکی سے منقول ہے اور آزادی تجربہ کے لئے مفید ثابت ہوا ہے عمل یہ ہے کہ مغرب کی نماز کے بعد فرض اور سنت سے فارغ ہو کر معہ اول وآخر درود شریف کے اُسی جگہ بیٹھے ہوئے سورۃ الحمد شریف کو اپنی حاجت کے خیال کے ساتھ چالیس دفعہ پڑھے اور سورت کی تلاوت سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھے۔ **الٰہی علیک کاف عن السوال اکتفی وبحق لفاتحہ سوالا وکریک کاف عن القال اکرمنی وبحق الفاتحہ وفصل مانی ضمیری۔**

برائے دفع درد چشم ودیگر امراض:

اگر کسی کی آنکھیں دکھتی ہوں یا اُن میں درد ہو تو سنت اور فرض نماز کے درمیان سورۃ فاتحہ کو اکتالیس دفعہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے یا پڑھنے کے بعد کلمہ کی انگلی سے اپنا لعاب دہن آنکھوں پر لگاوے۔ انشاء اللہ بہت جلد آنکھیں تندرست ہوں گی۔ یہ عمل نہایت مجرب وصحیح ہے اور صاحب خزینۃ الاسرار نے اپنے مجربات میں تحریر کیا ہے کہ یہ عمل صرف درد چشم کے لئے مخصوص نہیں ہے بلکہ تمام امراض کے واسطے از روئے تجربہ کے صحیح ثابت ہوا ہے۔ اور علیٰ ہذا درد دنداں کے لئے نہایت مفید ہے۔ اے خدا تیرا علم سوال سے کافی ہے مجھے سورۃ فاتحہ کے واسطے ہے سوال کرنے سے کفایت کر اور تیرا کرم مقال کافی ہے۔ اس سورۃ فاتحہ کے واسطے مقال سے کفایت کر اور جو کچھ میرے دل میں ہے وہ مجھے عطا کرو۔ بازگشت مفرور ومسافر کے واسطے بھی مجرب ہے۔

برائے دفع درد ہر جا:

اگر انسان کے جسم میں کسی جگہ درد ہو تو درد کی جگہ ہاتھ رکھ کر سات بار سورۃ فاتحہ اور سات بار یہ دعا پڑھیں۔ انشاء اللہ درد جاتا رہے گا دعا یہ ہے۔ **اللھم اذھب عنی سوء ماجد وفحشہ بد عوۃ نبیک المبار لک المکین عندک** اور یہ عمل مجرب صحیح ہے۔ **ازفتح المجید**۔ لیکن اگر یہ دعا دوسرے پڑھے تو اس طرح پڑھے۔ **اللھم اذھب عنہ سوء مایجدالخ** یعنی عنی کی جگہ عنہ اور اجد کی جگہ یجد پڑھے باقی بدستور۔

برائے شفا از طاعون ووباء وغیرہ:

حضرت شیخ بمیقتی قدس سرہ والعزیز کے بعض مریدوں سے مروی ہے کہ ایک دفعہ ملتان میں طاعون کی وبا پھیلی تو حضرت شیخ موصوف نے اپنے مریدوں کو حکم دیا کہ جو شخص طاعون یا وبا میں پڑ کے مبتلا ہو اس کے اوپر سورۃ الحمد کو بسم اللہ کے پڑھ کر دم کرو۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا جس کی برکت بہت ہے۔ عمل ہذا میں تعداد قرأت درج نہیں ہے۔ لہٰذا رقم الحروف کی رائے میں تعداد تلاوت سورۃ شریف کم از کم تین بار یا سات بار ہونی چاہیے۔ ورنہ بہتر تعداد اکتالیس بار ہے۔ کیونکہ فتاوی صوفیہ میں درج ہے کہ جو شخص کسی مریض پر سورۃ فاتحہ کو مع وصل میم بسم اللہ کے اکتالیس بار پڑھ کر اُس پر تھنکار دے یا پڑھ کر پھونک دے اور گٹھلی پر تھوڑا سا تھوک لگا دے تو انشاء اللہ اُس مریض کو شفا ہوگی اور مجربات سے ہے اور وصل میم بسم اللہ سے یہ مراد ہے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے آخری میم کو لفظ الحمد سے ملحمد کر پڑھے یعنی بجائے الحمد کے بحمد پڑھے۔

فائدہ متعلق وصل میم بسم اللہ الحمد:

اکثر مشائخ بسم اللہ کے میم کو الحمد کے ساتھ ملا کر پڑھتے ہیں۔ حالانکہ اس کی سند کسی حدیث کی کتاب میں نہیں ہے۔ اس لیے راقم الحروف ناظرین کی

واقفیت کے لئے اس کی اصل بیان کرتا ہے اور وہ یہ ہے کہ حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی نے اپنی کتاب فتوحات میں بذیل تفسیر فاتحہ کی تحریر کیا ہے کہ جب تو الحمد پڑھے تو ایک سانس میں بلاقطع بسم اللہ کو الحمد کے ساتھ ملا کر پڑھ کیونکہ میں خدائے عظیم کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ مجھ سے موصل میں مقام میں ۶۰۱ ہجری میں ابوالحسن علی ابن ابی الفتح نے یہ حدیث بیان کی کہ حلفیہ سنا ابی بکر محمد بن علی شاشی سے اور اُس نے حلفیہ سے بیان کیا عبداللہ مصرت وبہ ابی الفرسرخشی سے اور اُس نے حلفیہ بیان کیا ابی بکر محمد بن فضل سے اور اس نے حلفیہ بیان کیا عبداللہ محمد بن علی بن یحی اوراق اُس نے حلفیہ بیان کیا محمد بن یونس طویل فقیہ سے اور اس نے حلفیہ بیان کیا محمد بن حسن علوی سے اور اس نے حلفیہ کہا کہ حدیث کی ابن عیسیٰ نے اور اُس نے حلفیہ کہا کہ مجھ سے حدیث بیان کی ابوبکر راجعی نے اور اُس نے حلفیہ کہا مجھے حدیث بیان کی عمار بن موسیٰ مکی اور اُس نے حلفیہ کہا مجھ سے حدیث بیان کی خادم رسول اللہ حضرت انس بن مالک نے ازروے حلف کے حضرت علی سے اور انہوں نے حلفیہ کہا میں نے سنا ابی الفضل طوحی سے اور اس نے حلفیہ سنا مبارک بن احمد نیشاپوری سے اور اس نے حلفیہ حضرت ابوبکر صدیق سے اور انہوں نے حلفیہ حضرت میکائیل علیہ السلام سے اور انہوں نے حلفیہ حضرت اسرافیل علیہ السلام سے اور حضرت اسرافیل سے کہا اللہ تعالیٰ نے کہ اے اسرافیل قسم ہے مجھ کو اپنی عزت وجلال اور جود وکرم کی کہ جس شخص نے پڑھا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو سورۃ فاتحہ میں ملا کر ایک دفعہ تو تم گواہ رہو کہ وہ بخشا گیا اور اُس کی تمام نیکیاں قبول کی گئیں اور اس کے تمام گناہ درگزر کئے گئے اور میں اُس کی زبان کو آتش دوزخ میں نہیں جلاؤں گا اور عذاب قبر وعذاب نار وعذاب یوم قیامت ونزع اکبر سے اس کو پناہ دوں گا اور وہ مجھ سے تمام انبیاء واولیاء سے پہلے ملاقات کرے گا۔ نقل کیا ہے اس کو صاحب تفسیر روح البیان وغیرہ نے اپنی اپنی تفسیروں میں ہیں۔ چونکہ حضرت شیخ اکبر قدس سرہ سلسلہ اہل تصوف میں ایک نہایت بلند پایہ اور مرتبہ کے شخص مانے گئے۔ اکثر صوفیوں نے آپ کی اس حدیث کو مستند مان کر یہ قرأت اختیار کی ہے اور اکثر صوفی ہر قسم کی حاجت براری کے لیے اور تمام امراض کی شفا پالی کے واسطے چالیس روز تک بلا ناغہ سنت اور فرض نماز فجر کے مابین سورۃ فاتحہ کو بسم اللہ کی میم کے ساتھ ملا کر اکتالیس دفعہ روزانہ پڑھتے ہیں۔ چنانچہ فقیر کو بھی سلسلہ قادریہ وچشتیہ میں اپنے شیوخ سے اس ترکیب کی اجازت پہنچی ہے اور فقیر نے بھی کبھی کبھی اس کو پڑھا ہے۔

دیگر برائے قضاء حاجات:

علامہ بونی نے اپنی کتاب شمس المعارف میں اپنے مجربات سے بیان کیا ہے کہ حاجت براری کے واسطے چالیس روز تک برابر سنت اور فرض نماز صبح کے درمیان سورۃ فاتحہ معہ بسم اللہ کے اکتالیس بار روزانہ پڑھے اور خدا سے اپنی حاجت کی دعا کرے انشاء اللہ وہ حاجت پوری ہوگی اور اسرار فاتحہ میں ہے کہ جو شخص اس ترکیب سے ہمیشہ سورۃ فاتحہ کو ورد کرے تو وہ اگر فقیر ہوگا تو دولتمند ہوگا۔ قرض دار ہوگا تو اس کا قرضہ ادا ہوگا۔ مریض ہوگا تو شفایاب ہوگا اور بے اولاد ہوگا تو اُس کے اولاد ہوگی اور ہمیشہ لوگوں کی نظروں میں محبوب اور معزز رہے گا اور چشم درد کے لئے یہ عمل مخصوص ہے۔

عمل محبت یا حب:

یہ عمل علامہ دیربی نے اپنی کتاب فتح المجید میں بیان کیا ہے اور لکھا ہے کہ یہ عمل بارہا تجربہ میں صحیح ثابت ہوا ہے عمل یہ ہے کہ مطلوب کے نام کے حروف جدا جدا لکھ کر حروف آتشی کے ساتھ امتزاج دے یعنی ایک حرف آتشی لکھے اور پھر ایک حرف مطلوب کے نام کا لکھے علیٰ ہذا پہر ایک حرف آتشی اور اس کے بعد مطلوب کے نام کا حرف اسی طرح آخر تک تمام حروف پوری کرے۔ مگر شرط یہ ہے کہ اول وآخر میں حروف آتشی رہے۔ حروف آتشی یہ سات ہیں ا، ھ، ط، م، ف، ش، ذ (مثال عمل یہ ہے نام مطلوبہ سلطانہ یہ مفرد لکھے تو چھ حرف ہوئے یعنی س ل، ط، ا، ن، ہ، اب ان کو حروف آتشی سے امتزاج دیا تو سطر ممتزج یہ برآمد ہوئی۔ ا، س، ھ، ل، ط، ط، ا، ف ن، ش، ہ، ذ، اب سطر ممتزج کو کاغذ کے اکیس پرچوں پر جدا جدا لکھے اور ہر پرچہ میں ایک کنکری لوبان اور قدرے تفاح اور جن کے ملفوف کرے پہر بقدر مناسب کوئلہ جلا کر اُن پرچوں کہ کوئلوں کی آگ میں ڈال دے اور شروع سے جب تک ان کاغذ کے پرچوں میں دھواں رہے بلاتعداد سورۃ فاتحہ پڑھتا رہے۔ انقطاع دخان اور ختم سورۃ فاتحہ کے بعد کلمات پڑھے تو مدد کو میرے خدام حروف آتشی کے میری حاجت روائی ہو فلاں شخص سے اور میری محبت اس کے دل میں ڈالنے سے بحق اس کے کہ جو

دشمنوں کا خوف

اگر آپ ایسی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں جس میں ہمہ وقت مخالفین اور دشمنوں کا خوف اور دہشت آپ کے سر پر سوار رہتی ہے تو پھر جواہرات کے حوالے سے بلڈ سٹون کا استعمال آپ کی ذہنی رو کو طاقت دینے اور مخالفین کے غلبہ کو توڑنے کے لیے موثر رہے گا۔ دشمنوں سے بچاؤ، اِن کے غلبہ، دہشت اور خوف وغیرہ کے خاتمے کے لیے اس سحری جوہر سے مدد لی جاسکتی ہے۔ بلڈ سٹون

میں نے تم پر پڑھا ہے۔تو کلو یا خدام الا حراف الناریتہ لقضاء حاجتی من فلاں یعنی نام مطلوب للقاء محبتی و مودتی اورمحبت فلاں فی قلبہ بحق مانکومتہ علیکم ونفاح چونکہ نایاب ہے اس لیے اُس کا بدل اعمال میں کتیرا خشک یعنی دھنیہ ہے اور ہر پرچہ کاغذ پر اگر طالب ومطلوب کا نام بھی لکھیں تو بہت بہتر ہے جو کلمات اوپر تحریر کیے ہیں اُن کی تفصیل یہ ہے۔ کہ اگر عامل اپنے واسطے عمل کرتا ہے تو کلمات مذکورہ اس طرح پڑھے۔تو کلو ایا خدام لا حرف النار یتہ بقضاء حاجتی من فلاں (یہاں مطلوب کا نام ہے) والقاء محبتی ومودتی فی قبلہ بحق ما نکو متہ علیکم اوراگر عامل کسی دوسرے شخص کے لیے عمل کرتا ہے تو اس طرح پڑھے۔تو کلو ایا خدام الا حرف الناریتہ بقضاء حاجت فلاں نام طالب بن فلاں نام فلاں مطلوب والفاء محبتہ ومودیتہ فی قلبہ بحق ماتلوتہ علیکم۔

برائے کشود ذہن ودفعہ نسیان:

سات دن تک سورۃ فاتحہ کو روزانہ باوضو ستر (۷۰) دفعہ پانی پر پڑھ کر دم کر کے وہ پانی پی لے اللہ تعالیٰ نے اس کو علم حاجت عطا کرے گا اور اُس کے دل سے فاسد افکار کو دور کر دے گا اور اُس کے ذہن اور حافظہ میں ترقی ہوگی۔

سورۃ فاتحہ باموکل برائے جمیع حاجات دینی دنیوی:

سورۃ فاتحہ باموکل جو نیچے لکھی جاتی ہے۔حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے اور آپ نے فرمایا ہے کہ جو شخص سورۃ فاتحہ کو اس ترکیب سے روزانہ ایک دفعہ پڑھے تو اس کی دینی ودنیوی تمام مرادیں آسانی سے حاصل ہوں اور ہر شخص کے دل میں اُس کی محبت ہو اور سب اُس سے مہربانی سے پیش آئیں اور دین ودنیا کی تمام بلاؤں سے اللہ تعالیٰ اُس کو محفوظ رکھے اور شریف بخاری ہے منقول ہے کہ جو شخص سورۃ فاتحہ کو اس ترکیب سے روزانہ پڑھے تو وہ اپنی کسی حاجت دنیوی میں کسی کا محتاج نہ ہو اور اللہ تعالیٰ اس پر غیب کے دروازے کھول دے اور جس شخص کو کوئی امر مہم یا مشکل پیش آئے تو غسل اور وضو کر کے پاک کپڑے پہن کر ایک تنہا پاک جگہ میں جا کر اول دو رکعت نماز نفل بانیت قضاء حاجت ادا کرے اس کے بعد ستر دفعہ استغفار پڑھے پھر ستر دفعہ درود شریف پڑھ کر ستر دفعہ ۴۰ دن سورۃ شریف باموکل پڑھ کر خدا سے اپنی حاجت کی دعا کرے انشاء اللہ اسی دن اور اس کی حاجت پوری ہوگی اور حضرت شیخ اکبر قدس سرہ سے منقول ہے کہ جو شخص سورۃ فاتحہ کو اس ترتیب سے روزانہ سات دفعہ پڑھے تو وہ عالم غیب کو جو مخلوق کی نظر سے پوشیدہ ہے مشاہدہ کرے اور عالم ملکوت وجبروت کے روحانیات سے مطلع ہو اور عالم سفلی سے اُس کا قلب منقطع ہو کر عالم بقا کے ساتھ متصل ہو اور تمام مقاصد دینی ودنیوی پر فائز ہو۔از کتاب اسرار الفاتحہ اور سید محمد حقی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب خزینۃ الاسرار مین درج کیا ہے کہ فقیر کو یہ سورہ اس ترتیب سے مدینہ منورہ میں دستیاب ہوئی اور میں نے بلا اجازت کسی شیخ کے پانچوں نمازوں کے بعد ایک ایک دفعہ اس کو پڑھنا شروع کیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی اجازت کا سائل ہوا تو میں نے حضرت علی کو خواب میں دیکھا اور آپ نے مجھ کو اس کے پڑھنے کی اجازت دی پھر میں نے کوہ ابی قیس پر حضرت شیخ محمد سنوسی سے اس خواب کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا کہ یہ اجازات روحانی تیرے لئے کافی ہے اور فرمایا کہ سورہ فاتحہ کی سات آیات میں اور ہر آیت ہفتہ کے سات دنوں میں سے ایک دن سے تعلق رکھتی ہے جو کا شروع یوم احد یعنی شنبہ سے ہے۔اور ہر دن ایک مؤکل روحانی علوی سفلی سے متعلق ہے اور علیٰ ہذا ہر دن کے لئے حروف ابجد میں سے چار حرف مقرر ہیں اور یہ ترتیب انہیں اُمور وضع کی گئی ہے شروع ترتیب اتوار کے دن سے متعلق ہے یعنی پہلی آیت اتوار سے دوسری پیر سے تیسری منگل سے الخ فافہم۔ترتیب قرأت یہ ہے۔بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العلمین یاحی یاقیوم اجب یا روقیائیل سمیعا مطیعا انت وخدامک مذہب بحق الحمد للہ رب العلمین و بحق الحی القیوم و بحق سید نا محمد علیہ الصلوۃ والسلام وبحومت الملائکۃ الموکلین لقوائم العرش ابجد الرحمن الرحیم یاروف یا عطوف وبحق سیدنا محمد علیہ السلام وبحرمۃ بحومۃ الملائکۃ الموکلین بقواہ العرش ہوزح مالک یوم الدین یا مقلب القلوب و الا بصار اجب یاسمائیل سمیعا مطیعا انت و خدامک احمد بحق مالک یوم الدین وبحق مقلب القلوب و البصار و بحق سیدنا محمد علیہ الصلوۃ والسلام و بحومۃ الملئکۃ الموکلین بقوائم العرش طیکل ایاک نعبدوایاک نستعین یا سریع یا قریب اجب یا میکائیل سمیعا مطیعا انت وخدامک یرقان بحق ایاک نعبدوایاک نستعین وبحق سریع القریب و بحق سیدنا محمد علیہ الصلوۃ والسلام وبحومۃ الملئکۃ الموکلین لقوام العرش منع اھدناصراط المستقیم یا قادر یا مقتدر اجب یا صرفیائیل سمیعا مطیعا انت وخدامک شمھورش بحق اھدنا الصراط المستقیم وبحق القادر المقتدر و سیدنا محمد علیہ الصلوۃ والسلام وبحومۃ الملئکۃ الموکلین بقوام العرش فصقر صراط الدین انعمت علیھم یاعلیم یاحکیم اجب یا نملیائیل سمیعا مطیعا انت وخدامک روایۃ بحق صراط الذین انعمت علیھم وبحق العلیم الحکیم وبحق سیدنا محمد علیہ الصلوۃ السلام بحومۃ الملئکۃ الموکلین بقوائم العرش شنشخ غیر المغضوب علیھم ولا الضالین امین یا قاھر یاعزیز اجب بالسفیائیل سمیعا مطیعا انت وخدامک میمون بحق غیر المغضوب علیھم ولا الضالین امین وبحق قاھر العزیز وبحق سیدنا محمد علیہ الصلوۃ والسلام و بحومۃ الملئکۃ الموکلین لقوائم العرش ضظغ انعمت

اتفاق و محبت مون سٹون

اگر باہم میاں بیوی میں اتفاق و محبت اور الفت میں کمی ہو تو اس کا ایک آزمودہ اور آسان حل یہ ہے کہ شریک حیات کو مون سٹون کی انگوٹھی، لاکٹ یا کانوں کی بالیاں وغیرہ تحفہ کے طور پر دیں۔ میاں بیوی میں سے جس کی بھی خواہش ہو مون سٹون کے سحری اثرات کو استعمال میں لا سکتا ہے۔ اس حوالے سے سرخی مائل یا پیازی یا ایسی ہی ملتی جلتی رنگت والا مون سٹون یا سفید اور خوبصورت مون سٹون فائدہ مند رہے گا۔ گرم جوشی اور جذبات کو ابھارنے کے لیے سرخی یا پیازی مائل اور تعلقات میں ایک توازن اور تسلسل کے لیے نیلا یا ہلکا نیلا مون سٹون مفید رہے گا۔ تجربہ شرط ہے۔

علیکم یا ملئکۃ الروحانیین من العلویات و التفلیات و یاخدام فاتحۃ الکتاب اجیبوالی وامد لسونی وعیسونی فی جمیع اموری الوحا الوحا الوحا العجل العجل العجل والساعۃ الساعۃ الساعۃ بحق السبع المثالی و القران العظیم وبحق الا سرارو البرکات فیھما وبحق ماتقمد ونہ من اعظمۃ البرھان وبحرمۃ سیدنا محمد علیہ الصلوۃ والسلام اللھم سخرلی عبدک الرفو والا خضر انک علی کل شئی قدیر برحمتک یا ارحم الراحمین۔

برائے مشکلات لاحل واہم ہم:

حاجت اور لاحل مشکل کے واسطے سورہ فاتحہ کا ختم سوا لاکھ بار مقرر ہے کیونکہ سورہ فاتحہ کے ایک سو پچیس حروف ہیں۔ اس لئے یہ قاعدہ خذحہ فاوقل الفا یعنی جس نام یا دعا میں جس قدر حروف ہیں۔ بلحاظ ہر حروف کے اس نام یا دعا کو ایک ہزار بار پڑھیں اس لئے سورہ فاتحہ کو اس قاعدہ سے ایک سو پچیس ہزار دفعہ پڑھنا چاہیے۔ قاعدہ یہ ہے کہ یا ایک شخص ترک حیوانات جلالی و جمالی کر کے چالیس روز تین سوا لاکھ بار ختم کرے یا بروقت جرورت چند آدمی ایک دن میں ختم کر کے مشکل کشائی کے واسطے دعا کریں۔

برائے قضاء جملہ حالات:

ہر قسم کی حاجت اور ضرورت کے واسطے اتوار کے دن سے شروع کرے اور روزانہ صبح کی نماز کے بعد ایک ایک آیت کو موافق تعداد مندرجہ کے پڑھے مگر روزانہ ہر آیت کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر شروع کرے اور اول و آخر درود شریف پڑھ کر اپنی حاجت کی دعا کیا کرے۔

آیت اول بروز یکشنبہ:

الحمد اللہ رب العالمین پانچ سو بیاسی بار (۵۸۲) الرحمن الرحیم روز شنبہ ۶۱۸ مالک یو الدین روز سہ شنبہ ۲۴۲ بار ایاک نعبدو ایاک نستعین ۸۳۶ بار بروز چہار شنبہ اھدنا الصراط المستقیم بروز پنجشنبہ ۱۰۷۳ بار صراط الذین انعمت علیھم بروز جمعہ ۸۰۷ بار غیر المغضوب علیھم ولا الضالین آمین بروز ہفتہ ۴۳۰۴ بار صاحب خزینۃ الاسرار نے تحریر کیا ہے کہ یہ عمل تسخیر قلوب بنی آدم اور طلب امور خیر و دفع شر میں نہایت مفید ہے مگر اُس کے ایام عمل میں کسی دوسرے اسم کو نہ پڑھے ورنہ نقصان ہوگا۔

فائدہ:

راقم الحروف کی رائے میں یہ عمل اگرچہ ایک ہفتہ کا ہے مگر ایک ہفتہ میں اگر حاجت پوری نہ ہو تو تین ہفتہ تک عمل ہذا کو کرے انشاء اللہ ضرور حاجت پوری ہوگی۔

برائے مارگزندہ:

اگر کسی شخص کو سانپ کاٹ کھائے تو فوراً گرم دودھ لے کر اُس میں (۶) ماشہ یا تولہ بھر لہسن کوٹ کر گھولے پھر اُس کو کپڑے میں چھان کر اُس دودھ پر اکیس (۲۱) بار سورہ الحمد شریف پڑھ کر دم کر کے مریض کو پلاوے اور روزانہ سات دن تک یہ عمل کرتا رہے انشاء اللہ مریض کو قطعی صحت ہوگی یہ عمل مجرب ہے اور راقم کے بعض احباب نے اس کا تجربہ کیا ہے۔

برائے درد نصف سر یعنی اصدھا سیسی:

جس شخص کے آدھے سر میں درد ہو انگوٹھے اور بیچ کی انگلی سے اُس کی دونوں کنپٹیوں کو زور سے دبائے اور سورہ فاتحہ پڑھنا شروع کرے اور آہستہ آہستہ دونوں انگلیوں کو سر کا تا بیچ پیشانی پر ملا دے اور سورت کو ختم کر کے دم کرے اور یہ عمل تین دفعہ کرے اور تین روز تک کرا انشاء اللہ درد کو آرام ہوگا اور پھر درد نہ ہوگا۔

برائے دفع امراض لاعلاج:

ایک چینی کی رکابی پر گلاب و زعفران یا پاک سیاہی سے سورہ فاتحہ تحریر کرے اور آخر میں یہ اسم لکھے یا حی حین لاحی فی و یسومۃ ملکہ و بقاشہ یا حی پھر اس رکابی کو پاک پانی سے دھو کر مریض کو پلاوے انشاء اللہ اُس مریض کو صحت ہوگی مگر شرط یہ ہے کہ تا حصول شفاء بلا ناغہ یہ عمل کرے۔ ہر قسم کے لاعلاج مریض کو شفا ہوگی مجرب ہے۔

برائے دفع بخار باری:

اگر کسی کو روزانہ یا ہر تیسرے، چوتھے دن باری سے بخار آتا ہو تو بخار

چڑھنے سے گھنٹہ بھر پہلے روئی کے دو پھویہ لے کر ایک پر سات دفعہ سورہ الحمد شریف پڑھ کر اُس کے داہنے کان میں وہ پھویہ رکھے اور دوسرے پر چھ دفعہ سورہ فاتحہ پڑھ کر بائیں کان میں رکھیں انشاء اللہ بخار نہیں آئے گا۔ اگر ایک باری میں بخار آ جائے تو تین بار آپ عمل کرے مجرب ہے۔

برائے درد داڑھ ودانت:

اگر کسی داڑھ یا دانت میں درد ہو تو لکڑی کا ایک پاک تختہ لے کر اُس پر پاک ریت ڈال کر اُس پر لوہے کی کیل سے یہ حرف لکھے اب ج دھ وز ح ط اب مریض سے کہے کہ جس جگہ درد ہے اُس کو دو انگلیوں سے پکڑے اور عامل لوہے کی کیل کو حرف الف پر رکھ کر زور سے دبا دے اور ایک دفعہ سورہ الحمد شریف پڑھے اور مریض سے پوچھے اگر درد گیا تو بہتر ورنہ کیل کو حرف ب پر رکھ کر دبا دے اور دو دفعہ سورہ الحمد شریف پڑھے اور پھر مریض سے پوچھے اگر درد گیا تو خیر ورنہ حرف ج پر کیل کو دبا کر تین دفعہ الحمد پڑھے اور میرض ہر دفعہ درد کی جگہ کو پکڑے رہے۔ غرض جب تک درد دفع نہ ہو کیل کو ایک حرف سے دوسرے حرف پر بدلتا رہے اور سورہ فاتحہ ہر دفعہ سے ایک بار زیادہ کر کے پڑھتا رہے انشاء اللہ آخر حرف تک نوبت نہ پہنچے گی کہ درد دفعہ ہوگا مجرب اور صحیح ہے۔

برائے حصول علم کیمیا و ہر حاجت:

عروج ماہ میں اتوار یا جمعرات یا جمعہ کے دن سے شروع کرے اور برابر بلا ناغہ چالیس روز تک پڑھے اور صبح کی نماز کے بعد پڑھے۔ اگر ترک جلالی و جمالی اور خلوت اختیار کر کے پڑھے تو نہایت بہتری ورنہ جس طرح ہو سکے ترکیب یہ ہے کہ روزانہ صبح کی نماز کے بعد مع اول آخر درود شریف کے سورہ فاتحہ کو معہ بسم اللہ و آمین کے ایک ہزار بار روزانہ اگر اس قدر نہ ہو سکے تو تین سو تیرہ دفعہ روزانہ اور اگر اس قدر بھی نہ ہو سکے تو ایک سو پچیس دفعہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ چالیس روز پورے نہ ہوں گے کہ وہ حاجت پوری ہوگی اور اگر اتفاقیہ بدقسمتی سے چالیس روز میں کام نہ ہو تو ورد کو ترک نہ کرے بلکہ برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ دوسرے چلہ میں ورنہ انتہا تیسرے چلہ میں اہم سے اہم حاجت یقیناً پوری ہوگی نہایت معتمد و مجرب صحیح ہے۔

برائے دفع چیچک وغیرہ:

نقش مندرجہ ذیل کو تحریر کر کے چیچک والے کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ صحت ہوگی اور اگر چیچک نکلنے سے پہلے اس تعویذ کو گلے میں ڈالیں گے تو چیچک نہیں نکلے گی اور اگر نکلے گی تو بہت کم۔ مجرب ہے اور نہایت مفید ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

الحمد لله	عليهم	صراط الذين	وايا ك نستعين
انعمت عليهم	ايا ك نعبد	رب العالمين	غير المغضوب
يوم الذين	اهدنا	امين يا الله	الرحمن
ولا الضالين	الرحيم	ملك	الصراط المستقيم

گنڈہ برائے دفع چیچک وغیرہ:

نیلے سوت کے اکیس تار لے کر گنڈہ بنا کر سورہ الحمد ایک ایک دفعہ پڑھ کر امین نو گرہ لگائیں اور بیمار کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ صحت ہوگی۔

گنڈہ برائے چیچک:

چیچک اور خسرہ کے واسطے نیلے سوت کے چند تار لے کر سورہ الحمد پڑھ کر گیارہ گرہ لگائیں یعنی ہر گرہ پر ایک بار سورہ الحمد پڑھیں پھر نذر اللہ کچھ کھانا مسکین کو دے کر وہ گنڈہ مریض کے بازو پر باندھیں انشاء اللہ مریض کو صحت ہوگی صحیح ہے۔

برائے حضوری حاکم جابر و حفاظت از وزدرندہ:

اگر کسی ظالم حاکم کے سامنے جانا ہو یا راستہ میں کوئی درندہ ملے یا چور ملیں اس کے شر سے محفوظ رہنے کے واسطے گیارہ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں انشاء اللہ ہر برائی سے محفوظ رہیں گے۔ وہ یہ آیت پڑھیں۔ مالک یوم الدین ایانعبدو وایاک نستعین نہایت مجرب وصحیح ہے۔

برائے دفع ضعف بصارت و دیگر امراض چشم:

علامہ بونی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب شمس المعارف میں تحریر کیا ہے کہ خبر صحیح میں وارد ہوا ہے کہ جس شخص کو ضعف بینائی ہو یا اُس کی آنکھ میں کوئی اور بیماری ہو تو ہر ماہ میں پہلی یا دوسری یا تیسری رات کو چاند دیکھے اور چاند نظر آنے پر اپنے داہنے ہاتھ کو دونوں آنکھوں پر پھیرتا جائے اور اول سورہ فاتحہ کو معہ بسم اللہ کے دس دفعہ پڑھے پھر سورہ قل هو الله احد مع بسم اللہ کے تین بار پڑھے پھر سات دفعہ کلمات کہے شفاء من كل داء برحمتك يا ارحم الراحمين انشاء اللہ اُس کو ضعف بینائی اور دیگر امراض جسم سے شفاء ہوگی۔

برائے مہربانی حکام:

شمس المعارف میں ہے کہ بعض عارفین نے کہا ہے کہ حکام کی مہربانی کے لیے جمعہ کے دن پہلی ساعت میں ایک خیشہ کے ظرف میں سورہ فاتحہ حدیث قلم سے مشک و زعفران یا کافور و مشک سے لکھے پھر اس کو عرق گلاب سے دھو کر اس گلاب کو ایک شیشی میں رکھ لے اور اُس پر سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کر دے بوقت ضرورت قدرے گلاب اس میں سے لے کر اور اپنے منہ پر لے کر حاکم کے روبرو جاوے انشاء اللہ وہ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا۔

برائے دفع نسیان وزیادتی حافظہ:

دفع نسیان اور زیادتی حافظہ کے لئے سورہ فاتحہ کو شیشہ یا چینی کے ظرف میں لکھ کر اور گلاب یا پانی سے دھو کر نوش کریں۔ انشاء اللہ چند روز میں نسیان جاتا

رہے گا۔ اگر مشک وزعفران سے لکھیں تو بہتر ہے۔

عمل حاجت روائی ہر قسم:

ہر قسم کی حاجت روائی کے لئے یہ ترکیب نہایت مفید اور صحیح ہے عمل ہذا کو حضرت سیدی شیخ کلیم اللہ جہاں آبادی قدس سرہ نے اپنی مشہور کتاب مرقع شریف میں اور نیز اکثر بزرگوں نے اپنی اپنی کتب میں تحریر کیا ہے اور مخدومی سید حسن نظامی صاحب نے فقیر سے نہایت وثوق سے اس طریقہ کے مجرب وصحیح ہونے کے اپنے اور نیز اوروں کے تجربہ سے تصدیق فرمائی۔ غرض یہ طریقہ قرأت نہایت مجرب وصحیح اور آسان ہے۔

طریقہ یہ ہے سورہ فاتحہ کو سنت اور فرض فجر کے درمیان روزانہ اکتالیس (۴۱) بار پڑھ کر اپنے مقصد کی دعا کرے۔ مگر اول تو بسم اللہ کے آخری میم کو الحمد کے ساتھ ملا کر ملحمد پڑھے دوم کلمہ الرحمن الرحیم کو ہر بار تین دفعہ پڑھے اور اپنے مطلب کا خیال کرے اور آخر میں ختم الحمد پر ہر بار تین دفعہ کہے انشاء اللہ یا تو ایک ہفتہ میں ورنہ انتہا چھ ہفتہ میں ہر قسم کی حاجت پوری ہوگی۔

برائے اقسام درد فالج وغیرہ:

سورہ فاتحہ کو ایک شیشہ کے ظرف میں لکھ کر روغن بلسان خالص سے اُس کو مثل پانی کے دھولیں پھر تیل پر ستر دفعہ سورہ فاتحہ پڑھ کر کسی شیشی یا بوتل مین رکھ لیں اس تیل کی مالش درد وعرق النساء درد کمر درد یاحی اور فالج وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔

برائے حضوری حاکم جابر:

اگر کسی حاکم جابر کے روبرو جانا ہو اور اُس سے کسی قسم کا خوف ہو تو سورہ فاتحہ اُنیس (۱۹) بار پڑھ کر اور اپنے اوپر دم کر کے اُس کے روبرو جاویں۔ انشاء اللہ ہر قسم کی برائی سے محفوظ رہیں گے۔

برائے قضاء حاجات:

ترقی رزق حصول روزگار اور ہر قسم کی حاجت کے لئے یہ طریقہ نہایت مشہور ومستند ہے۔ وہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں نماز صبح کے بعد جمعہ کے دن سے شروع کریں اور روزانہ اکتالیس بار سورہ الحمد شریف کو بلاناغہ برابر اکتالیس دفعہ تک پڑھتے رہیں اور روزانہ سورہ کے پڑھنے کے بعد تیرہ دفعہ یہ دعا پڑھ کر اپنی حاجت کی دعا کریں۔ وہ یہ ہے۔ یا مفتح فتح یا مفرج فرج یا مسبب سبب یا میسر یسر یا مسہل سہل یا متمم تمم و حسبنا اللہ ونعم الوکیل صاحب مخزونہ نے اس عمل کو نہایت مستند ومجرب تحریر کیا ہے۔

ختم سورہ الحمد برائے دفع مصائب:

اگر انسان پر کوئی مصیبت یا بلا نازل ہو جائے تو ہر مصیبت اور بلا کے دفع کرنے کے واسطے سورہ الحمد شریف کا ختم نہایت مستند ومعتبر ہے۔ مگر ختم کے طریقے تین ہیں ایک ختم کبیر یعنی سوا لاکھ بار جس کا طریقہ اوپر تحریر ہو چکا ہے اور یہ عدد اُس کے حروف کی تعداد سے نکالنے کے لئے ہیں۔ کیونکہ سورہ فاتحہ کے حروف کی تعداد ایک سو پچیس (۱۲۵) اب ہر حرف کے لحاظ سے سورہ شریف کو ایک ہزار بار پڑھے یعنی سوا لاکھ بار یہ ختم کبیر ہے اور اگر بلحاظ ہر حرف کے سو دفعہ پڑھا جائے تو اس کی تعداد ساڑھے بارہ ہزار ہوگی۔ یہ ختم وسیط ہے اور اگر بلحاظ حروف کے دس دفعہ پڑھا جائے تو اس کی تعداد ایک ہزار دو سو پچاس بار ہوگی۔ یہ ختم صغیر ہے ان تینوں سے میں جو ختم بروقت ہو سکے وہ کرے۔ انشاء اللہ وہ مصیبت دفع ہوگی یا وہ حاجت پوری ہوگی۔ مگر ختم صغیر جمعہ کی رات یا جمعہ کے دن پڑھے اور صرف ایک آدمی پڑھے باقی ختم کبیر اور وسیط میں آدمیوں کی تعداد بقدر ضرورت زیادہ ہو سکتی ہے۔

سرمہ برائے حب تسخیر:

سرمہ بقدر ضرورت لا کر نوچندی جمعرات میں اس عمل کو شروع کرے یعنی روزانہ نماز ظہر کے بعد سورہ فاتحہ کو ایک سو ایک بار پڑھ کر سرمہ پر دم کر دیا کرے مگر بسم اللہ کو الحمد میں ملا کر پڑھے اور یہ عمل چار جمعہ تک برابر روزانہ کرتا رہے پھر اُس کو محفوظ رکھے بروقت ضرورت نماز ظہر کے بعد اس سرمہ میں سے تھوڑا سا سرمہ علیحدہ نکال کر اس پر مطلوب وطالب کے نام تصور کے ساتھ سورہ فاتحہ ایک سو ایک دفعہ پڑھ کر دم کرے اور پھر اس سرمہ کو اپنی آنکھوں میں لگا کر مطلوب کے سامنے جاوے۔ انشاء اللہ مطلوب رجوع ہوگا۔ مگر شرط یہ ہے کہ سرمہ لگانے کے بعد سب سے پہلے مطلوب سے آنکھ ملائے کسی دوسرے سے نہ ملائے اور یہ بھی واضح رہے کہ عمل ہذا کی ذکات جمعرات سے چار جمعہ تک تمیس دن میں تمام ہوگی۔

اعمال مخفیہ تسخیر ہمزاد اور حاضرات

یہ کتاب دراصل تین درج ذیل کتب کا مجموعہ ہے۔ (1۔لوح ہمزاد، 2۔طریقہ و دعوت اعمال سورۃ الشمس شریف، 3۔اعمال مخفیہ)۔ پہلی دو کتب قدیمی ہیں اور اب نایاب ہیں۔ جبکہ تیسری کتاب جس کا عنوان "اعمال مخفیہ" ہے بالکل نئے اور منفرد مواد پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں ہمزاد، تسخیر کواکب، تسخیر جنات، دعوت واعمال سورہ الشمس، زکوٰۃ حروف صوامت، عملیات وحاضرات سورۃ کوثر اور دیگر ایسے لاجواب عمل ہیں۔ یہ تمام اعمال ایسے ہیں جن کے مستند اور مجرب ہونے میں کوئی شک یا ابہام نہیں ہونا چاہیے۔ ان کو اپنے استعمال میں لائیں اور ان سے مستفید ہوں۔

برائے خواب بندی مطلوب:

مطلوب کی خواب بندی کے واسطے سورہ فاتحہ کو بطریق مندرجہ ذیل ایک کاغذ پر لکھ کر اُس کاغذ کو ایک لوہے کی کیل سے ٹھوکے کہ وہ کاغذ زمین میں گھس جاوے۔ پھر سوراخ کو خاک چوراہہ سے بند کردے۔ انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہو کر بہت جلد حاضر ہوگا۔ مجرب ہے۔ طریقہ تحریر یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم عقدت نوم فلان بن فلان بحق الحمد اللہ عقدت نو فلان بحق رب العالمین عقدت راس بحق الرحمن عقدت شعرہ بحق الرحیم عقدت عینیہ بحق مالک یوم الدین عقدت اذنبہ بحق ایاک نعبد عقدت لسانہ وبحق وایاک نستعین عقدت وجہہ بحق اھدنا الصراط المستقیم عقدت یدیہ بحق صراط الذین عقدت قلبہ بحق انعمت علیہم عقدت فرجہ بحق غیر المغضوب علیہم عقدت ساقیہ بحق ولا الضالین عقدت یجنیہ بحق امین عقدت قرارہ وسنونہ یا للہ الحکیم اللہ عزوجل عقدت فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں۔

برائے امراض سخت لاعلاج:

عمل ہذا کو حضرت علامہ بونی نے اپنے مجربات میں تحریر کیا ہے کہ تمام لاعلاج امراض کے دور کرنے کے واسطے نہایت مجرب ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ میں ایک شخص محمود نامی کو جو جذام میں مبتلا تھا اور ہر شخص اُس سے متنفر تھا یہ عمل بتایا اُس نے کیا۔ چنانچہ پندرہ دن میں وہ بالکل اچھا ہوگیا اور مرض کا کوئی نشان باقی نہیں رہا وہ عمل یہ ہے کہ مریض کے پاس بیٹھ کر اول سات دفعہ سورہ الحمد شریف پڑھے پھر چار سو بائیس دفعہ الشافی پڑھ کر یہ دعا پڑھے اللھم اشفا نتالشافی لا شفاء الا شفاء ک یا اللہ شفاء الایفاء دود شفا ولا الما اس کے بعد مریض کے اوپر دم کرے اور نیز اقدرے پانی پر دم کرکے وہ پانی مریض کو پلاوے۔

برائے دردگوش:

سورہ فاتحہ کو چینی کے ظروف پاک میں لکھ کر روغن گل سے دھو کر وہ تیل نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔ انشاء اللہ کان کا درد جاتا رہے گا۔

برائے جمیع حاجات:

جو شخص کہ سورہ فاتحہ کو اپنے درد میں رکھے اُس کو چاہے کہ سورہ فاتحہ کے اس نقش کو لکھ کر پاس رکھے۔ انشاء اللہ عمل کا اثر بہت جلد ہوگا اور ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ نقش ہذا کے لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ نقش ہذا کو شرف آفتاب میں یا عروج ماہ میں اتوار کی پہلی ساعت میں مشک و زعفران گلاب سے تحریر کرے۔ پھر نقش کو سامنے رکھ کر ایک جلسہ میں ایک ہزار ایک سو گیارہ بار سورہ فاتحہ پڑھ کر اس نقش پر اور اپنے اوپر دم کرے اور اُس نقش کو دھونی دے کر معطر کرکے تعویذ بنا کر اپنے بازو پر باندھے پھر روزانہ جس تعداد سے چاہے سورہ فاتحہ کا ہمیشہ ورد کرتا رہے۔ کم از کم اکیس (۲۱) بار روز پڑھے۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد اللہ رب العالمین الرحمن الرحیم ۹۸۶	مالک یوم الدین ایاک نعبدو وایاک نستعین ۱۰۷۸	اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم ۲۸۸۰	غیر المغضوب علیھم والاالضالین آمین ۳۳۰۳
اھدنا الصراط المستقیم مراط الذین انعمت علیھم ۲۸۸۱	غیر المغضوب علیھم ولاالضالین آمین ۳۳۰۳	بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد اللہ رب العالمین الرحمن الرحیم ۱۹۸۷	مالک یوم الدین ایاک نعبد وایاک نستعین ۱۰۷۷
غیر المغضوب علیھم و الاالضالین آمین ۳۳۰۳	اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم ۲۸۷۸	مالک یوم الدین ایاک نعبد وایاک نستعین ۱۰۹۰	بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد اللہ رب العالمین الرحمن الرحیم ۱۹۸۸
مالک یوم الدین ایاک نعبد وایاک نستعین ۱۰۷۵	بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد اللہ رب العالمین الرحمن الرحیم ۱۹۸۹	غیر المغضوب علیھم و لاالضالین آمین ۳۳۰۱	اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم ۲۸۷۹

سورہ فاتحہ:

سورہ فاتحہ کے کل اعداد معہ بسم اللہ و آمین کے دس ہزار دو سو اکتالیس ہیں۔ نقش ہذا میں یہی اعداد وزخ مربعہ ہیں۔ یہ نقش ذواتکسایہ کے نام سے مشہور ہے۔

نماز استخارہ:

یہ نماز ہدایت مفید و مجرب ہے اور بارہا فقیر راقم کے تجربہ میں آئی ہے۔ اور نیز فقیر کے اکثر احباب کے تجربہ میں بھی صحیح ثابت ہوئی۔ اگر پہلی رات کو پڑھی جائے تو نہایت بہتر ہے: ورنہ رات کو جو وقت آسان ہو۔ مگر تنہائی ضرور ہو۔ مرقعہ شریف میں حضرت شیخ کلیم جہاں آبادی قدس سرہ العزیز نے بھی اس عمل کو تحریر کیا ہے۔ مگر وہ ذرا مشکل تحریر ہے۔ فقیر کا طریقہ جو نیچے لکھا گیا ہے۔ بمقابلہ اُس سے آسان ہے۔ استخارہ ہذا کے ذریعہ سے صاحب فراست اکثر اُمور مخفی دریافت کر سکتا ہے۔ ورنہ عموماً اُس سے کام کا کرنا یا نہ کرنا یا کسی کام کا ہونا یا نہ ہونا دریافت ہو سکتا ہے۔

ترکیب:

ترکیب یہ ہے کہ شب کو باوضو تنہا جگہ میں بیٹھ کر اول سورہ الحمد اللہ گیارہ بار سورہ قل ھواللہ گیارہ بار درود شریف گیارہ بار اور کلمہ تمجید یعنی سبحان اللہ والحمد للہ ولا آلہ واللہ اکبر والاحولہ والا قوۃ الا باللہ العلی

العظیم گیارہ دفعہ پڑھ کر اس کو حضرت غوث پاک اور حضرت اجمیری قدس سرہ کی روح کو ہدیہ کرے۔ پھر یہ نیت استخارہ کے دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورہ الحمد کو شروع کر کے جب آئے ایاک نعبدو ایاک نستعین پر پہنچے تو اُس کو تکرار کرنا شروع کرے۔ اپنے مطلب کا خیال رکھے۔ انشاء اللہ اسی آیت کے پڑھتے پڑھتے پڑھنے والا داہنی طرف یا بائیں طرف پھر جائے گا۔ پھرنے کے بعد سورہ ختم کر کے اور قل ھو اللہ پڑھ کر تمام کرے۔ اگر دائیں جانب پھرتو دو کام کرے یا وہ کام ہو جائے گا۔ اور بائیں جانب پھنے کی حالت میں وہ کام نہ کرے یا وہ کام نہیں ہوگا۔ فافہم وکن من الشاکرین۔

برائے زن عقیمہ:

اگر کسی عورت کے یہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو عروج ماہ میں نو چندی جمعرات کو مع اول و آخر درود شریف ایک سو گیارہ بار سورہ الحمد شریف کو معہ بسم اللہ و آمین کے پانی پر پڑھ کر دم کرے اور وہ پانی تھوڑا دونوں میں میاں بیوی کو پلاوے اور ہر جمعرات کو سات جمعرات تک یہ عمل کرنا ہے۔ انشاء اللہ اس عورت کو حمل رہے گا اور اولاد پیدا ہوگی۔

برائے امراض:

نقش ہذا کو جو بلا اعداد بسم اللہ و آمین کے سورۃ الحمد شریف کا نقش ہے۔ بیمار کی شفایابی کے لئے رکابی یا چینی کی رکابی پر لکھ کر اور پانی سے دھو کر مریض کو پلاویں نہایت مفید ہے۔ یہ نقش یہ ہے۔

۱	۴۶۷۸	۴۶۷۴	۸
۴۶۷۵	۷	۲	۴۶۷۷
۶	۴۶۷۲	۴۶۸۰	۳
۴۶۷۹	۴	۵	۴۶۷۳

برائے قضائے حاجات:

جملہ حاجات کے پورا ہونے کے واسطے شاہ محمد رمضان صاحب نے عمل ہذا کو اپنے پیرو مرشد حضرت شاہ عبدالغنی قدس سرہ العزیز سے نقل کیا ہے اور عام اجازت دی ہے وہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں اتوار کے دن سے شروع کریں اور پہلے دن اتوار کو سورۃ الحمد شریف کو بسم اللہ کے میم کے ساتھ ملا کر ستر دفعہ پڑھ کر اپنے مطلب کی دعا کریں اور دوسرے دن پیر کو بدستور سورۃ شریف کو ساتھ دفعہ پڑھیں منگل کو پچاس دفعہ اور بدھ کو چالیس دفعہ جمعرات کو تیس دفعہ جمعہ کو بیس دفعہ اور ہفتہ کو دس دفعہ پڑھیں۔ مگر سنت اور فرض نماز فجر کے درمیان پڑھیں۔ اگر ایک ہفتہ میں حاجت پوری ہو تو خیر ورنہ اتوار سے پھر بدستور ستر دفعہ روزانہ شروع کر کے ہفتہ تک بدستور مذکور تمام کریں۔ اگر حاجت پوری ہو تو فبہا ورنہ تیسرے ہفتہ میں پھر بدستور عمل کریں۔ انشاء اللہ تین ہفتہ میں سخت سے سخت حاجت پوری ہوگی۔

برائے ترقی رزق:

ترقی رزق کیلئے ہر ماہ میں چاند رات کو چاند دیکھ کر نماز مغرب اور عشاء کے درمیان فراخی رزق کی نیت سے معہ اول و آخر درود شریف کے ایک ہزار بار سورۃ فاتحہ اور چالیس بار دعائے حضرت عیسیٰ علیہ السلام یعنی اللھم ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء تکون لنا عید الا ولنا واخرنا وایۃ منک وارزقنا فانک خیر الرازقین اور بیس بار آیت ومن یتوا للہ یجعل لہ محرجا ویرزقہ من حیث لا یحیب ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ان اللہ بالغ امرہ قد جعل للہ لکل شئی قدرا پڑھ کر سو بار قاضی الحلجات اور سو بار یا رازق المقین پر پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس ماہ میں رزق کی فراخی رہے گی۔

برائے تسخیر وحب وقضائے حاجات:

یہ عمل تسخیر خاص و رجوع مطلوب اور دیگر تمام حاجات دینی اور دنیوی کے لئے نہایت مفید اور مستند ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں ایک وقت مقرر کر کے مع اول و آخر درود شریف کے الحمد شریف اس طرح پڑھنا شروع کرے۔ جب ساٹھ دفعہ پڑھ چکے تو اب چالیس دفعہ سورۃ الحمد شریف اس طرح پڑھے کہ جب آیۃ ایاک نعبدو ایاک نستعین پر پہنچے تو اس آیت کو چالیس بار تکرار کرے تا کہ سورت کی تعداد سب ملا کر سو دفعہ ہو جاوے۔ اب سورۃ کے تمام ہو جانے کے بعد چار رکعت نماز نفل قضاء حاجات کی نیت سے ایک سلام سے پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد کے بعد سورۃ قل ھو اللہ پچاس بار لا حول والاقوۃ الا باللہ العلی العظیم پچاس بار استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیہ پچاس بار اور درود شریف پچاس بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مطلب کی دعا مانگے۔ اگر تسخیر و رجوع مطلوب کی نیت پڑھے تو انتہائی عمل میں مطلوب کی صورت کا خیال رکھے۔ انشاء اللہ بہت جلد مراد پوری ہوگی۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو یہ عمل بلاناغہ روزانہ پڑھتا رہے۔

برائے شفائے امراض:

تمام بیماریوں کے دور کرنے کے واسطے اول زعفران و گلاب یا پاک سیاہی سے سورہ فاتحہ مع آیات شفاء کے اول سے آخر تک لکھ کر بیمار کے گلے میں ڈالے۔ پھر روزانہ چینی کی رکابی پر سورۃ فاتحہ کو مع آیات شفا کے لکھ کر اور پانی سے دھو کر اچھا ہونے تک مریض کو پلاتا رہے۔ انشاء اللہ مریض کو بہت جلد شفا ہوگی۔ آیات شفا یہ ہیں۔ ویشف صدور قوم مومنات و شفاء لما فی صدورہ ویخرج من بطونھا شراب مختلف الوانہ فیہ شفاء للناس ونزل من القران ماھو شفاء و رحمۃ للمومنین . واذا مرضت فھو یشفین قل ھو للذین امنو اھدی وشفاء۔

برائے نظر بد و دیگر امراض:

نظر بد اور دیگر تمام بیماریوں کے واسطے سورہ فاتحہ کا یہ نقش لکھ کر اور تعویذ بنا کر بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈالیں نہایت مفید ہے۔ نقش یہ ہے۔

بسم اللہ	بسم اللہ	الرحمن	الحمد للہ	رب العالمین
الرحمن الرحیم	مالک	یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
غیر المغضوب	علیھم	ولا	الضالین	امین

برائے چیچک:

چیچک سے محفوظ رہنے کے واسطے یا کم نکلنے کے واسطے سورۃ فاتحہ کا نقش لکھ کر گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ چیچک سے محفوظ رہے گا اور اگر چیچک نکلے گی تو بہت کم نکلے گی۔ نقش یہ ہے۔

الحمدللہ	رب العالمین	الرحمن	الرحیم
مالک	یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اھدنا	الصراط المستقیم	صراط الذین	انعمت علیھم
غیر المغضوب	علیھم	ولا الضالین	امین

نماز حاجت:

یہ نماز حاجت کے واسطے حضرت مقاتل رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے اور اُن کے قول کی موافق بغایت مجرب وصحیح ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ بروقت حاجت چار رکعت نفل ایک سلام سے اپنی حاجت روائی کے واسطے پڑھیں اور ہر رکعت میں سورہ الحمد اکتالیس دفعہ پڑھیں اور بعد میں کوئی سورت ملا کر رکعت تمام کریں۔ سلام کے بعد سیدھا رخسار و زمین پر رکھ کر اکتالیس دفعہ عنت الوجوہ الحی القیوم پڑھیں۔ پھر بایاں رخسار و زمین پر رکھ کر اکتالیس بار یا حی یا قیوم پڑھ کر پھر پیشانی زمین پر رکھ کر اپنے مطلب کی دعا کریں۔ انشاء اللہ قبول ہوگی۔

برائے جملہ حاجات:

اگرچہ یہ عمل قبل ازیں تحریر ہو چکا ہے۔ چونکہ عمل ہذا میں اور اس میں کسی قدر فرق ہے۔ اس لئے دوبارہ لکھا جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ ہر حاجت کے واسطے عروج ماہ میں یکشنبہ یعنی اتوار کے دن سے شروع کرے اور سنت اور فرض نماز فجر کے درمیان پہلے دن سورۃ الحمد کو بسم اللہ کے میم سے ملا کر ستر دفعہ پڑھ کر اکتیس دفعہ دعا پڑھے۔ یا مفتح فتح یا مفرج مرج یا مسبب سبب یا مھقل سھقل یا میسر یسر یا منھم عم اور اس کے بعد سو دفعہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ دوسرے دن پیر کو سورۃ الحمد ساٹھ بار اور باقی عمل بدستور تیسرے دن منگل کو سورۃ الحمد پچاس بار مگر الحمد کے علاوہ باقی عمل روزانہ بدستور مذکور پڑھا کرے اور اگر ایک ہفتہ حاجت میں پوری ہو تو سات ہفتہ تک عمل مذکور کرتا رہے۔ انشاء اللہ ضرور یا ضرور حاجت پوری ہوگی۔

برائے حب و تسخیر:

کسی شخص یا مطلوب کے مسخر و مطیع کرنے کے واسطے سورۃ الحمد شریف کی عزیمت اور نقش مندرجہ ذیل ساعت مشتری میں مشک و زعفران و گلاب سے لکھ کر نقش اپنے گلے میں ڈالے اور ایک سو اکسٹھ بار مع اول و آخر درود شریف کے اس عزیمت کو شرینی یا کیوڑہ شرین پر پڑھ کر مطلوب کو کھلاوے۔ انشاء اللہ مطلوب مسخر و مطیع ہوگا۔ عزیمت معہ نقش کے یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العلمین توکل یا جبرائیل انت و خدامک واعوانک بحق اللہ العزیز الجبار الکریم الوہ رب القھار اسئلک یا جبرائیل ان تلق محبت فلاں فی قلب فلاں بحق الرحمن الرحیم یا جواد یا جلیل توکل یا میکائیل سامعا مطیعا والق محبۃ فلاں فی قلب فلاں بحق مالک یوم الدین بحق اللہ الحی القیوم الواحدالما جد توکل یا اسرافیل انت واعوانک والق محبت فلاں فی فلاں بحق ایاک نعبدو ایاک نستعین وبحق الملک المقتدر المقدم المعید المعید توکل یا رقیائیل انت واعوانک والق محبۃ فلاں فی قلب ولان بحق اھدنا الصراط المستقیم وبحق الفرد الوتر الحی القیوم الصمد توکل یا شمسائیل انت واعوانک والق محبت فلاں فی قلب فلاں بحق صراط الذین انعمت علیھم وبحق الواحدالعلیم الجواد الکریم توکل یاعزرائیل انت واعوانک سامعا مطیعا والق محبت فلاں فی قلب فلاں بحق غیر المغضوب علیھم ولاالضالین امین وبحق القاھر الفھیز الجلیل الکبیر توکل یا کصفائیل انت واعوانک سامعا مطیعا والق محبت فلاں فی قلب فلاں بحق یحبونھم کحب اللہ والذین امنوااشد حبا للہ کو انفقت ما فی الارض جمیعا ما الفت بین قلوبھم ولکن اللہ الف بینھم انہ عزیز حکیم۔ نقش یہ ہے۔

۳۹۳	۴۰۶	۴۰۳	۴۰۰
۴۰۴	۳۹۹	۳۹۴	۴۰۵
۳۹۸	۴۰۱	۴۰۸	۳۹۵
۴۰۷	۳۹۶	۳۹۷	۴۰۲

☆☆☆☆

ویب سائٹ
khalidrathore.com

الواح رفع نحوست ورجعت کواکب

بعض اوقات پیدائشی زائچہ میں سیارگان کی رجعت اور نحوست سے فرد مستقل نوعیت کے متفرق مسائل کا شکار رہتا ہے۔ اصلاح سیارگان کے حوالے سے یہ الواح موثر ترین ہیں۔

رفع نحوست قمر	قمر کی نحوست سب سے زیادہ شیر خوار بچے کی نشوونما کو متاثر کرتی ہے۔ بچوں کے معاملات میں سب سے بہتر لوح۔
رفع نحوست شمس	شمس جب کسی فرد کے زائچہ پیدائش میں نحوست کا شکار ہو تو ایسے فرد کو معاشرے میں عزت و وقار کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا۔ عمومی صحت اور نظر کی کمزوری
رفع رجعت و نحوست عطارد	فرد کی ذہانت اور عقل و دانش میں کمی اور کمزوری رہ جاتی ہے۔ کاروباری حضرات، سیلز مین، ملازمت پیشہ خواتین و حضرات اور اساتذہ مشکلات میں گھرے
رفع رجعت و نحوست زہرہ	عشق و محبت کے متوالوں کے لیے اور ازدواجی زندگی کی سچی خوشیوں سے محروم رہتے ہیں۔ خوشی کا حصول نہ ہونا۔
رفع رجعت و نحوست مریخ	بات بے بات لڑائی جھگڑا اور دنگا فساد طبع کا آمادہ رہنا اور آگے کی بجائے پیچھے کی طرف جانا، زندگی میں بے مقصد جھگڑوں اور حادثات کا علاج۔
رفع رجعت و نحوست مشتری	افراد اپنی زندگی میں رزق کی تنگی اور روزی میں برکت نہ ہونے کی شکایت کرتا ہوا پایا جاتا ہے۔ ٹک کر کام نہ ملنا، کسی بزنس یا نوکری میں کامیابی نہ ملنا۔
رفع رجعت و نحوست زحل	زندگی میں تاخیر، التواء اور رکاوٹیں ایک لازمی امر ہے۔ زندگی میں ٹھہراؤ کی کمی ہو اور اہم معاملات مستقل بنیادوں پر حل نہ ہوتے ہوں۔ لاعلاج مسائل
رفع نحوست راس (راہو)	زندگی میں پے در پے ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے خواہشات حسرتیں بن کر رہ جاتی ہیں۔ کمتر اور نچلے درجے کے لوگوں کے ہاتھوں ذلت۔
رفع نحوست ذنب (کیتو)	لڑائی جھگڑا، نقصان، حادثہ، پریشانی، جان لیوا مرض غرضیکہ گھٹیا قسم کے حالات سے دوچار ہونا۔ گھٹیا اور چھوٹے قسم کے لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے اور خواری۔
رفع رجعت و نحوست یورانس	انسان ناگہانی آفات اور مصیبتوں کے گھیرے میں رہتا ہے۔ کسی نہ کسی انداز میں جدید آلات کے استعمال میں نقصان ہوتا رہتا ہے۔
رفع رجعت و نحوست نیپچون	فرد حقیقی دنیا میں کم اور خیالی دنیا میں زیادہ وقت گزارتا ہے۔ ایسے لوگ اپنے آپ کو نشہ اور دیگر ایسی بُری عادتوں کا شکار کر لیتے ہیں۔
رفع رجعت و نحوست پلوٹو	فرد ایسی شدت پسندی کا شکار ہو جاتا ہے کہ جو صرف اور صرف اُس کو مایوسی اور ناکامی کے اندھیروں میں دھکیل دیتی ہے۔

تحریر: سید عرفان، اسلام آباد

برج میزان

مختصر منسوبات

جنسی خواص	عنصری خواص	جسدی خواص
مذکر	بادی	منقلب
حاکم کوکب	مخصوص دن	مخصوص حروف
زہرہ	جمعہ، اتوار، منگل	ر، ت، ط
جسم کا حصہ	مخصوص رنگ	مخصوص پتھر
کولہے	پیلا، نارنجی، گندمی	ہیرا، موتی

موزوں کھانے:۔

سٹرابری، آلو بخارہ

موزوں کھیل/شوق:۔

آرٹ، کھانے پکانے، کرکٹ، ڈانس، سجاوٹ، پھول، میل جول، شاپنگ۔

موزوں جڑی بوٹیاں اور پودے:۔

سیب، شاہ بلوت، نرگس کا پھول، مروارید، سوسن، پودینہ اجوائن، آلو، گلاب، اخروٹ۔

پیشہ:۔

شادی گھر، شادی کرانے کا کاروبار، تعلقات عامہ، درآمد و برآمد، شراکتی کاروبار، وکیل، جج، قانون دان، نوح وسیاست، جیولری، علم و ادب، درس و تدریس، اکاؤنٹس، آرائش، مجسمہ سازی، ملبوسات کی ڈیزائننگ، فوٹو گرافی، کھانے پینے کا کاروبار، کالم نگاری، موسیقی، ناچ گانا، انٹیریئر ڈیکوریشن، خوشبو کا کاروبار۔

عام خصوصیات

میزان افراد خوشگوار اور دل کش شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کے لیے تعلقات بہت اہم ہوتے ہیں۔ یہ دوسروں کے بغیر خود کو نا مکمل محسوس کرتے ہیں۔ یہ بہت اچھے میزبان ہوتے ہیں اور ہر چیز میں تناسب رکھنا پسند کرتے ہیں۔ یہ آرام طلب ہوتے ہیں۔

موزوں حالات/منسوبات:۔

پہاڑ کی چوٹی یا سائیڈ، قانونی معاہدہ شراکت، خاتون عدالتیں، خوبصورت اور پرتعیش مکانات، گھروں کے اندرونی کمرے شادی، اداکار، سٹوری لکھنے والے، انٹیریئر ڈیکوریٹر، نائی، فنون لطیفہ سے متعلق افراد۔

موزوں اشیاء:۔

تیل، پینٹنگ، پرفیوم۔

صحت:۔

میزان افراد اپنے غلط فیصلوں کی وجہ سے پریشانی اٹھاتے ہیں اور پشیمانی میں مایوس اور غصے کا شکار رہتے ہیں اور اس وجہ سے بیمار ہوتے ہیں۔

محبت کے معاملات:۔

محبت ان کی زندگی میں بہت اہم ہوتی ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ

لوح رفع رجعت ونحوست زحل

ایسے تمام افراد جن کی زندگی میں تاخیر، التواء اور رکاوٹیں ایک لازمی امر ہے تو وہ یہ بات جان لیں کہ ان کے پیدائشی زائچہ میں زحل کا حالت رجعت ونحوست میں ہونا بھی اسی طرح لازم ہے۔ غربت اور تنگ دستی کے شکار لوگ بھی رجعت ونحوست زحل کے تحت آتے ہیں۔ وہ تمام افراد جو کسی نہ کسی طرح زمین کی خرید وفروخت یا ایسا کوئی بھی شعبہ جو زمین سے منسلک ہو میں ہیں اور ان کو اپنے شعبہ میں خاطر خواہ کامیابی کی بجائے خاطر خواہ نقصان ہو تو ان کو بھی اس بات کو سمجھ لینا چاہیے کہ زحل ان کے زائچہ پیدائش میں حالت رجعت ونحوست میں ہے۔ خاص طور پر ان افراد کو خصوصی طور پر لوح رجعت ونحوست زحل کی ضرورت ہے جن کی زندگی میں ٹھہراؤ کی کمی ہو اور اہم معاملات مستقل بنیادوں پر حل نہ ہوتے ہوں۔ سو آج ہی لوح رفع رجعت ونحوست زحل بنوائیں اور زندگی کے امتحانوں کو ثابت قدمی سے پار کرتے جائیں۔

ان کی زندگی میں کسی کے ساتھ خاص رشتہ قائم رہے۔ ان افراد کے لیے اپنے جذبات کا خیال رکھنے والوں کے ساتھ تعلقات رکھنا زندگی گزارنے کے لیے ضروری ہے۔

مثبت خصوصیات

میزان افراد امن پسند ہوتے ہیں اور امن اور برابری ہر صورت میں رکھنا چاہتے ہیں۔ انصاف کرنا جانتے ہیں۔ اگر ضرورت پڑ جائے تو میزان افراد سمجھوتا بھی کر لیتے ہیں۔ خاص طور پر اس وقت جب جھگڑے کا خطرہ ہو یا تعلقات خراب ہونے کا خدشہ ہو۔ میزان افراد بعض اوقات دوسروں کو سمجھوتے کرنے پر تیار کر لیتے ہیں۔ یہ افراد اور معاشرے میں ہم آہنگی اور برابری قائم رکھنے کی صلاحیتوں سے مالا مال ہوتے ہیں۔ حکمت عملی کی صلاحیت کے حامل ہوتے ہیں۔ مثالیت پسند ہوتے ہیں۔ دور کی نظر رکھتے ہیں اور شائستہ مزاج ہوتے ہیں۔

ان کے لیے زندگی میں پیار/ محبت کے بغیر گزارا مشکل ہوتا ہے اور یہ جن سے پیار کرتے ہیں۔ ان کو خوش رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔

یہ آرام طلب، امن پسند اور دوسروں کو خوش رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

منفی خصوصیات

میزان افراد کے لیے کوئی بھی فیصلہ کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ ان کا نقطہ نظر ایک جگہ سے دوسری جگہ فوراً منتقل ہوتا ہے۔ حالات تبدیل ہو جاتے ہیں۔ اس وجہ سے یہ قابل بھروسہ نہیں سمجھے جاتے۔ یہ لوگ دوہری شخصیت کے مالک اور خود غرض بھی سمجھے جاتے ہیں۔ میزان افراد جو حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ حاصل کر کے رہتے ہیں۔ اس لیے وہ فریب کا جال بچھاتے ہیں۔ اگر ان کی مرضی کے خلاف کام پر مجبور کر دیا جائے تو سستی سے کام کرتے ہیں۔ یہ افراد جلد دوسروں سے ناراض ہو جاتے ہیں۔ بدل جاتے ہیں۔ دوسروں کا اثر جلد قبول کرتے ہیں۔ اور تھوڑی سے تعریف سے ان کا دماغ خراب ہو جاتا ہے۔

